

القرآن الكريم

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿إِنَّ هَذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ﴾

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو سارے جہان کا پالنے والا ہے۔ اور اللہ کی رحمت و سلامتی ہو محمد مصطفی ﷺ اور ان کی آل و اصحاب پر۔ امابعد!

عربی سے ناواقف مسلمانوں کو (خاص کر اس دور میں) قرآنی علوم و معارف سے روشناس کرانے کے لیے دنیا کی اکثر زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم و تفاسیر لکھی گئیں۔ دیگر زبانوں کی طرح اردو زبان بھی ایک خاص حیثیت کی مالک ہے اس لیے اس میں بھی قرآن کریم کے مختلف اور متعدّد ترجمہ و تفسیر موجود ہیں۔ زیر نظر قرآن مجید میں حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ اسیر مالٹا کا مکمل ترجمہ موجود ہے۔ ان کی تفسیر بقدر چار پاروں کے ہے۔ باقی ۲۶ پاروں کی تفسیر مکمل کرنے سے پہلے حضرت مولانا محمود حسن رحمۃ اللہ علیہ انتقال کر گئے تھے۔ اس مکمل اردو ترجمہ کی حیثیت مروّجہ تراجم اور تفاسیر کے مقابلہ میں ایسی ہے جیسے ستاروں کے مقابلہ میں درخشاں چاند ہے۔

ہم دعا کرتے ہیں کہ اس کے ذریعہ ہدایت کی روشنی پھیلے۔ اس کا نفع عام ہو اور پڑھنے والوں کے لیے ایمان و اسلام میں ثابت قدمی اور دنیا و آخرت میں نجات کا سبب بنے۔ آمین

راقم کے دادا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ (سابق صدر جمعیت علمائے ہند) حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحبؒ کے شاگرد تھے اور اپنے استاد سے انتہائی محبت و عقیدت رکھتے تھے۔ ہمارے گھرانے میں ان کے واقعات عموماً سننے کو ملتے رہتے تھے۔ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحبؒ نے اردو ترجمہ قرآن ہندوستان کی تحریک آزادی میں شمولیت کے دوران مالٹا کی جیل میں لکھا۔ آپ نے قرآن کے اردو ترجمہ کے

مکمل کرنے کے بعد پہلے چار پاروں کی تفسیر بھی لکھی تھی۔ لیکن پھر جیل سے رہائی پانے کے بعد ہندوستان واپس آئے۔ اور کچھ عرصہ کے بعد وفات پا گئے۔

حضرت علامہ مولانا محمود حسنؒ کے بے مثال ترجمہ قرآن مجید کا پہلا ایڈیشن ۱۳۴۴ء مطابق ۱۹۲۵ء میں ہندوستان میں شائع ہوا تھا۔ اس میں ترجمہ کے ساتھ سورۃ البقرہ اور سورۃ النساء کے حواشی بھی حضرت شیخ الہندؒ ہی کے قلم سے تھے۔ باقی پورے قرآن شریف کے حواشی حضرت شاہ عبدالقادر محدث دہلویؒ کے تھے۔

پاکستان و سعودی عربیہ میں مولانا محمود حسنؒ کے ترجمہ کے ساتھ باقی ۲۶ پاروں کی تفسیر جو آپ کے مایہ ناز شاگرد شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانیؒ نے لکھی تھی۔ شائع ہوئی اور اب تک وہی قرآن مجید کا ترجمہ اور تفسیر مل رہی ہے۔ اور تفسیر عثمانی کے نام سے مشہور ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مولانا محمود حسنؒ کا ترجمہ مخفی ہو کر رہ گیا ہے۔ اور عام لوگوں میں مولانا محمود حسنؒ کے ترجمہ کی معلومات نہ ہیں اور شاید عموماً عوام الناس اسی کو شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ کا ترجمہ ہی سمجھتے ہیں۔

راقم نے اسی ارادہ اور نیت سے حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ کا ترجمہ شائع کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ عوام الناس مولانا محمود محسنؒ کے اصل ترجمہ قرآن کریم کے ساتھ متعارف ہو سکیں۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کی بارگاہ میں استدعا کرتا ہوں کہ اس ترجمہ قرآن کو مولانا محمود حسنؒ، راقم کے دادا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ، مولانا احمد علی لاہوریؒ، میرے اکابرین علماء لدھیانہ مولانا مفتی عبدالقادر لدھیانویؒ، مولانا سیف الرحمان لدھیانویؒ، مولانا مفتی محمد لدھیانویؒ، میرے پردادا مولانا مفتی عبداللہ لدھیانویؒ، مولانا عبدالعزیز لدھیانویؒ، مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانویؒ، مفتی رشید احمد لدھیانویؒ (بانی جامعۃ الرشید کراچی) اور میرے تایا مفتی ضیاء الحسن لدھیانویؒ اور میری، میرے والد صاحب، والدہ صاحبہ

مرحومہ، میری دادی صاحبہ مرحومہ، نانا مرحوم، نانی مرحومہ اور تمام اعزّہ واقارب کے لیے آخرت میں مغفرت و نجات کا سبب بنائے۔ اور میرے بعد میرے لواحقین کو دین کے کام جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں استدعا کرتا ہوں کہ اس ترجمہ قرآن کو میرے دادا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ (مہتمم مدرسہ اللہ والا لدھیانہ)، میرے والدین اور راقم اور اس کی اولاد اور اہل خانہ کی بخشش اور مغفرت اور ہماری اور ہمارے اعزّہ مرحومین کی بخشش اور مغفرت کا ذریعہ بنائے۔

مولانا عبید الرحمٰن جنہوں نے اس ترجمہ قرآن کریم کی کمپوزنگ اور ڈیزائننگ میں محنت کی ہے اللہ تعالیٰ اس ترجمہ قرآن کریم کو ان کی اور ان کے تمام اہل خانہ کی مغفرت و نجات کا ذریعہ بنائے۔ آمین یارب العالمین

مشہود مفتی

ترجمہ و حواشی قرآن مجید پر علمائے کرام کی رائیں

حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ کے بے مثال ترجمہ قرآن مجید کا پہلا ایڈیشن ۱۳۴۴ھ بمطابق ۱۹۲۵ء میں شائع ہوا۔ اس میں ترجمہ کے ساتھ ساتھ سورۃ البقرہ اور سورۃ النساء کے حواشی بھی حضرت شیخ الہندؒ ہی کے قلم سے تھے۔ باقی پورے قرآن کریم کے حواشی حضرت شاہ عبدالقادر محدث دہلویؒ کے تھے۔ ذیل میں اس کے پہلے ایڈیشن سے متعلق آراء درج کی جاتی ہیں:

شیخ الحدیث مولانا خلیل احمد سہارنپوری کی رائے

نفس ترجمہ کے متعلق مترجم رحمۃ اللہ علیہ کی طرف نسبت کے بعد مزید توصیف و توضیح کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس لیے کہ ترجمہ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ کا ہے۔ مولانا کا جامع العلوم، کنزالعلوم، بحرالعلوم ہونا ہر شخص پر روشن ہے۔ اس وجہ سے اس ترجمہ کی طباعت سے پہلے ہی شائقین سراپا انتظار ہیں۔

البتہ وہ خاص اہتمامات جو حضرت مؤلف نے اس ترجمہ میں فرمائے ہیں اور مقدمہ ترجمہ میں مختصراً ذکر فرمایا ہے۔ اجمالاً ان کی طرف اشارہ ضروری ہے۔ وہ خاص اہتمامات یہ ہیں:

۱. ترجمہ سلیس و مطلب خیز و بامحاورہ۔

۲. خلل لفظی و معنوی سے محفوظ۔

۳. مشہور اور مستعمل الفاظ کا خاص طور سے لحاظ فرمایا ہے۔

۴. ان اغلاط سے مبرّا جو آزادی پسند لوگوں کے ترجمہ سے عوام میں پھیل گئے ہیں۔

۵. اس ترجمہ کا ماخذ حضرت شاہ عبدالقادر صاحبؒ کے ترجمہ کو فرمایا اور گویا اس کی واضح شرح فرمائی۔

۶. اس ترجمہ میں محاورے کا اہتمام فرماتے ہوئے محاورات کو ترجمہ کے تابع فرمایا۔

۷. (یہ نہیں کہ) ترجمہ کو محاورات کے تابع کر کے خواہ مخواہ محاورات کا اضافہ کیا ہو۔

۸. باوجود اہتمام محاورہ کے ترتیب قرآنی کی بقاء کا حتمی الوسع اہتمام فرمایا ہے۔

۹. حواشی پر بھی شاہ صاحب کے حواشی موضح القرآن کی تفصیل و توضیح کما حقّہٗ فرمائی ہے۔

۱۰. موضح القرآن کے علاوہ مستقل حواشی مفیدہ ضروریہ کا بھی اہتمام فرمایا ہے۔

۱۱. حواشی پر مختصر اختلاف علماء کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ چونکہ فوائد اس کثرت اور استقلالِ عبارت کی وجہ سے مستقل ہو گئے ہیں۔ اسی لیے ان فوائد کا نام موضح الفرقان تجویز فرمایا ہے۔ وغیرہ وغیرہ

حکیم الامت حضرت مولانا حافظ حاجی اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد

مکرم بندہ سلمہ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ اوّلاً عنایت نامہ، ثانیاً پارہ الم مع نمونہ اشتہار قرآن مجید مترجم ترجمہ حضرت استاذی قدس اللہ سرہ پہنچ کر موجب حسرت و منت ہوا۔ آپ نے حسن ظن سے مجھ کو اظہارِ رائے کا امر فرمایا ہے۔ مگر غالباً آپ کو حضرت کا اور میرا تعلق معلوم نہیں۔ یا اس وقت ذہن میں نہیں رہا۔ ورنہ میرے لیے ایسی جسارت کو تجویز نہ فرماتے مجھ کو حضرت سے جو تعلق ہے جس کا نام "تلمذ" ہے۔ وہ علوم میں محض تقلید کا ہے نہ کہ تنقید کا۔ اور رائے اس کی شخص کی معتبر ہے جس کو حق تنقید ہو۔ ورنہ مقلد

کا کچھ کہنا قطع نظر اس کے خلاف مقتضائے "باوجودت زمن آواز نیاید کہ منم" ہونے کے سبب سوءِ ادب ہے، اس مضمون کا مصداق ہے:

مادحِ خورشید مداحِ خود است　　کہ دو چشم روشن و نامرمدست

خود ثنا گفتن زمن ترکِ ثناست　　کیں دلیلِ ہستی و ہستی خطاست

مولانا شبیر احمد صاحب عثمانیؒ شیخ التفسیر دارالعلوم دیوبند کی رائے

(قرآن مجید کا جو ایڈیشن ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۹۳۶ء میں شائع ہوا تھا اس میں حضرت مولانا محمود حسن کے ترجمہ اور سورۃ البقرہ اور سورۃ النساء کے حواشی کے علاوہ باقی ۲۶ پارہ کے حواشی مولانا شبیر احمد عثمانی نے لکھے تھے۔ مولانا شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ شیخ التفسیر دارالعلوم دیوبند کی مندرجہ ذیل رائے اسی میں شامل تھی۔)

حضرت الاستاذ العلامہ سید الطائفہ شیخ الہند مولانا الحاج المولوی محمود حسن صاحب عثمانی دیوبندی قدس سرہ کا ترجمہ قرآن جس کے ساتھ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے شغف کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ مالٹا جاتے ہوئے جس وقت جہاز کو ایک سخت خطرہ لاحق ہو گیا تو آپ نے تمام سامان سے قطع نظر کر کے صرف ترجمہ کے مسودہ کے اوراق ہمارے بھائی اور حضرت کے رفیق خادم مولوی عزیز گل صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سینہ سے باندھ دیے کہ شاید کوئی صورت بچاؤ کی نکل آئے۔ اور یہ اوراق ضیاع سے بچ جائیں۔

ترجمہ کی نسبت میں اس قدر کہہ سکتا ہوں کہ ہندوستان کے طول و عرض میں قرآن جو تراجم موجود ہیں۔ شاید ہی کوئی ہو گا۔ جو نہایت صحیح اور مستند ہونے کے باوجود اس قدر موجز، پر مغز، شگفتہ اور نظم قرآن کی پوری پوری رعایت کرنے والا ہو۔

شیخ التفسیر مولانا احمد علی صاحب لاہوری کی رائے

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله وكفى وسلام على عباده الذين اصطفى. أما بعد!

نظام عالم میں خیر و شر کے دو سلسلے چلے آرہے ہیں۔ انسانوں کی بھی دو قسمیں ہیں۔ بعض سلسلۂ خیر کی کڑی بنتے ہیں اور بعض سلسلۂ شر کی۔ وہ وجود مبارک ہیں جنہیں سلسلۂ خیر کی کڑی بننے کی توفیق نصیب ہو۔

سلسلۂ خیر کے غیر متناہی مدارج ہیں اور سب سے اعلیٰ و افضل درجۂ خیر یہ ہے کہ اشاعتِ قرآن حکیم کی توفیق عطا ہو۔ چنانچہ ارشادِ نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام" خیرکم من تعلم القرآن وعلمه" (تم میں بہترین شخص وہ ہے جو قرآن کریم سیکھے اور اس کو سکھائے) اس پر شاہد ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ سے احیاءِ دین کی جہاں اور بہت سی خدمات لیں وہاں آخر عمر میں اسیر مالٹا بنا کر خلق اللہ کے ازدحام سے چھڑوا کر تخلیہ میں بٹھایا اور فرقانِ حمید کا بہترین ترجمہ کروایا۔ سورۃ البقرہ اور سورۃ النساء کے حواشی بھی لکھوائے۔۔۔۔ دعائے خیر کرتا ہوں کہ یہ خدمت ان حضرات کے لیے نجات آخرت کا ذریعہ ہو۔ اور سب مسلمانوں کے لیے ذریعہ ہدایت ہو جائے۔ آمین یاالہ العالمین۔

احقر الانام: احمد علی عفی عنہ

(امیر انجمن خدام الدین لاہور)

مقدمہ

از شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خدا در انتظارِ حمدِ ما نیست　　محمد چشم بر راہِ ثنا نیست
خدا مدح آفرینِ مصطفیٰ بس　　محمد حامدِ حمدِ خدا بس
مناجاتے اگر باید بیاں کرد　　بہ بیتے ہم قناعت می تواں کرد
محمد از تو می خواہم خدا را　　خدایا از تو عشقِ مصطفیٰ را
دگر لب وا مکن مظہر فضولیست　　سخن از حاجت افزوں تر فضولیست

امابعد! بندہ آثم وعاجز محمود ابن مولوی ذوالفقار علی دیوبند ضلع سہانپور کا رہنے والا غفراللہ تعالیٰ لہٗ ولوالدیہ عرض کرتا ہے کہ بعض احباب اور مکرمین نے بندہ سے درخواست کی کہ قرآن شریف کا ترجمہ سلیس مطلب خیز اردو زبان میں مناسب حالِ اہل زمانہ کیا جائے جس سے دیکھنے والوں کو فائدہ پہنچے اور وہ نقصان اور خلل اور لفظی و معنوی اغلاط جو بعض آزادی پسند صاحبوں کے ترجمہ سے لوگوں میں پھیل رہی ہیں ان سے بچاؤ کی صورت نکل آئے۔ اس عاجز نے اس درخواست کے جواب میں اپنی بے بضاعتی کے علاوہ یہ عرض کیا کہ اول تو مقدسین اکابر کے فارسی اردو کے متعدّد تراجم موجود ہیں، اس کے علاوہ علمائے متدیّنین زمانہ حال کے متعدّد تراجم یکے بعد دیگرے شائع ہو چکے ہیں جو لوگوں کو مذکورہ بالا خرابیوں سے بچانے کے لیے کافی ووافی وشافی ہیں۔ چنانچہ بندہ کے احباب میں بھی اوّل مولوی عاشق الٰہی صاحب سلّمہ ساکن میرٹھ نے ترجمہ کیا۔ اس کے بعد مولانا اشرف علی صاحب سلّمہ اللہ نے ترجمہ کیا۔ احقر نے دونوں ترجموں کو تفصیل سے دیکھا ہے جو ان خرابیوں سے پاک صاف ہیں اور عمدہ ترجمے ہیں۔ پھر اب کسی جدید اردو ترجمہ کی

کیا حاجت ہے بجز اس کے کہ اسمائے مترجمین میں ایک نام اور زیادہ ہو جائے اور کوئی نفع نہیں معلوم ہوتا۔ مگر مکرّمین احباب نے اس پر بھی بس نہ کی اور اسی اصرار پر قائم رہے تو مجبور ہو کر مجھ کو یہ عرض کرنا پڑا کہ اس وقت تک میرے خیال میں کوئی ایسا نفع نہیں آیا کہ جس کی وجہ سے جدید ترجمہ کی جرأت اور ہمت کروں۔ اب آپ کے اصرار پر احقر تراجم قدیمہ اور جدیدہ کو بنامِ خدا غور سے دیکھتا ہے، اس کے بعد اگر کوئی نفع سمجھ میں آیا تو اس کے موافق آپ صاحبوں کے فرمانے کی تعمیل کا ارادہ کروں گا ورنہ معذور ہوں۔ اس کے بعد حضرت مولانا شاہ ولی اللہ اور مولانا شاہ رفیع الدین اور مولانا شاہ عبدالقادر قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے تراجم کو جو غور سے دیکھا تو یہ امر تو بے تامل معلوم ہو گیا کہ اگر یہ مقدسین اکابر قرآن شریف کی اس ضروری خدمت کو انجام نہ دے جاتے تو اس شدتِ ضرورت کے وقت میں ترجمہ کرنا بہت دشوار ہوتا۔ علماء کو صحیح اور معتبر ترجمہ کرنے کے لیے متعدّد تفاسیر کا مطالعہ کرنا پڑتا اور بہت ہی فکر کرنا ہوتا اور ان وقتوں کے بعد بھی شاید ایسا ترجمہ نہ کر سکتے جیسا اب کر سکتے ہیں۔ پھر بھی کوئی اللہ کا بندہ ایسا ہوتا تو ہوتا کہ کمال علم وتدیّن کے ساتھ اس مشقت کو گوارا کر کے اس خدمت کو کما ینبغی انجام دینے کے لئے موفق ہوتا۔

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھیے کہ اس بے نظیر علمی وعملی کمالات پر جو انہوں نے اپنے اوپر حق سبحانہ وتعالیٰ کے انعامات متعدّد رسالوں میں بیان فرمائے ہیں ان انعاماتِ عظیمہ میں یہ ترجمہ مسمی بہ فتح الرحمٰن بھی داخل ہے اور عاجز نے اپنے بعض مرحوم بزرگواروں سے سنا ہے کہ مولانا شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ جب موضح قرآن لکھ چکے تو فارسی کا ایک شعر تھوڑا سا تصرف کر کے اس طرح پڑھتے تھے۔ شعر

روزِ قیامت ہر کسے باخویش دارد نامۂ
من نیز حاضر می شوم تفسیرِ قرآں در بغل

اس سے اُن حضرات مرحومین کا کمال علم وتدیّن تو معلوم ہوتا ہی ہے اسی کے ساتھ قرآن شریف کے صحیح تراجم کے عظمت اور ضرورت بھی ظاہر ہوتی ہے۔

بالجملہ اگر اکابر مرحومین ہماری ضرورت اور منفعت کو احساس فرما کر پہلے ہی سے اس کا انتظام نہ کر جاتے تو آج اس

کثرت اور سہولت کے ساتھ ہم کو تراجم کلامِ الٰہی اچھے سے اچھے ہرگز میسر نہ ہوتے اور کچھ عجب نہ تھا کہ جیسے خود ہندوستان میں بہت سی زبانیں اور دیگر ممالک میں مسلمانوں کی بڑی بڑی قومیں اس نعمت اور عزت سے خالی یا مثل خالی کے ہیں ہم بھی اسی نکبت میں مبتلا ہوتے۔ فجزاهم الله عنا وعن جميع المسلمين احسن الجزاء وافضل الجزاء والحمدالله

اسی کے ساتھ یہ بات بھی دل نشین ہوگئی کہ ہرچند ترجمہ تحت لفظی میں بعض خاص فائدے ہیں مگر ترجمہ سے جو اصلی فائدہ اور بڑی غرض یہ ہے کہ ہندوستانیوں کو قرآن شریف کا سمجھنا آسان ہوجائے، یہ غرض جس قدر بامحاورہ ترجمہ سے حاصل ہوسکتی ہے تحت لفظی ترجمہ سے کسی طرح ممکن نہیں۔

چنانچہ شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ جو بامحاورہ ترجمہ کے بانی اور امام ہیں انہوں بامحاورہ ترجمہ کو اختیار فرمانے کی یہی وجہ بیان کی ہے۔ اور یہی وجہ ہے جو اسلاف ممدوحین کے بعد اس زمانہ میں جس نے اس میدان میں قدم رکھا اس نے جناب شاہ صاحب ممدوح کا اتباع کیا اور بامحاورہ ترجمہ کرنے کو اختیار کیا جس پر کسی کا شعر یاد آتا ہے۔ شعر

ہر مرغ کہ پرزد تمنائے اسیری
اول بشگوں کرد طواف قفس ما

اور یہ امر بھی خوب معلوم ہوگیا کہ جیسے حضرت شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ کا یہ کمال ہے کہ تحت لفظی ترجمہ کا التزام کرکے ایک ضروری حد تک سہولت اور مطلب خیزی کو بھی ہاتھ سے نہیں جانے دیا۔ ایسے ہی حضرت مولانا عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کا یہ کمال ہے کہ بامحاورہ ترجمہ کا پورا پابند ہوکر پھر نظم وترتیبِ کلماتِ قرآنی اور معانی لغویہ کو اس حد تک نباہا ہے کہ زیادہ کہتے ہوئے توڈرتا ہوں مگر اتنا ضرور کہتا ہوں کہ ہم جیسوں کا ہرگز کام نہیں۔ اگر ہم ان کے کلام کی خوبیوں کو اور ان اغراض اور اشارات کو جو ان کے سیدھے سیدھے مختصر الفاظ میں ہیں سمجھ جائیں تو ہم جیسوں کے فخر کے لیے یہ امر بھی کافی ہے۔

اس کے بعد اب ہم کو ضرور ہوا کہ خاص طور پر حضرت شاہ مولانا عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ بامحاورہ مسمی بہ

موضح قرآن کو دیکھ کر اول یہ سمجھیں کہ جناب شاہ صاحب ممدوح کا ترجمہ جس کا اپنی نوعیت میں اول وافضل ہونا جملہ اہل علم وفہم ہم اور ارباب انصاف و دیانت کو مسلّم ہے، اس میں ایسے امور کیا ہیں جن کی وجہ سے ہم کو دوسرے کسی ترجمہ کی ضرورت ہو۔ پھر یہ دیکھیں کہ جو تراجم جدیدہ اس زمانہ میں شائع ہو چکے ہیں ان سے ہماری وہ ضرورت پوری ہوگئی یا اب تک کچھ باقی ہے کہ جس کے پورا کرنے کے لیے اور ترجمہ کی ابھی تک حاجت چلی جاتی ہے۔

امر اول کی بابت جہاں تک ہم نے ملاحظہ کیا اور دیگر حضرات نے بھی اس کی تصدیق فرمائی کل دو باتیں ایسی پائیں جس کی وجہ سے عام طور پر لوگ ترجمہ موصوف سے نفع اٹھانے میں قاصر ہیں:

۱. اول بعض کلمات محاورات کا اس زمانہ میں متروک یا قریب بمتروک ہو جانا۔

۲. دوسرے چونکہ حضرت شاہ صاحب مرحوم کلماتِ قرآنی کی موافقت اور مطابقت کا خیال زیادہ فرماتے ہیں اور شرائط ترجمہ کی پابندی بہت کرتے ہیں۔ اس لیے بعض مواقع میں بوجہ اختصار عبارت آج کل کی سہولت پسند طبائع کو مطلب سمجھنے میں بہت دقّت معلوم ہوتی ہے۔

باقی رہا امر ثانی تو یہ بات تو سب جانتے ہیں کہ اس زمانہ میں اردو بامحاورہ طرز پر بکثرت تراجم یکے بعد دیگرے شائع ہو چکے ہیں۔ سو ان میں بالیقین بعض ایسے تراجم بھی ہیں جو علمائے معتبر اہل علم و دیانت کی بوجہ اللہ سعی کا نتیجہ ہے اور بعض بعض کو ہم نے بھی تفصیلی نظر سے دیکھا ہے۔ ہمارے نزدیک وہ تراجم بے شک ہماری اس حاجت کے پورا کرنے کے لئے کافی ہیں۔ جو اس زمانہ میں حضرت شاہ صاحب رحمہ کے بے نظیر ترجمہ میں اہل زمانہ کو پیش آ رہی تھی۔ جزاهم الله سبحانه عنا وعن جميع مسلمي الهند خيرا

اور ان اغلاط و مفاسد سے بچانے کے لئے بھی مفید ہیں جو بعض آزاد خیال صاحبوں کے تراجم میں موجود ہیں۔ اس لیے امر ثانی کی بابت اس عاجز کی یہ رائے ہے کہ وہ نزاکت و لطافت اور وہ ہر امر کی رعایت جو حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ کے ترجمہ کے امتیازات اور خصوصیات میں شمار ہوتی ہیں ان کا تو ذکر نہیں۔ باقی وہ امر جو ترجمہ سے مقصود اصلی اور غرض ضروری ہے یعنی کلامِ الٰہی جل جلالہٗ کا صحیح مطلب سلف صالحین کے ارشادات کے موافق سہولت کے ساتھ

مسلمانانِ ہند کی سمجھ میں آسکے۔ اس امر کے لیے تراجم جدیدہ جو اہل علم و دیانت کی توجہ سے شائع ہو چکے ہیں وہ بالکل کافی اور وافی ہیں۔ ہم کو کسی جدید ترجمہ کی اس وقت حاجت نہیں رہی۔ شکر اللہ تعالیٰ مساعیھم

ہم فخر و مسرت کے ساتھ حق سبحانہ و تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ہمارے معتبر علماء کی حُسنِ سعی سے تراجم مفیدہ قدیمہ و جدیدہ اتنے شائع ہو چکے ہیں کہ ایسے اور اتنے تراجم ہم کو کسی عجمی زبان میں نظر نہیں آتے۔ ذالک من فضل اللہ علینا

اب اس کے بعد یہ بات تو بحمد اللہ ہم کو خوب محقق اور منقح ہو گئی کہ تراجم موجودہ صحیحہ معتبرہ کے ہوتے ہمارا جدید ترجمہ کرنا لہو لگا کر شہیدوں میں شامل ہونا ہے۔ جس سے نہ مسلمانوں کو کوئی نفع معتبر پہنچ سکتا ہے نہ ہم کو۔ بلکہ جب ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ ہمارا جدید ترجمہ کرنا گویا زبان حال سے یہ کہنا ہے کہ تراجم موجودہ میں کوئی خلل ہے جس کا تدارک کیا جاتا ہے یا ہمارے ترجمہ میں کوئی خوبی اور منفعت زائد ہے۔ جس کی وجہ سے جدید ترجمہ کی حاجت ہوئی تو ہم کو جدید ترجمہ کرنا فضول سے بڑھ کر نہایت مذموم اور مکروہ تک نظر آتا ہے۔ نعوذ باللہ من شرور انفسنا

خیر یہ بات تو خوب دلنشین ہو گئی، اور ظاہر ہے کہ اس کا مقتضیٰ یہ تھا کہ ترجمہ کلامِ الٰہی کے متعلق اب ہم کچھ ارادہ نہ کرتے مگر اس چھان بین اور دیکھ بھال میں تقدیر الٰہی سے یہ بات دل میں جم گئی کہ حضرت شاہ صاحب کا افضل و مقبول و مفید ترجمہ رفتہ رفتہ تقویم پارینہ نہ ہو جائے۔ یہ کس قدر ناقدردانی اور بدقسمتی بلکہ کفرانِ نعمت ہے۔ اور وہ بھی سرسری عذر کی وجہ سے اور عذر بھی وہ جس میں ترجمہ کا کوئی قصور نہیں۔ اگر قصور ہے تو لوگوں کی طلب کا قصور ہے۔ اگر دیکھنے والے غور سے دیکھیں اور جو غور کے بعد بھی سمجھ میں نہ آئے اس کو جاننے والوں سے دریافت کریں تو پھر سب کام سہل ہو جائے۔ چنانچہ حضرت ممدوح نے خود شروع میں لکھ دیا ہے کہ قرآن شریف کے معنی بغیر سند کے معتبر نہیں اور بغیر استاد کے معلوم نہیں ہوتے۔

علاوہ ازیں عوام کو یہ دشواری تو سب ترجموں میں پیش آتی ہے حضرت شاہ صاحب کے ترجمہ میں کچھ زیادہ سہی۔ اس لیے اس ننگِ خلائق کو یہ خیال ہوا کہ حضرت شاہ صاحب ممدوح کے مبارک مفید ترجمہ میں لوگوں کو جو کل دو

خلجان ہیں یعنی ایک بعض الفاظ و محاورات کا متروک ہو جانا۔ دوسرے بعض بعض مواقع میں ترجمہ کے الفاظ کا مختصر ہونا۔ جو اصل میں تو ترجمہ کی خوبی تھی مگر ابنائے زمانہ کی سہولت پسندی اور مذاق طبیعت کی بدولت اب یہاں تک نوبت آگئی کہ جس سے ایسے مفید و قابل قدر ترجمہ کے متروک ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ سو اگر غور و احتیاط کے ساتھ ان الفاظ متروکہ کی جگہ الفاظِ مستعملہ لے لیے جائیں اور اختصار و اجمال کے موقعوں کو تدبر کے ساتھ کوئی لفظ مختصر زائد کر کے کچھ کھول دیا جائے تو پھر ان شاءاللہ حضرت شاہ صاحب کا یہ صدقہ فاضلہ بھی جاری رہ سکتا ہے اور مسلمانانِ ہند بھی اس کے فوائد مخصوصہ سے خالی نہ رہ جائیں گے۔

اس مضمون کو سوچ سمجھ کر جو اپنے مکرمین مخلصین کی خدمت میں پیش کیا تو ان حضرات نے بھی اس عاجز کی رائے سے اتفاق ظاہر فرمایا۔ اور یہی بات دل نشین ہو گئی کہ مستقل ترجمہ سے یہ امر زیادہ مناسب اور مفید ہے کہ موضح قرآن میں جو شکایت پیدا ہو گئی ہے اس کے رفع کرنے میں کوشش کی جائے۔ جب یہاں تک نوبت پہنچ چکی تو یہ عاجز بنامِ خدا اس خدمت کے انجام دینے کے لیے تیار ہو بیٹھا۔ گویا دوشالا میں کمبل سے جگہ جگہ رفو کرنے کا ارادہ کر دیا۔ جب ایک ثلث قرآن کا ترجمہ کر چکا تو بوجہ بعض عوارض ایسا طول طویل حرج پیش آیا کہ ترجمہ کی تکمیل کی توقع بھی دشوار ہو گئی۔ مگر بتوفیق الٰہی عین ایام حرج میں اتنا اطمینان نصیب ہو گیا کہ ترجمہ موصوف بالاطمینان ۱۳۳۶ھ میں پورا کر لیا۔ ان ربی لطیف لما یشاء، والحمد اللہ

اب حق تعالیٰ کو منظور ہے تو انہی احباب مکرمین کی خدمت میں اس ترجمہ کو پیش کر کے تفصیلی نظر کی درخواست کریں گے۔ اگر ہماری یہ پیوند کاری ان حضرات کے نزدیک مفید و مناسب سمجھی گئی تو ان شاءاللہ شائع بھی ہو جائے گا۔ ورنہ مجبوراً جہاں ہے وہیں رہے گا۔ شعر

گو نالہ نارسا ہو نہ ہو آہ میں اثر
میں نے تو درگزر نہ کی جو مجھ سے ہو سکا

اب اس کے بعد مناسب ہے کہ حضرت شاہ صاحب کے اصل ترجمہ کی بابت اور نیز اپنی ترمیم کے متعلق چند

ضروری مفید باتیں عرض کر دی جائیں جن سے دیکھنے والوں کو بالاجمال دونوں ترجموں کی حالت اور کیفیت بھی معلوم ہوجائے اور بعض شبہات جن کے پیش آنے کا کھٹکا ہوتا ہے وہ بھی دفع ہوجائیں۔

سو حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ نے شروع میں اپنے ترجمہ کی نسبت اتنا مضمون تو خود فرمادیا ہے کہ ہندی اور عربی زبان کا محاورہ ہرگز موافق نہیں۔ اس لیے اگر قرآن شریف کی ترتیب کے موافق ہر ہر لفظ کا جدا جدا ترجمہ کیا جائے یعنی تحت لفظی، تو ہندیوں کی سمجھ میں آنا دشوار ہو۔ اس لیے ہم نے مجموعہ آیت کی پابندی کی ہے، ہر ہر لفظ کی پابندی نہیں کی۔ یعنی ہندی محاورہ کے موافق ترجمہ کیا ہے، تحت لفظی نہیں کیا۔

یہ حضرت ممدوح کے ارشاد کا خلاصہ ہے مگر اس میں اجمال بہت ہے۔ اس ارشاد سے یہ تو معلوم ہو گیا کہ حضرت ممدوح اپنے ترجمہ میں ہر ہر لفظ کی پابندی نہ کریں گے۔ ہاں آیت کی پابندی ضرور ہے مگر یہ معلوم نہیں ہوا کہ اس عدمِ پابندی کی کیا حد ہے اور کہاں تک اس عدمِ پابندی کو حضرت ممدوح نے اپنے ترجمہ میں اختیار اور استعمال فرمایا ہے اور کتنی تقدیم و تاخیر کو جائز رکھا ہے۔ یعنی بقدرِ ضرورت و حاجت کسی لفظ کو آگے یا پیچھے کر لیا ہے یا صرف آیت کے احاطہ میں رہ کر پھر کسی تقدیم و تاخیر کی پرواہ نہیں کی، تھوڑی ہو یا زیادہ ضروری ہو یا غیر ضروری ایک تغیر ہو یا متعدّد۔ اس کے سوا حضرت شاہ صاحب رحمہ نے یہ امر اجمالاً بھی نہیں بیان کیا کہ ہم نے اپنے ترجمہ میں کس کس امر کا خیال رکھا ہے اور اس میں کیا کیا خوبیاں اور فوائد ہیں۔ سو احقر ان دونوں باتوں کو مفید سمجھ کر ان کی نسبت کچھ کچھ عرض کرنا چاہتا ہے۔

سو یہ بات تو سب پر ظاہر ہے کہ احقر اس کے متعلق جو کچھ بھی عرض کرے گا وہ موضح قرآن ہی کی عبارت سے مستنبط ہوگا۔ اس کے سوا ہمارے لیے اور کیا امر ذریعہ علم ہو سکتا ہے۔ بعینہٖ جیسا کہ حضرات علماء کرام نے امیر المؤمنین فی الحدیث امام بخاری رحمہ اللہ کی خود کتاب صحیح بخاری سے استنباط کر کے ان کی شروط و قیود و اغراض کو بیان فرمادیا ہے۔

سو امرِ اول کی نسبت یہ عرض ہے کہ حضرت شاہ صاحب ترتیب قرآن کا بہت خیال رکھتے ہیں اور اصل ترجمہ کی مطابقت میں بہت زیادہ سعی فرماتے ہیں، مگر چونکہ ترجمہ بامحاورہ کا التزام کیا ہے اس لیے بضرورت توضیح و تسہیل بعض مواقع میں تقدیم و تاخیر لازم ہے۔ مگر جیسا کہ آٹے میں نمک یہ نہیں کہ آخر کا ترجمہ اول اور اول کا آخر ہو جائے۔

الغرض فصل بعید سے احتراز رکھتے ہیں۔ الا ماشاء اللہ۔ کسی خاص ضرورت کے وقت میں دو تین کلموں کا فصل ہو جائے اور وہ بھی النادر کالمعدوم۔ دیکھیے عربی زبان میں مضاف کو مقدم ذکر کرتے ہیں۔ اور اردو کا محاورہ یہ ہے کہ مضاف الیہ کو مقدم کرتے ہیں۔ وہ "غلامُ زیدٍ" کہتے ہیں۔ تو ان کے محاورہ میں "زید کا غلام" کہیں گے۔ ترتیب تو بدل گئی مگر دونوں کلمے متّصل ہی رہے فاصلہ اور فرق کچھ نہیں ہوا۔ اس لیے حاجت کے وقت یہ تغیر کچھ تغیر نہیں سمجھا جاتا۔ اس قسم کی مثالیں شاہ صاحب کے ترجمہ میں کثرت سے ملیں گی۔ مثلاً: "علیٰ قلوبھم وعلیٰ سمعھم وعلیٰ ابصارھم" کا ترجمہ بامحاورہ کریں گے تو: "ان کے دل پر اور ان کے کان پر اور ان کی آنکھوں پر" کیا جائے گا۔ اور ترجمہ تحت لفظی میں "اوپر دلوں ان کے کے اور اوپر کانوں ان کے کے اور اوپر آنکھوں ان کی کے" کہنا پڑے گا۔ مگر سب جانتے ہیں کہ ایسے اختلاف جتنے بھی ہوں ان میں کوئی حرج نہیں بلکہ ضروری ہیں۔ بامحاورہ ترجمہ کرنے والے کو اس سے مفر نہیں۔

لیکن حضرت شاہ صاحب کی احتیاط قابل تحسین اور لائق قدر ہے کہ اس پر بھی ہر جگہ مضاف الیہ کو مقدم نہیں کرتے۔ بلکہ جہاں ترجمہ میں ذرا گنجائش مل جاتی ہے وہاں اتنے قلیل تغیر کو بھی پسند نہیں کرتے۔ ترتیب قرآنی ہی کو اختیار فرماتے ہیں۔ دیکھو "الحمد للہ رب العالمین" میں چونکہ "رب العالمین" کا ترجمہ اصلی ترتیب پر رکھا اور "مالک یوم الدین" بھی صفت واقع ہوا ہے مگر اس میں دو اضافتیں مجتمع ہیں۔ اول اضافت میں اصلی ترتیب باقی رکھنے کی گنجائش ہے۔ دوسری اضافت میں نہیں۔ اس لیے ترجمہ میں "مالک" کا ترجمہ حاصل کے موافق مقدم رکھا اور "یوم" کے ترجمہ کو محاورہ اردو کے موافق "دین" سے مؤخر کر دیا۔ چنانچہ سب پر ظاہر ہے اس میں کسی کو تردد نہیں، صرف توضیح اور تسہیل کی غرض سے ہم نے عرض کر دیا۔ لیکن بعض مقامات ایسے بھی ہیں کہ وہاں محاورہ اردو کے ساتھ ترتیب قرآنی کا لحاظ رکھنا دشوار ہے۔ حضرت شاہ صاحب ان مقامات میں بھی اپنی غائر اور باریک بین نظر سے ایسا اسلوب اختیار فرماتے ہیں کہ محاورہ کی پابندی کے ساتھ ترتیب بھی باقی رہے، یا فرق آئے تو خفیف و لطیف۔

بعینہٖ یہی حال ہے فعل اور فاعل اور مفعول اور جمیع متعلقات فعل کا۔ اور صفت موصوف، حال، تمیز وغیرہ کا کہ اکثر مواقع میں ترتیب کی موافقت فرماتے ہیں اور بہت سے مواقع میں اسی تغیر لطیف مذکورہ بالا سے کام لیتے ہیں۔

اور سنیے حروفِ روابط جن کو حروفِ جر بھی کہتے ہیں۔ جیسے ل، ب، علیٰ، الیٰ، من، عن، فی بہت کثرت سے مستعمل ہیں۔ مگر کلامِ عرب میں یہ حروف ہمیشہ اپنے معمول پر مقدم ہوتے ہیں۔ اور ہمارے محاورہ میں علی العموم مؤخر بولے جاتے ہیں، مگر شاذ و نادر لیکن ان میں بعض تو ایسے ہیں کہ ان کا مؤخر ہونا ضروری ہے۔ ہماری زبان میں ان کو مقدم لانے کی کوئی صورت ہی نہیں۔ جیسے من اور عن سب کو معلوم ہے کہ "مما رزقنٰھم" کے ترجمہ میں اردو زبان کے اندر ممکن نہیں کہ من کا ترجمہ مقدم ہو سکے اور ترتیب قرآنی کی موافقت کی جا سکے۔

ایسے ہی "لا تجزی نفسٌ عن نفسٍ" کے ترجمہ میں کوئی صورت نہیں کہ "عن" کا ترجمہ "نفس" کے ترجمہ سے مقدم ہو سکے اسی وجہ سے تحت لفظی ترجمہ میں بھی یہ تغیر گوارا کرنا ہوتا ہے اور اس میں کسی کو تامل نہیں ہو سکتا۔ اور بعض ایسے ہیں کہ ان کو مقدم کرنا تو درست ہے مگر محاورہ کے خلاف ہے۔ سو تحت لفظی ترجمہ میں ان کو نظم قرآنی کے موافق مقدم لا سکتے ہیں مگر بامحاورہ ترجمہ کے لیے ان کو بھی مؤخر کرنا ضروری ہوگا۔ جیسے علیٰ، الیٰ، وغیرہ حروفِ مذکورہ۔ دیکھیے " ختم اللہ علی قلوبھم" کے تحت لفظی ترجمہ میں "مہر کردی اللہ نے اوپر دلوں ان کے کے" کہنا مناسب ہوگا اور بامحاورہ ترجمہ میں "مہر کردی اللہ نے ان کے دلوں پر" کہنا ٹھیک سمجھا جائے گا۔ پہلی صورت میں لفظ علیٰ اپنی اصلی ترتیب پر رہا۔ دوسری صورت میں تھوڑا سا بقدر ضرورت اپنی جگہ سے ہٹ گیا۔ اسی پر دیگر حروف کو قیاس فرما لیجیے، سو اول تو یہ حروف فی نفسہٖ غیر مستقل اور دوسروں کے تابع ہیں، ان کا تقدم و تاخر چنداں قابل اعتبار نہیں۔ دوسرے بے وجہ نہیں بلکہ ضرورت اور حاجت اور نفع کی وجہ سے کرنا ہوا۔ تیسرے اتنا لطیف و خفیف کہ ترجمہ تحت لفظی میں بھی بعض مواقع میں قابلِ قبول اور ضروری سمجھا جاتا ہے۔

ان سب کے بعد پھر وہی بات ہے جو پہلے عرض کر چکا ہوں یعنی جہاں کچھ گنجائش نکل آتی ہے وہاں حضرت شاہ

صاحب علیہ الرحمہ اس خفیف قابلِ قبول تغیر کو بھی چھوڑ کر اصلی ترتیب کو قائم رکھتے ہیں۔ اور ایسا ترجمہ کرتے ہیں جو ترتیب قرآنی کی پابندی کے ساتھ محاورہ کے بھی مخالف نہ ہونے پائے۔ اس کی مثالیں حروف مذکورہ کے متعلق جگہ جگہ موجود ہیں مثلا " الا علی الخاشعین "کا ترجمہ یہ فرمایا ہے "مگر انہی پر جن کے دل پگھلے ہیں" یعنی اللہ سے ڈرتے ہیں اور عاجزی کرتے ہیں۔ دیکھ لیجیے لفظ علیٰ کے ترجمہ کو مقدم رکھا خاشعین پر اور محاورہ کے مخالف بھی نہیں ہوا۔

الحاصل حضرت شاہ صاحب جگہ جگہ ترتیب میں تصرف کرتے ہیں مگر جچا تلا، بقدر ضرورت اور عند الحاجت نہایت غور اور احتیاط کے ساتھ جس کی وجہ سے حضرت ممدوح علیہ الرحمۃ کا ترجمہ جیسے استعمال محاورات میں بے نظیر سمجھا جاتا ہے ویسا ہی باوجود پابندئ محاورہ قلتِ تغیر اور خفتِ تبدیل میں بھی بے مثل ہے۔ فللّٰہ درُّہ ثم للّٰہ درُّہ

اس کے سوا بعض بعض تصرفاتِ خفیفہ مفیدہ اور بھی کر جاتے ہیں۔ مثلاً ترجمہ میں کوئی لفظ مختصر بڑھا دیتے ہیں جس سے مطلب واضح ہو جائے یا مرادِ خداوندی معین ہو جائے سو یہ امر ایسا ہے کہ ترجمہ تحت لفظی میں بھی اس کی نظائر موجود ہیں۔ ایسا ہی ترجمہ میں بعض الفاظ کو چھوڑ بھی جاتے ہیں۔ مثلاً بعض مواقع میں "اِنَّ "کا ترجمہ نہیں کرتے۔ یَاَبَتِ کے ترجمہ میں "اے میرے باپ "نہیں کہتے صرف "اے باپ" پر قناعت کر جاتے ہیں "یَا بُنَیّ "کا ترجمہ "اے میرے چھوٹے بیٹے "کی جگہ فقط "اے بیٹے "فرمایا ہے۔ ایسا ہی یَارَبّ کا ترجمہ "اے رب "متعدّد مواقع میں اختیار فرمایا ہے۔ سو اس قسم کے تصرفات میں کچھ حرج نہیں۔ ترجمہ لفظی تک میں ان کی گنجائش ہے۔

اب باقی رہی دوسری بات کہ حضرت شاہ صاحب نے اپنے ترجمہ میں کن کن امور کا خیال رکھا ہے اور اس میں کیا کیا فائدے ہیں۔ سو یہ بات تو ظاہر نظر آتی ہے کہ حضرت ممدوح عامۃً چند باتوں کا بہت لحاظ رکھتے ہیں۔ ترجمہ میں اختصار و سہولت اور الفاظِ قرآنی کی لفظی اور معنوی موافقت اور صرف لغوی معنی پر بس نہیں بلکہ معنیٰ مرادی اور غرض اصلی کا ہر موقع میں بہت لحاظ رکھتے ہیں۔ اور ترجمہ میں کبھی ایسا لفظ لاتے ہیں جس کی وجہ سے اگر کسی قسم کا اجمال اور اشکال ہو تو زائل ہو جاتا ہے۔ بسا اوقات ایک لفظ کا ترجمہ ایک جگہ کچھ فرماتے ہیں دوسری جگہ کچھ۔ اور حالانکہ معنیٰ لغوی اس لفظ

کے ایک ہی ہیں مگر ہر مقام کے مناسب جُدے جُدے عنوان سے بیان فرماتے ہیں۔ جس سے قرآن کی غرض اور مراد ملنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔

اسی سہولت اور وضاحت کی رعایت سے کبھی مضمون ایجابی کو عنوانِ سلبی میں ادا کرتے ہیں اور اکثر مواقع میں نفی اور استثناء کا جدا جدا ترجمہ نہیں کرتے بلکہ حصر جو اس سے مقصود ہے اس کو مختصر ہلکے لفظوں میں محاورہ کے موافق بیان کر جاتے ہیں۔ حال، تمیز، بدل وغیرہ حتیٰ کہ مفعول مطلق کے عنوانات کی رعایت رکھتے ہیں اور خوبی یہ ہے کہ اردو کے محاورہ کے موافق بالجملہ الفاظ اور معنیٰ دونوں کے متعلق بوجوہ متعدّدہ بہت غور اور رعایت سے کام لیا گیا ہے۔ اور مطالب و مقاصد کی تسہیل اور توضیح میں پورے خوض اور احتیاط کو ملحوظ رکھا ہے۔ ہم نے بغرض تنبیہ یہ چند باتیں مختصر طور سے عرض کر دی ہیں۔ اہل فہم توجہ فرمائیں گے تو ان شاء اللہ ان کو ہماری عرض کی صداقت جگہ جگہ برابر ملے گی۔ ہم کو کسی طول کی حاجت نہیں۔

اور حاشا وکلّا ہمارا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ فوائد مذکورہ کا اور کسی نے خیال نہیں فرمایا۔ فضلائے معتبرین مشہورہ وغیرہ علماء کے تراجم میں ہر ایک نے اس قسم کے فوائد کا اپنی اپنی فہم اور رائے اور مصلحت اور گنجائش کے موافق ضرور خیال فرمایا ہے مگر دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت شاہ صاحب ممدوح نے چونکہ ہر موقع پر ان چھوٹے بڑے فوائد متعدّدہ کی طرف توجہ فرمائی ہے۔ اور ترجمہ میں ہر موقع پر ان کا اہتمام رکھا ہے۔ اس لئے کماً اور کیفاً دونوں طرح یہ امور موضح قرآن میں زائد ہیں جن کی وجہ سے ترجمہ موصوف جملہ تراجم میں ممتاز اور مفید تر نظر آتا ہے اور بنظرِ فہم وانصاف اس کا مستحق ہے کہ سہل ممتنع کے ساتھ ملقب ہو۔ یہ حضرت ممدوح کا کمال ہے کہ ہر موقع پر جملہ امور پیش نظر رہتے ہیں۔ اور ترجمہ میں حسب حاجت ان کی رعایت کرتے ہیں اور اسی کے مطابق الفاظ بھی ان کو بسہولت مل جاتے ہیں۔ گویا محاورات ولغات اردو بھی سب سامنے رہتے ہیں جس کو مناسب سمجھا بے تکلف لے لیا۔ اور اس پر ترجمہ اپنے محدود احاطہ سے ایک قدم آگے نہیں بڑھ سکتا۔ فبارک اللہ فی حسناتہ وافاض علینا من برکاتہ

یہ بات کس قدر قابل قدر اور مفید ہے کہ حضرات مفسرین اور شراحِ حدیث کے مبسوط ارشادات کا خلاصہ

بسہولت ہر درجہ کے مسلمانوں کو ایک لفظ سے سمجھ میں آسکے بلکہ بعض مواقع میں تو حضرت شاہ صاحب صاحب کا ایک دو لفظ وہ کام دیتا ہے کہ مبسوط ارشادات سے احق بالقبول معلوم ہوتا ہے۔ اِنَّ فِی ذٰلِكَ لَآیاتٍ للعٰلمین

اس موقع پر ارشاد خداوندی "ففهمنها سليمان وكلا آتينا حكما وعلما" کا نقشہ اور نمونہ ناخواستہ سامنے آگیا۔ دیکھیے حضرت سلیمان علیہ السلام لڑکے تھے مگر حق سبحانہٗ نے اپنی رحمت سے ان کو وہ بات سجھا دی کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے بھی تسلیم فرمالیا اور اپنے حکم کو واپس کرلیا۔ اور اس سے کسی کے علم و فہم میں کوئی نقصان اور اعتراض بھی نہ ہوا۔ شعر

ایں سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

حق تعالیٰ کے غیر متناہی خزانے ہیں جس کو جس میں سے چاہتے ہیں حصّہ معین عنایت فرمادیتے ہیں۔ وَاِنْ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗ اِلَّا بِقَدَرٍ مَعْلُومٍ

اب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جیسے یہ چند فوائد عرض کیے ہیں ایسی ہی چند مثالیں بھی کسی موقع سے عرض کردی جائیں۔ جن سے ہمارے معروضات کی تصدیق ہوجائے اور ناظرین کے لیے تسکین اور اطمینان کا باعث ہو۔ سو اول ہی سے لیجیے۔ دیکھیے بسم اللہ کا ترجمہ محاورہ کے موافق کیا جس میں توضیح اور اختصار دونوں کی بقدرِ مناسبت رعایت ہے۔ اس سے بہتر اور خوبصورت ترجمہ اردو میں سمجھ میں نہیں آتا۔ اور رحمٰن اور رحیم جو مبالغہ کے صیغے ہیں ان کے مبالغہ کو بھی ظاہر فرمادیا اور لطیف اشارہ دونوں کے فرقِ مراتب کی طرف بھی کرگئے۔ جتنے تراجم سابقہ ہیں ان میں مبالغہ سے تعرض نہیں فرمایا۔ اس کے بعد سورہ فاتحہ میں بھی رحمٰن اور رحیم کا ترجمہ ایسا ہی کیا گیا۔ یوم الدین کا ترجمہ جملہ حضرات نے "روزِ جزا" یا "دن جزا کا" فرمایا ہے۔ مگر حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ نے صاف لکھ دیا ہے کہ میں نے عوام کی زبان میں ترجمہ کیا ہے اور عوام کے کلام میں جزا کا لفظ شائع اور مستعمل نہیں۔ دوسرے اہل لغت اور حضرات مفسرین نے دین کے معنی جزا اور حساب دونوں فرمائے ہیں۔ ان وجوہ سے غالباً حضرت ممدوح نے جزا کے

بدلے "انصاف" کا لفظ اختیار فرمایا کہ عوام میں بھی شائع ہے۔ اور اس ایک لفظ میں جزا اور حساب دونوں آ گئے۔

"اهدنا الصراط المستقيم" جملہ حضرات ہدایت کا ترجمہ کبھی تو لفظ ہدایت ہی سے کر جاتے ہیں۔ اس لیے کہ لفظ ہدایت فارسی اردو میں برابر مستعمل ہے۔ اور کبھی اپنی زبان میں ترجمہ کرتے ہیں تو ہدایت کا ترجمہ رستہ دکھانے اور راہنمائی کے ساتھ کرتے ہیں۔ مگر حضرت ممدوح علی العموم ہدایت کا ترجمہ اپنی ہی زبان میں فرماتے ہیں۔ الا ماشاء اللہ۔ لیکن ہر موقع پر اس کا بھی لحاظ رکھتے ہیں کہ ہدایت کے کون سے معنی اس موقع کے مناسب ہیں کیونکہ ہدایت کے لغت عرب میں دو معنیٰ ہیں:

۱. ایک صرف راستہ دکھلا دینا۔
۲. دوسرے مقصود تک پہنچا دینا۔

اول کو "اراءت" دوسرے کو "ایصال" کہتے ہیں۔ اس لیے اوروں نے "اهدنا" کا ترجمہ "دکھا ہم کو" فرمایا ہے۔ اور شاہ صاحب "چلا ہم کو" فرماتے ہیں۔ جس سے ایصال کی طرف اشارہ کرنا مفہوم ہوتا ہے۔ اسی طرح پر "هدى للمتقين" میں اور حضرات نے هدی کے ترجمہ میں "رہنما" یا "راہ دکھاتی" ہے فرمایا ہے اور حضرت ممدوح نے "راہ بتلاتی ہے" فرمایا ہے۔ چونکہ اهدنا میں ہدایت حق تعالیٰ کی صفت ہے تو وہاں "چلانے" کا لفظ لائے ہیں۔ اور اس موقع میں ہدایت قرآن کی صفت ہے تو اس لیے راہ بتانے کا لفظ بیان فرمایا ورنہ دونوں جگہ مقصود ایصال کی طرف اشارہ کرنا معلوم ہوتا ہے۔ فرحمه الله ما ادق نظره وارق الفاظه

متقین میں تقویٰ کا ترجمہ سب حضرات مرحومین نے پرہیزگاری فرمایا ہے جو تفاسیر کثیرہ کے موافق ہے۔ پھر حضرات مفسرین نے اس پر شبہ کیا کہ ہدایت کے محتاج گمراہ ہیں نہ متقی۔ اس لیے هدى للضالين فرمانا چاہیے تھا۔ بعض حضرات نے متقین کے معنی صائرين الى التقوى کے لے کر جواب دیا۔ بعض نے دیگر جوابات دے کر شبہ کا قلع قمع کیا۔ حضرت شاہ صاحب کی طبع لطیف اور باریک بین نظر اس طرف گئی کہ تقویٰ کا ترجمہ ڈر اور خوف کے

ساتھ کرنا پسند کیا۔ جو تقویٰ کے اصلی اور لغوی معنی ہیں۔ اور متقین سے وہ لوگ مراد لیے جن کے دل میں اللہ تعالیٰ کا ڈر ہے اس لئے ھدی للمتقین کا ظاہر اور معروف ترجمہ یعنی "راہ دکھاتی ہے پرہیزگاروں کو" اس کو چھوڑ کر "راہ بتلاتی ہے ڈر والوں کو" اختیار فرمایا یا جس سے شبہ مذکورہ کے خطور کا موقع ہی نہ رہا جو کسی جواب کی حاجت ہو۔ اور اگر ہدایت سے ایصال مراد لیں جیسا کہ ترجمہ میں اس کی طرف اشارہ مفہوم ہوتا ہے۔ تو پھر تو شبہ کیا کسی وہمی کے توہم کی بھی گنجائش نہیں۔

آگے دیکھیے "یؤمنون بالغیب" کے ترجمہ میں "ایمان لاتے ہیں ساتھ غیب کے" یا "غیب پر" کہا جائے تو بہت صحیح اور ظاہر کے موافق ترجمہ ہے۔ اور لفظ ایمان اور غیب دونوں ایسے مشہور ہیں کہ دوسرے لفظوں سے ان کے ترجمے کرنے کی ضرورت نہیں لیکن لفظ ایمان اصطلاح شرع میں دو معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ ایک نفس تصدیق اور یقین قلبی جو ضروریاتِ دین کے ساتھ متعلق ہو۔ جس کو حقیقتِ ایمانی سے بھی تعبیر کرتے ہیں اور معنی لغوی کے بالکل مطابق ہے۔ دوسرے تصدیق اور اعمالِ ایمانی کا مجموعہ جس کو ایمانِ کامل بھی کہتے ہیں۔ سو اول تو حضرت شاہ صاحب کی عام عادت ہے کہ حتی الوسع ترجمہ میں اردو کے لفظ کو اختیار فرماتے ہیں۔ دوسرے لفظ ایمان جب دو دو معنوں میں مستعمل ہے تو حضرت ممدوح کے اصول کے موافق ضرور ہوا کہ ترجمہ میں ایسا لفظ لائیں کہ ایمان کے جو معنیٰ اس جگہ مراد ہیں ان کی تعیین ہو جائے اور دوسرا احتمال نہ رہے۔ علیٰ ہذا لفظ غیب میں اجمال ہے معلوم نہیں کس چیز سے غائب ہونا مراد ہے۔ ان وجوہ سے وہ صحیح اور ظاہر ترجمہ جس کا پہلے ذکر ہو چکا اس کو چھوڑ کر یہ ترجمہ اختیار فرمایا "یقین کرتے ہیں بن دیکھے" جس سے یہ معلوم ہو گیا کہ آیت میں ایمان کے اول معنیٰ مراد ہیں نہ دوسرے۔ اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ غیب کے یہ معنی ہیں کہ جن چیزوں کو انہوں نے نہیں دیکھا اور ان کے علم و ادراک سے غائب ہیں جیسے دوزخ، بہشت، پل صراط، وزن اعمال، عذاب قبر، فرشتے، جنات۔ سو وہ لوگ ان سب چیزوں کا اللہ اور رسول کے فرمانے سے یقین کرتے ہیں۔ مع ہذا حضرات مفسرین رحمہم اللہ نے جو بالغیب میں چند احتمال ذکر فرمائے ہیں ان میں سے ایک معنی ظاہر اور راجح ہیں اس ترجمہ سے وہ بھی متعیّن ہو گئے جیسا کہ کتب تفسیر میں مذکور ہے۔

تنبیہ

ایمان کا ذکر قرآن شریف میں ماضی، مضارع، امر، اسم فاعل مختلف صیغوں کے ضمن میں بہت کثرت سے موجود ہے۔ سو حضرات مترجمین تو اکثر مواقع میں اس کا حسب ظاہر ترجمہ ایمان یا اسلام سے فرماجاتے ہیں۔ اور حضرت ممدوح ایمان، اسلام، یقین، ماننا، جو لفظ جو موقع کے مناسب اور مفید سمجھتے ہیں اس کو اختیار کرتے ہیں۔ اور اس کی وجہ سے ترجمہ کے متعلق کار آمد باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ جیسا کہ یؤمنون بالغیب کے ترجمہ میں ابھی عرض کر چکا ہوں۔ اور انہیں چھوٹے فرقوں اور ہلکی ہلکی رعایتوں کی وجہ سے بعض مواقع میں بڑے بڑے شبہے بسہولت دفع ہوجاتے ہیں۔ اور تحقیقی باتیں معلوم ہوجاتی ہیں۔ دیکھیے احادیث میں وارد ہے کہ جب آیت کریمہ: "الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ أُولَئِكَ" نازل ہوئی تو صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو بہت ہی شاق گزرا۔ آخر آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: "أينا لم يظلم نفسه" یعنی یارسول اللہ! ہم میں ایسا کون ہے جس نے اپنے نفس پر ظلم یعنی گناہ نہ کیا ہو۔ تو پھر اب تو سب عذاب الٰہی سے غیر مامون اور ہدایت سے محروم ہوگئے۔ آپ نے فرمایا: "ليس ذلك، إنما هو الشرك، ألم تسمعوا قول لقمان لابنه يَابُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ "یعنی "لم يلبسوا إيمانهم بظلم" میں ظلم سے مراد شرک ہے، مطلق گناہ نہیں جو یہ دشواری پیش آئے۔ حضرات مفسرین اور شراحِ حدیث کے اقوال اس جواب کی تقریر میں مختلف ہوگئے۔ جیسا کہ اہل علم کو معلوم ہے۔ سوایک خلجان تو "لم يلبسوا إيمانهم بظلم" میں تھا جو حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کو پیش آیا تھا۔ دوسرا اختلاف خلجان مذکور کے جواب میں مفسرین وغیرہ علمائے کرام کو پیش آگیا کہ جواب کا مقصد اور اس کا ماخذ کیا ہے۔ سو خلجان معروضہ اصحاب کرام تو آپ ﷺ کے ارشاد سے جاتا رہا مگر آپ ﷺ کے ارشاد کے مقصد و ماخذ میں علماء کو جو اختلاف پیش آگیا وہ موجود ہے۔

اس پر حضرات مترجمین نے تو ان لمبی لمبی بحثوں کو دیکھا کہ ترجمہ ان کو متحمل نہیں ہوسکتا اور نہ اس کے مناسب

اس لئے ترجمہ میں اس سے قطع نظر کر کے ظاہر کے موافق ترجمہ فرمادیا اور لمبی بحثوں کے لیے دوسرا موقع ہے۔ اور حضرت شاہ صاحب کی دقیق نظر نے دیکھا کہ جب ہم کو ترجمہ میں کوئی زیادتی اور طول کرنا نہیں پڑتا صرف ایک لفظ کی جگہ دوسرا ویسا ہی لفظ بول دینے سے سب امور طے ہوئے جاتے ہیں تو پھر اس میں کیوں کوتاہی کی جائے اور کام کی بات سے کیوں محروم رکھا جائے۔ تو انہوں نے اپنی عادت کے موافق یہ کیا کہ "الذین آمنوا ولم یلبسوا ایمانھم بظلم" کے ترجمہ میں یہ الفاظ فرمائے "جو لوگ یقین لائے اور ملائی نہیں اپنے یقین میں کچھ تقصیر" جس سے معلوم ہو گیا کہ ایمان سے حقیقتِ ایمانی یعنی تصدیق قلبی مراد ہے۔ حسب معروضہ سابق جس کو ایمان بالمعنیٰ الاول کہتے ہیں۔ اہل فہم وانصاف کو تو بس یہی کافی ہے مگر اس پر اتنا اور کیا کہ "ظلم" کے ترجمہ میں لفظ تقصیر بیان فرمایا جس سے اور بھی وضاحت اور تکمیل ہوگئی۔ اب اس میں غور کرنے سے نہ آیت میں کوئی خلجان ہوتا ہے نہ آپ کے ارشاد میں اختلاف باقی رہتا ہے۔ دو لفظوں میں ایسی تحقیق فرمادی کہ لمبی لمبی بحثوں کی ضرورت نہ رہی اور طرفہ یہ کہ یہ تحقیق دو لفظی سب سے احق بالقبول معلوم ہوتی ہے۔

اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے خلجان کا منشاء کیا تھا اور ارشاد نبوی علیہ الصلاۃ والسلام کا منشاء کیا ہے۔ اور ترجمہ میں جو لفظ کچھ داخل فرمایا ہے جو اور ترجموں میں نہیں۔ وہ یہ صاف بتلاتا ہے کہ حضرت شاہ صاحب اقوال علماء کو پیش نظر رکھ کر جو بات محقق اور راجح ہے اس کو بیان فرمانا چاہتے ہیں۔ یہاں تمثیلات کے ذیل میں یہ ذکر استطراداً آگیا اس سے زائد بسط کا موقع نہیں اور حضرات اہل علم خود بھی جانتے ہیں۔ البتہ سورہ انعام میں اس آیت کے متعلق حاشیہ پر کچھ بسط سے عرض کر دیا جائے گا۔ ان شاء اللہ

اس کے بعد "مما رزقنھم" کے ترجمہ میں "مِنْ" تبعیضیہ کا ترجمہ لفظ کچھ سے بیان فرما کر ممانعت اسراف کی طرف اشارہ کر دیا جیسا کہ تفسیر بیضاوی وغیرہ میں مذکور ہے۔ یخادعون اللہ کے ترجمہ میں فرماتے ہیں "دغابازی کرتے ہیں اللہ سے" جو نہایت صاف اور مناسب ترجمہ ہے اور کوئی خلجان اور وہم اس میں نہیں ہو سکتا۔ "عذابٌ

اَلیم " کے ترجمہ میں "''دکھ کی مار'' فرما کر اشارہ کر دیا کہ فعیل بمعنی مفعول ہے جو استعمال مفرد اور راجح ہے اور محاورہ کے موافق۔ "بما کانوا یکذبون" میں یکذبون کا ترجمہ ظاہر کے خلاف ''جھوٹ کہتے تھے'' فرماتے ہیں۔ ''جھوٹ بولتے تھے'' نہیں فرمایا جو سہل اور ظاہر کے موافق تھا۔ اس کی وجہ ان شاء اللہ یہی ہے کہ ''جھوٹ بولتے تھے'' بظاہر اس سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ ان لوگوں کا کاذب ہونا بیان کرنا مقصود ہے۔ اور اس کی وجہ سے ان پر "عذابٌ الیم "ہوگا۔ حالانکہ یہ بات نہیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ وہ لوگ "آمنا باللہ وبالیوم الآخر" جھوٹ کہا کرتے تھے یعنی منافق تھے۔ اور "عذابٌ اَلیم "اس نفاق کے بدلے میں ہوگا۔ فللہ درہ ماالطف طبعہ واسلم ذوقہ واحد نظرہ

اور سنیے "ما یشعرون" اور "لا یشعرون" جو ان آیات میں مذکور ہیں دونوں جگہ "یشعرون" ایک لفظ ہے کوئی فرق نہیں۔ اس لیے حضرات مترجمین دونوں کے ترجمہ میں کچھ فرق نہیں فرماتے تھے مگر حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ اول کا ترجمہ "نہیں بوجھتے" اور دوسرے کا "نہیں سمجھتے" فرماتے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ جہاں تامل اور فکر کی حاجت ہوتی ہے۔ اس کے سمجھنے میں کچھ تامل کی حاجت ہے اور امرِ ثانی یعنی منافقوں کا مفسد ہونا بالکل ایک امرِ ظاہر ہے۔ ادنی تامل کی بھی حاجت نہیں۔ قاضی بیضاوی رحمہ اللہ نے اس موقع میں "لا یشعرون" اور "لا یعلمون" کا فرق بیان کیا ہے۔ شاہ صاحب نے یہ کیا کہ ایک لفظ "یشعرون" کو دو موقعوں میں لانے سے بوجہ اختلاف محل جو باریک فرق نکلتا تھا اس کی طرف اشارہ فرما گئے۔

اس کے بعد عرض ہے کہ ہم نے یہ چند نظائر چھوٹی بڑی جو شروع قرآن مجید کے صفحہ ڈیڑھ صفحہ کے متعلق ہیں موضح القرآن سے بطور نمونہ اور تنبیہ عرض کر دیے ہیں۔ اس کو دیکھ کر ترجمہ موصوف کی خوبی اور کیفیت بھی معلوم ہو سکتی ہے۔ اور ہمارے معروضات سابقہ کی تصدیق کے لیے ان شاء اللہ کافی ہیں۔ اور ترجمہ مذکور کا اول سے آخر تک یہی رنگ ہے۔ چنانچہ اہل علم پر واضح ہے مگر ہم اس امر سے معذور ہیں کہ جیسا ہم نے بطور نمونہ اس مقام کے متعلق

چند نظائر عرض کی ہیں اس طرح پر تمام ترجمہ کے نظائر اور فوائد کو بیان کریں اور نہ اس کی حاجت۔ البتہ جو بات قابل تنبیہ ہوگی اس کو اپنے اپنے موقع پر بالاجمال یا بالتفصیل حاشیہ پر فوائد کے ذیل میں ان شاء اللہ عرض کر دیں گے اور اہل فہم کو ایک دو جزو غور سے سمجھ لینے کے بعد ان امور کے سمجھنے میں سہولت ہو جائے گی۔

یہ امر بھی عرض کر دینے کے قابل ہے کہ حضرت حجۃ اللہ علی العالمین شاہ ولی اللہ قدس سرّہٗ نے جب قرآن شریف کا ترجمہ فرمایا تو حاشیہ پر ضروری فوائد بھی کچھ تحریر فرمائے۔ مگر نہایت مختصر اور مجمل اور بہت کم موقعوں پر جو عام مسلمانوں کو کسی مرتبہ میں بھی کافی نہیں ہو سکتے۔ اس کے بعد حضرت شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ نے ترجمہ فرمایا تو حضرت ممدوح نے فوائد کو بھی ایک مقدار کافی ضروری تک بڑھا دیا۔ جو نہایت مفید اور کارآمد ہیں۔ مگر مختصر عبارت اور سادہ الفاظ میں کہ بعض مواقع میں ہر کوئی سہوت سے نہیں سمجھ سکتا۔

اب اصل ترجمہ کی کیفیت بیان کرنے کے بعد اپنی ترمیم کے متعلق عرض ہے کہ یہ تو پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ ترمیم صرف دو امر کے متعلق ہے:

۱. لفظ متروک کو بدل دینا۔

۲. اور کہیں کہیں حسب ضرورت اجمال کو کھول دینا۔

اس کے بعد اتنا اور عرض ہے کہ جس موقع پر ہم کو لفظ بدلنے کی نوبت آئی ہے وہاں ہم نے یہ نہیں کیا کہ اپنی طرف سے جو مناسب سمجھا بڑھا دیا نہیں بلکہ حضرات اکابر کے تراجم میں سے لینے کی کوشش کی ہے۔ خود موضح قرآن میں دوسری جگہ کوئی لفظ مل گیا یا حضرت شاہ عبدالقادر صاحب کی اردو تفسیر میں یا حضرت مولانا رفیع الدین کے ترجمہ میں یا حضرت مولانا رفیع الدین کے ترجمہ میں یا "فتح الرحمٰن" میں۔ حتی الوسع ان میں سے لینے کو پسند کیا ہے۔ البتہ کچھ مواقع ایسے بھی نکلیں گے جہاں کسی وجہ سے ہم نے اپنے خیال کے موافق کوئی لفظ داخل کر دیا ہے۔ اور جہاں ہم نے کوئی لفظ بدلا ہے وہاں دونوں باتوں کا خیال رکھا۔ یعنی لفظ ہلکا، سہل، محاورہ کے موافق بھی اور مطابق غرض اور موافق مقام بھی پورا ہو اور جس جگہ ایسا لفظ ہم کو نہیں ملا وہاں جانب معنیٰ کو ترجیح دی ہے۔ یعنی لفظ موافق مراد اور مناسب مقام کو اختیار کیا

ہے۔ گو اس میں کسی قدر طول ہو یا لفظ بہت مشہور نہ ہو۔ اور ہم نے جس جگہ کسی مصلحت سے ترتیب کو بدلا ہے یا اور کوئی تغیر کیا ہے تو یہ ضرور لحاظ رکھا ہے کہ اس کی نظیر حضرات اکابر کے تراجم میں موجود ہونی چاہیے۔ ایسا تغیر جس کی نظیر مقدس حضرات کے تراجم میں نہ ہو ہم نے کل ترجمہ میں جائز نہیں رکھا۔ اتفاق سے اگر کوئی موقع اس غرض کے خلاف ہو تو وہ یقیناً ہمارا سہو ہے یا خطا۔ بالقصد جان بوجھ کر ہم نے ایسا کہیں نہیں کیا۔

حضرات علماء میں بعض کلماتِ قرآنی کے ترجمہ میں باہم کچھ خلاف ہوا ہے۔ اور بعض آیات کے مطلب میں بھی کچھ نزاع ہے سو ایسے مواقع میں ہم نے حضرت شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ ہی کا اتباع کیا ہے۔ الا ماشاء اللہ کہ کسی موقع پر حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرّہٗ کی متابعت اختیار کی ہے۔

فوائد کے متعلق یہ عرض ہے کہ موضح القرآن کے جملہ فوائد کے لینے کا انتظام کیا گیا ہے۔ مگر شاذ و نادر کے کسی وجہ سے اس کے بیان کرنے کی حاجت نہیں سمجھی اور فوائد میں چونکہ ہر طرح سے گنجائش اور وسعت ہے ترجمہ کی طرح قید اور تنگی نہیں تو اس لیے ہم نے اکثر یہ کیا ہے کہ حضرت ممدوح کے فوائد کو اپنی عبارت میں بیان کیا ہے اور تقدیم و تاخیر تغیر و تبدل اجمال و تفصیل وغیرہ امور سے احتراز نہیں کیا۔ اور بہت سے فوائد بالاستقلال مفید اور نافع سمجھ کر مختلف موقعوں سے لے کر اپنی رائے سے بڑھا دیے ہیں۔

اور حضرت شاہ صاحب کی تقلید کی وجہ سے ترجمہ میں اگر کسی جگہ قدرے تنگی رہ گئی تو اس کے بدلے میں مکافات سے بھی زائد فوائد میں اس کو واضح کر دیا گیا ہے۔ اور بغرض تشریح و تسہیل و تکمیل فوائد کی تفسیر کو ہم نے اختیار کیا۔ فوائد میں طول ہو جانے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جو کوئی مترجم فوائد لکھتا ہے وہ صرف کلامِ مجید کے متعلق لکھتا ہے۔ اور احقر کو اس کے علاوہ حضرت شاہ صاحب کے ترجمہ کے متعلق بھی بعض مواقع میں کچھ کچھ عرض کرنے کی نوبت آتی ہے۔ کیونکہ ہماری تمام سعی کا لب لباب دراصل ترجمہ موصوف کی خدمت گزاری ہے۔ بس کیونکہ بعض بعض مقامات پر کچھ کچھ ترمیم کرنے سے حقیقت میں یہ دوسرا ترجمہ نہیں ہو گیا۔ اس لئے اس کا کوئی نام مستقل مقرر کرنا بھی ٹھیک نہیں تھا۔ مگر صرف دفع التباس اور رفع اشتباہ کی مصلحت سے مناسب معلوم ہوا کہ اگر اصل ترجمہ کے نام کے علاوہ اس کا بھی کچھ نام

رکھ دیا جائے تو التباس واشتباہ سے پورا بچاؤ رہے گا۔ اُس کا نام "موضح قرآن" ہے اِس کا نام "موضح فرقان" بہت مناسب معلوم ہوتا ہے۔ ایک کے ہیں ایک، اور ہیں دو کے دو، کہنے کو دو اور حقیقت میں ہیں ایک، مگر موضح قرآن میں یہ خوبی ہے کہ تاریخی بھی ہے۔ موضح فرقان تاریخی نہیں، ہاں گھٹا بڑھا کر کچھ تکلف کے بعد تاریخی بھی ہو سکتا ہے۔

قطعہ

یادگارِ شہِ عبد القادر ترجمہ موضح قرآن مجید
وہ کہ آں معدن صد خوبی را کرد ترمیم اقل العبید
بے شش وپنج بگفتہ محمود سال او موضح فرقان حمید

(۱۳۳۶ھ)

اس کے بعد یہ عرض ہے کہ سب مسلمانوں پر فرض ہے کہ اپنے رب کو پہچانیں اور اس کی صفات اور اس کے احکام کو معلوم کریں۔ اور تحقیق کریں کہ حق تعالیٰ کون سی باتوں سے خوش ہوتا ہے اور کون سی باتوں سے غصہ ہوتا ہے۔ اور اس کے خوشی کے کاموں کو کرنا اور اس کی ناخوشی کے کاموں سے بچنا اسی کا نام بندگی ہے اور جو بندگی نہ کرے وہ بندہ نہیں۔ اور سب کو معلوم ہے کہ آدمی جب پیدا ہوتا ہے سب چیزوں سے ناواقف اور محض انجان ہوتا ہے۔ پھر سکھلانے سے سب کچھ سیکھ لیتا ہے اور بتلانے سے ہر چیز جان لیتا ہے۔ اسی طرح حق کا پہچاننا اور اس کی صفات اور احکام کا جاننا بھی بتلانے اور سکھانے سے آتا ہے۔ لیکن جیسا کہ حق تعالیٰ نے ان باتوں کو قرآن شریف میں خود بتلایا ہے ویسا کوئی نہیں بتلا سکتا اور جو اثر اور برکت اور ہدایت خدائے تعالیٰ کے کلام پاک میں ہے وہ کسی کے کلام میں نہیں۔ اس لیے عام خاص جملہ اہل اسلام کو لازم ہے کہ اپنے اپنے درجہ کے موافق کلام اللہ کے سمجھنے میں غفلت اور کوتاہی نہ کریں۔

سو قرآن شریف کے اوپر کے درجہ کے مطالب اور خوبیاں تو عالموں کے سمجھنے کی بات ہے مگر جو لوگ کہ علم عربی سے ناواقف ہیں ان کو بھی کم سے کم اتنا ضرور کرنا چاہیے کہ علمائے دین نے جو سلیس ترجمے ان کی زبان میں عوام کی

واقفیت اور ہدایت کے لیے کر دیے ہیں ان کے ذریعہ سے اپنے معبودِ حقیقی کے کلام کے سمجھنے میں ہرگز کاہلی نہ کریں اور اس نعمتِ لازوال سے بالکل محروم نہ رہیں کہ بہت بڑی بدبختی اور کم قسمتی ہے، مگر اس میں اتنا اندیشہ ضرور ہے صرف فارسی خواں یا اردو داں جو محاورات عرب سے ناواقف ہے محض سلیس ترجمہ کو دیکھ کر کچھ کا کچھ سمجھ جائے گا۔ کیونکہ پچھلی بات کا پہلی بات سے ملنا یا جدا ہو جانا اکثر مواقع میں بدوں بتلائے ناواقف کی سمجھ میں نہیں آتا۔ اور کسی مضمون مجمل اور مبہم میں کچھ کا کچھ سمجھ جانا عوام سے کچھ بعید نہیں۔ یہاں تک کہ بعض آیتوں میں ضمیر کے مرجع میں غلطی کھا کر خرابی میں پڑنے کا اندیشہ ہے۔ نیز یہ امر بھی ضروری ہے کہ کلامِ الٰہی کے معنیٰ بلا سند معتبر نہیں اور سلف صالحین کے مخالف کسی آیت کے معنیٰ لینے جہل اور گمراہی ہے۔ بالخصوص موضح القرآن کے ان فوائد کو سمجھنا جو کہ جگہ جگہ حضرت شاہ صاحب نے اشارۃً ارشاد فرمائے ہیں، بدوں بتلائے عالم واقف کے ممکن جیسا کہ ابھی معروض کر آیا ہوں۔ سو ان وجوہ سے لازم ہے کہ استاد سے سیکھنے میں مسلمان کاہلی اور کوتاہی نہ کریں اور محض اپنی رائے پر اعتماد کر کے ثواب کے بدلے اللہ کا غصہ نہ کمائیں۔ واللہ الموفق وھو یھدی السبیل

یہ مضمون حضرت شاہ صاحب کا ہے جو تھوڑی سی تفصیل اور تغیر کے ساتھ ہم نے مفید سمجھ کر عرض کر دیا ہے۔ اگر کاش مسلمانانِ ہند اس مفید قابل اہتمام مضمون کی پابندی کرتے تو آج ترجمہ موضح القرآن کے سمجھ میں نہ آنے کی شکایت نہ کرتے۔ اور جو حضرات ترجمہ موصوف کے سمجھنے میں آج سست اور کاہل نظر آتے ہیں وہ دوسروں کے سمجھانے میں چست اور مستعد نظر آتے۔

حضرات علماء عام اہلِ اسلام کی بہبودی اور نفع رسانی کی غرض سے سہل سے سہل نئے نئے ترجمے شائع کرتے رہتے ہیں۔ مگر انصاف سے اس وقت تک نفع مذکور باوجود کثرت تراجم عام اور شائع طور پر اہلِ اسلام میں نہیں پھیلا۔ جب تک خود اہل اسلام ترجمہ قرآن شریف کو ضروری اور مفید سمجھ کر اپنے شوق اور توجہ سے سیکھنا اور سمجھنا نہ چاہیں گے اس وقت تک تکثیر تراجم سے عوام کو کیا نفع پہنچا سکتا ہے۔ شیخ علیہ الرحمۃ نے کیا خوب فرمایا ہے:

قطعہ

فہم سخن تا نکند مستمع قوت طبع از متکلّم مجوئے
فسحتِ میدانِ ارادت بیار تا بزند مرد سخن گوئی گوئے

حضرات علماء نے عوام کی بہبودی کی غرض سے جیسے سہل اور آسان متعدّد ترجمے شائع فرمادیے ہیں ایسے ہی اس کی بھی حاجت ہے کہ علی العموم مسلمانوں کو ان ترجموں کے سیکھنے اور ان کے سمجھنے کی طرف رغبت بھی دلائی جائے۔ علمائے کرام اہل اسلام کو خاص طور سے ترجموں کے سمجھنے اور پڑھنے کی ضرورت اور اس کی منفعت دل نشین کرنے میں کوتاہی نہ فرمائیں۔ بلکہ ترجمہ کی تعلیم کے لیے ایسے سلسلے بھی قائم فرمادیں کہ جو چاہے بسہولت اپنی حالت کے مناسب اور فرصت کے موافق حاصل کرسکے۔ واللہ الموفق والمعین

التماس اخیر

حضرت شاہ صاحب کے اصل ترجمہ کا احسن التراجم اور انفع التراجم ہونا تو ان شاءاللہ ایسا نہیں کہ اہل علم و دیانت میں کوئی اس کا منکر ہو۔ ہاں احقر نے جو اس کی خدمت اور ترمیم کی ہے اس کی نسبت ضرور ہم کو خلجان ہے۔ اس لئے اہل علم وانصاف کی خدمت میں التماس ہے کہ اگر یہ ترجمہ شائع ہوکر کسی وقت آپ حضرات تک پہنچے تو اس کی حاجت ہے کہ ایک نظر اس کو ملاحظہ فرماکر جو امور قابلِ اصلاح معلوم ہوں ان سے ہم کو مطلع فرمانے میں تامل نہ فرمائیں۔ اور اگر کوئی صاحب بالاستقلال ترمیم فرمانا زیادہ پسند کریں تو وہ بالاستقلال اس خدمت کو انجام دینے میں سعی فرمائیں۔ ہماری غرض صرف یہ ہے کہ یہ عمدہ اور مفید ترجمہ جو اہل علم اور عوام دونوں کو مفید ہے ایک تھوڑے سے بہانہ سے نظروں سے نہ گر جائے۔ اور ہم اس کے فیض سے محروم نہ رہ جائیں۔ اور ایک صدقہ جاریہ میں خلل اور نقصان نہ آجائے۔ جس طرح ہو اور جو کوئی اس کی تلافی اور تدارک بہتر سے بہتر کرسکے وہ اس میں کوتاہی نہ کرے۔

صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لیے

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پالنے والا سارے جہان کا

الحمدُللہِ علیٰ اِحسانہٖ کہ اس کے فضل وکرم سے

القرآن الکریم مترجم

مکمل ترجمہ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمۃ اللہ علیہ

مشہود مفتی ابن نعیم بن مفتی محمد نعیم لدھیانوی نے طبع کیا

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

اس میں (۲۵) کلمات ہیں

اس میں (۱۲۲) حروف ہیں

سورۂ فاتحہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی
اور اس میں (۷) آیات اور (۱) رکوع ہے،
نازل ہونے کے اعتبار سے (۵) نمبر پر ہے
لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱) نمبر پر ہے اور سورۂ مدّثّر کے بعد نازل ہوئی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْمَنْزِلُ الْاَوَّل (۱)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ

سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو پالنے والا سارے جہان کا ① بے حد مہربان

الرَّحِيْمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿۳﴾ اِيَّاكَ

نہایت رحم والا ② مالک روز جزا کا ③ تیری ہی

نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿۴﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

ہم بندگی کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں ④ بتلا ہم کو راہ

الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ﴿۶﴾

سیدھی ⑤ راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے فضل فرمایا ⑥

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۷﴾

جن پر نہ تیرا غصّہ ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے ⑦

احتیاط ع ۱

سُوْرَةُ الْبَقَرَة

اس میں (٦١٢١) کلمات ہیں

اس میں (٢٥٥٠٠) حروف ہیں

سورۂ بقرہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی
لیکن آیت (٢٨١) منیٰ میں حجۃ الوداع کے موقع پر نازل ہوئی،
اس میں (٢٨٦) آیتیں اور (٤٠) رکوع ہیں،
اور یہ پہلی سورت ہے جو مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، نازل ہونے کے اعتبار سے (٨٧) نمبر پر ہے
لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٢) نمبر پر ہے اور سورۂ مطففین کے بعد نازل ہوئی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ۚ ﴿١﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۚ

الٓمّٓ ① اس کتاب میں کچھ شک نہیں

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ ﴿٢﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

راہ بتلاتی ہے ڈرنے والوں کو ② جو کہ یقین کرتے ہیں

بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

بے دیکھی چیزوں کا اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور جو ہم نے روزی دی ہے انکو اس میں سے

يُنْفِقُوْنَ ۙ ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ

خرچ کرتے ہیں ③ اور وہ لوگ جو ایمان لائے اس پر کہ جو کچھ

اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

نازل ہوا تیری طرف اور اس پر کہ جو کچھ نازل ہوا تجھ سے پہلے

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۭ ﴿٤﴾

اور آخرت کو وہ یقینی جانتے ہیں ④

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ

وہی لوگ ہیں ہدایت پر اپنے پروردگار کی طرف سے اور وہی

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥ اِنَّ الَّذِيْنَ

ہیں مراد کو پہنچنے والے ۝٥ بے شک جو لوگ

كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ

کافر ہوچکے برابر ہے ان کو تو ڈرائے یا

لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٦ خَتَمَ

نہ ڈرائے وہ ایمان نہ لائیں گے ۝٦ مہر کردی

اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَعَلٰٓى

اللہ نے ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر اور ان

اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۠ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

کی آنکھوں پر پردہ ہے اور ان کے لیے بڑا

اسکے پاس مگر اجازت سے جانتا ہے جو کچھ

اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ

خلقت کے روبرو ہے اور جو کچھ انکے پیچھے ہے اور وہ سب احاطہ نہیں کرسکتے

بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ

کسی چیز کا اس کی معلومات میں سے مگر جتنا کہ وہی چاہے گنجائش ہے

كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ

اس کی کرسی میں تمام آسمانوں اور زمین کو اور گراں نہیں اس کو

حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿٢٥٥﴾

تھامنا ان کا اور وہی ہے سب سے برتر عظمت والا ﴿٢٥٥﴾

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۚ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ

زبردستی نہیں دین کے معاملہ میں بے شک جدا ہو چکی ہے ہدایت

مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

گمراہی سے اب جو کوئی نہ مانے گمراہ کرنے والوں کو

وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ

اور یقین لاوے اللہ پر تو اس نے پکڑ لیا حلقہ

الْوُثْقٰى ۚ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ

مضبوط جو ٹوٹنے والا نہیں اور اللہ سب کچھ سنتا

عَلِيْمٌ ﴿٢٥٦﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

جانتا ہے ﴿٢٥٦﴾ اللہ مددگار ہے ایمان والوں کا

يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ

نکالتا ہے ان کو اندھیروں سے روشنی کی طرف

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ

اور جو لوگ کافر ہوئے ان کے رفیق ہیں شیطان

يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ

نکالتے ہیں ان کو روشنی سے اندھیروں کی طرف

٣٤ ع ٤ ٢ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥٧﴾ ع

یہی لوگ ہیں دوزخ میں رہنے والے وہ اسی میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٢٥٧﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ

کیا نہ دیکھا تو نے اس شخص کو جس نے جھگڑا کیا ابراہیم سے

وقف لازم رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ

اسکے رب کی بابت اسی وجہ سے کہ دی تھی اللہ نے اس کو سلطنت جب کہا

اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ

ابراہیم نے میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے وہ بولا

اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ؕ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ

میں بھی جلاتا اور مارتا ہوں کہا ابراہیم نے کہ بے شک

اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ

اللہ تو لاتا ہے سورج کو مشرق سے

فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِیْ

اب تو لے آ اس کو مغرب کی طرف سے تب حیران رہ گیا وہ

كَفَرَ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝٢٥٨ ج

کافر اور اللہ سیدھی راہ نہیں دکھاتا بے انصافوں کو ۝٢٥٨

اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ

یا نہ دیکھا تو نے اس شخص کو کہ گزرا وہ ایک شہر پر اور وہ گرا پڑا تھا

عَلٰی عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ

اپنی چھتوں پر بولا کیونکر زندہ کرے گا اس کو

اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ

اللہ مرگئے پیچھے پھر مردہ رکھا اس شخص کو اللہ نے

عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ

سو برس پھر اٹھایا اس کو کہا تو کتنی دیر یہاں رہا بولا

لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ

میں رہا ایک دن یا ایک دن سے کچھ کم کہا نہیں

لَبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ

تو رہا سو برس اب دیکھ اپنا کھانا

وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى

اور پینا سڑ نہیں گیا اور دیکھ

حِمَارِكَ قف وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ

اپنے گدھے کو اور ہم نے تجھ کو نمونہ بنانا چاہا لوگوں کے واسطے اور دیکھ

اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا

ہڈیوں کی طرف کہ ہم انکو کس طرح ابھار کر جوڑ دیتے ہیں پھر ان پر پہناتے ہیں

لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ

گوشت پھر جب اس پر ظاہر ہوا یہ حال تو کہہ اٹھا کہ مجھ کو معلوم ہے

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٥٩﴾ وَاِذْ قَالَ

کہ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿٢٥٩﴾ اور یاد کر جب کہا

اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِىْ كَيْفَ تُحْىِ الْمَوْتٰى ؕ

ابراہیم نے اے پروردگار میرے دکھلادے مجھ کو کہ کیونکر زندہ کریگا تو مردے

قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ

فرمایا کیا تو نے یقین نہیں کیا، کہا کیوں نہیں لیکن

لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً

اس واسطے چاہتا ہوں کہ تسکین ہو جاوے میرے دل کو فرمایا تو پکڑ لے چار

مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ

جانور اڑنے والے پھر ان کو ہلا لے اپنے ساتھ پھر رکھ دے

عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ

ہر پہاڑ پر ان کے بدن کا ایک ایک ٹکڑا پھر ان کو بلا

يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

چلے آویں گے تیرے پاس دوڑتے اور جان لے کہ بیشک اللہ زبردست

حَكِيْمٌ ﴿٢٦٠﴾ ع مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ ع ٣٥ ٣

حکمت والا ﴿٢٦٠﴾ مثال ان لوگوں کی جو خرچ کرتے ہیں

اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ

اپنے مال اللہ کی راہ میں ایسی ہے کہ جیسے ایک دانہ

اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ

اس سے اگیں سات بالیں ہر بال میں

مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ

سو سو دانے اور اللہ بڑھاتا ہے جس کے واسطے چاہے

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٦١﴾ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

اور اللہ نہایت بخشش کرنے والا ہے سب کچھ جانتا ہے ﴿٢٦١﴾ جو لوگ خرچ کرتے ہیں

اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ

اپنے مال اللہ کی راہ میں پھر خرچ کرنے کے بعد

مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ

نہ احسان رکھتے ہیں اور نہ ستاتے ہیں انہی کے لیے ہے ثواب ان کا

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

اپنے رب کے یہاں اور نہ ڈر ہے ان پر اور نہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٦٢﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ

غمگین ہوں گے ﴿٢٦٢﴾ جواب دینا نرم اور درگزر کرنا

احتیاط

خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ

بہتر ہے اس خیرات سے جس کے پیچھے ہو ستانا اور اللہ

غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ﴿٢٦٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بے پرواہ ہے نہایت تحمل والا ﴿٢٦٣﴾ اے ایمان والو

لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ

مت ضائع کرو اپنی خیرات احسان رکھ کر اور ایذاء دے کر

كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ

اس شخص کی طرح جو خرچ کرتا ہے اپنا مال لوگوں کے دکھانے کو

وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ

اور یقین نہیں رکھتا ہے اللہ پر اور قیامت کے دن پر سو اس کی مثال ایسی ہے

كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ

جیسے صاف پتھر کہ اس پر پڑی ہے کچھ مٹی پھر برسا اس پر

وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ

زور کا مینہ تو کر چھوڑا اس کو بالکل صاف کچھ ہاتھ نہیں لگتا ایسے لوگوں کے

عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى

ثواب اس چیز کا جو انہوں نے کمایا اور اللہ نہیں دکھاتا سیدھی راہ

الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٦٤﴾ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ

کافروں کو ﴿٢٦٤﴾ اور مثال ان کی جو

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ

خرچ کرتے ہیں اپنے مال اللہ کی خوشی حاصل کرنے کو

اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ

اور اپنے دلوں کو ثابت کر کر ایسی ہے جیسے ایک باغ ہے

بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا

بلند زمین پر اس پر پڑا زور کا مینہ تو لایا وہ باغ اپنا پھل

ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ؕ

دو چند اور اگر نہ پڑا اس پر مینہ تو پھوار ہی کافی ہے

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٢٦٥﴾ اَيَوَدُّ

اور اللہ تمہارے کاموں کو خوب دیکھتا ہے ﴿٢٦٥﴾ کیا پسند آتا ہے

اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ

تم میں سے کسی کو یہ کہ ہو وے اس کا ایک باغ کھجور

وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ

اور انگور کا بہتی ہوں نیچے اس کے نہریں

لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ

اس کو اس باغ میں اور بھی سب طرح کا میوہ حاصل ہو اور آگیا اس پر

الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖ فَاَصَابَهَآ

بڑھاپا اور اس کی اولاد ہیں ضعیف تب آپڑا اس باغ پر

اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ؕ كَذٰلِكَ

ایک بگولا جس میں آگ تھی جس سے وہ باغ جل گیا یوں

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ

سمجھاتا ہے تم کو اللہ آیتیں تاکہ تم

تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢٦٦﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ٣٦ ع ٦ ٤

غور کرو ﴿٢٦٦﴾ اے ایمان والو

اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ

خرچ کرو ستھری چیزیں اپنی کمائی میں سے اور اس چیز میں سے کہ جو

اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۖ وَلَا تَيَمَّمُوا

ہم نے پیدا کیا تمھارے واسطے زمین سے اور قصد نہ کرو

الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ

گندی چیز کا اس میں سے کہ اس کو خرچ کرو حالانکہ تم اس کو

بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ۭ وَاعْلَمُوْٓا

کبھی نہ لو گے مگر یہ کہ چشم پوشی کر جاؤ اور جان رکھو

اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿٢٦٧﴾ اَلشَّيْطٰنُ

کہ اللہ بے پرواہ ہے خوبیوں والا ﴿٢٦٧﴾ شیطان

يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاۗءِ ۚ

وعدہ دیتا ہے تم کو تنگ دستی کا اور حکم کرتا ہے بے حیائی کا

وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ۭ

اور اللہ وعدہ دیتا ہے تم کو اپنی بخشش اور فضل کا

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٦٨﴾ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ

اور اللہ بہت کشائش والا ہے سب کچھ جانتا ہے ﴿٢٦٨﴾ عنایت کرتا ہے سمجھ

مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ

جس کسی کو چاہے اور جس کو سمجھ ملی

فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ؕ وَمَا يَذَّكَّرُ

اس کو بڑی خوبی ملی اور نصیحت وہی قبول کرتے ہیں

اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٢٦٩﴾ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ

جو عقل والے ہیں ﴿٢٦٩﴾ اور جو خرچ کرو گے تم

مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ

خیرات یا قبول کرو گے کوئی منت تو بے شک

اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿٢٧٠﴾

اللہ کو سب معلوم ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ﴿٢٧٠﴾

اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ

اگر ظاہر کر کے دو خیرات تو کیا اچھی بات ہے اور اگر

تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ

اس کو چھپاؤ اور فقیروں کو پہنچاؤ تو وہ بہتر ہے

لَّكُمْ ؕ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ

تمھارے حق میں اور دور کرے گا کچھ گناہ تمھارے

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿٢٧١﴾ لَيْسَ

اور اللہ تمھارے کاموں سے خوب خبردار ہے ﴿٢٧١﴾

عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ

تیرا ذمہ نہیں ان کو راہ پر لانا اور لیکن اللہ راہ پر لاوے

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ

جس کو چاہے اور جو کچھ خرچ کرو گے تم مال

فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ

سو اپنے ہی واسطے جب تک کہ خرچ کرو گے

وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ

اللہ ہی کی رضاجوئی میں اور جو کچھ خرچ کرو گے خیرات سو پوری ملے گی

اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٢٧٢﴾ لِلْفُقَرَآءِ

تم کو اور تمھارا حق نہ رہے گا ﴿٢٧٢﴾ خیرات ان فقیروں کے لیے ہے

الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

جو رکے ہوئے ہیں اللہ کی راہ میں

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ز

چل پھر نہیں سکتے ملک میں

يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ج

سمجھے ان کو ناواقف مال دار ان کے سوال نہ کرنے سے

تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ج لَا يَسْـَٔلُوْنَ

تو پہچانتا ہے ان کو ان کے چہرہ سے نہیں سوال کرتے

النَّاسَ اِلْحَافًا ط وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ

لوگوں سے لپٹ کر اور جو کچھ خرچ کرو گے کام کی چیز

فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿٢٧٣﴾ ع اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ ٣٧ ع ٤ ٧ ٥

وہ بے شک اللہ کو معلوم ہے ﴿٢٧٣﴾ جو لوگ خرچ کرتے ہیں

اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً

اپنے مال اللہ کی راہ میں رات کو اور دن کو چھپا کر اور ظاہر میں

فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

تو ان کے لیے ہے ثواب ان کا اپنے رب کے پاس اور نہ ڈر ہے

وقف منزل

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٧٤﴾ اَلَّذِيْنَ

ان پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿٢٧٤﴾ جو لوگ

يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا

کھاتے ہیں سود وہ نہیں اٹھیں گے قیامت کو مگر جس طرح

يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ

اٹھتا ہے وہ شخص کہ جس کے حواس کھو دیے ہوں جن نے لپٹ کر

الْمَسِّ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ

یہ حالت ان کی اس واسطے ہوگی کہ انہوں نے کہا کہ سوداگری بھی تو

وقف لازم

مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ

ایسی ہی ہے جیسے سود لینا حالانکہ اللہ نے حلال کیا ہے سوداگری کو اور حرام کیا ہے

الرِّبٰوا ؕ فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ

سود کو پھر جس کو پہنچی نصیحت اپنے رب کی طرف سے

فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ وَاَمْرُهٗۤ اِلَى

اور وہ باز آگیا تو اس کے واسطے ہے جو پہلے ہو چکا اور معاملہ اس کا

اللّٰهِ ؕ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

اللہ کے حوالہ ہے اور جو کوئی پھر سود لیوے تو وہی لوگ ہیں دوزخ والے

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٧٥﴾ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٢٧٥﴾ مٹاتا ہے اللہ سود کو

وَيُرْبِى الصَّدَقٰتِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ

اور بڑھاتا ہے خیرات کو اور اللہ خوش نہیں کسی

كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿٢٧٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ناشکر گناہ گار سے ﴿٢٧٦﴾ جو لوگ ایمان لائے اور عمل

الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ

نیک کیے اور قائم رکھا نماز کو اور دیتے رہے زکوٰۃ

لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

ان کے لیے ہے ثواب ان کا اپنے رب کے پاس اور نہ ان کو خوف

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٧٧﴾ يٰٓاَيُّهَا

ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿٢٧٧﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ

ایمان والو ڈرو اللہ سے اور چھوڑ دو جو کچھ باقی رہ گیا ہے

مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧٨﴾ فَاِنْ

سود اگر تم کو یقین ہے اللہ کے فرمانے کا ﴿٢٧٨﴾ پھر اگر

لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ

نہیں چھوڑتے تو تیار ہوجاؤ لڑنے کو اللہ سے

وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ

اور اس کے رسول سے اور اگر توبہ کرتے ہو تو تمھارے واسطے ہے اصل

اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٢٧٩﴾

مال تمھارا نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ کوئی تم پر ﴿٢٧٩﴾

وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى

اور اگر ہے تنگ دست تو مہلت دینی چاہیے

مَيْسَرَةٍ ؕ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ

کشائش ہونے تک اور بخش دو تو بہت بہتر ہے تمھارے لیے اگر

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٨٠﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ

تم کو سمجھ ہو ﴿٢٨٠﴾ اور ڈرتے رہو اس دن سے کہ جس دن لوٹائے جاؤ گے

فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۗ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا

اللہ کی طرف پھر پورا دیا جائے گا ہر شخص کو جو کچھ

كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٨١﴾ ع يٰۤاَيُّهَا ٣٨ ع ٨ ٦

اس نے کمایا اور ان پر ظلم نہ ہوگا ﴿٢٨١﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ

ایمان والو جب تم آپس میں معاملہ کرو ادھار کا

اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْيَكْتُبْ

کسی وقت مقرر تک تو اس کو لکھ لیا کرو اور چاہیے کہ لکھ دے

بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۖ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ

تمھارے درمیان کوئی لکھنے والا انصاف سے اور انکار نہ کرے لکھنے والا

اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ

اس سے کہ لکھ دیوے جیسا سکھایا اس کو اللہ نے سو اس کو چاہیے کہ لکھ دے

وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ

اور بتلاتا جاوے وہ شخص کہ جس پر قرض ہے اور ڈرے

اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ۭ

اللہ سے جو اس کا رب ہے اور کم نہ کرے اس میں سے کچھ

فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا

پھر اگر وہ شخص کہ جس پر قرض ہے بے عقل ہے

اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ

یا ضعیف ہے یا آپ نہیں بتلا سکتا

يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ۭ

تو بتلاوے کارگزار اس کا انصاف سے

وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ

اور گواہ کرو دو شاہد اپنے مردوں میں سے

فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ

پھر اگر نہ ہوں دو مرد تو ایک مرد

وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ

اور دو عورتیں ان لوگوں میں سے کہ جن کو تم پسند کرتے ہو گواہوں میں

اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا

تاکہ اگر بھول جائے ایک ان میں سے تو یاد دلاوے اس کو

الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ

وہ دوسری اور انکار نہ کریں گواہ جس وقت بلائے جاویں

وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا

اور کاہلی نہ کرو اس کے لکھنے سے چھوٹا ہو معاملہ یا بڑا

اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ

اسکی میعاد تک اس میں پورا انصاف ہے اللہ کے نزدیک اور بہت درست رکھنے والا ہے

لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ

گواہی کو اور نزدیک ہے کہ شبہ میں نہ پڑو مگر یہ کہ

تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ

سودا ہو ہاتھوں ہاتھ لیتے دیتے ہو اس کو آپس میں

فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ

تو تم پر کچھ گناہ نہیں اگر اس کو نہ لکھو

وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۪ وَلَا يُضَآرَّ

اور گواہ کرلیا کرو جب تم سودا کرو اور نقصان نہ کرے

كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ؕ وَاِنْ تَفْعَلُوْا

لکھنے والا اور نہ گواہ اور اگر ایسا کرو تو

فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

یہ گناہ کی بات ہے تمھارے اندر اور ڈرتے رہو اللہ سے

وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٢٨٢﴾

اور اللہ تم کو سکھلاتا ہے اور اللہ ہر ایک چیز کو جانتا ہے ﴿٢٨٢﴾

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا

اور اگر تم سفر میں ہو اور نہ پاؤ

كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ

کوئی لکھنے والا تو گرو ہاتھ میں رکھنی چاہیے پھر اگر اعتبار کرے

بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى

ایک دوسرے کا تو چاہیے کہ پورا ادا کرے وہ شخص کہ جس پر

اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ

اعتبار کیا اپنی امانت کو اور ڈرتا رہے اللہ سے جو رب ہے اس کا

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا

اور مت چھپاؤ گواہی کو اور جو شخص اس کو چھپاوے

فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

تو بے شک گناہ گار ہے دل اس کا اور اللہ تمھارے کاموں کو

عَلِيْمٌ ﴿٢٨٣﴾ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى ع ٣٩ ع ٢ ٧

خوب جانتا ہے ﴿٢٨٣﴾ اللہ ہی کا ہے جو کچھ کہ آسمانوں اور

الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

زمین میں ہے اور اگر ظاہر کرو گے اپنے جی کی بات

اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ

یا چھپاؤ گے اس کو حساب لے گا اس کا تم سے اللہ پھر بخشے گا

لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

جس کو چاہے اور عذاب کرے گا جس کو چاہے

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٨٤﴾ اٰمَنَ

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿٢٨٤﴾ مان لیا

الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ

رسول نے جو کچھ اترا اس پر

رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ

اس کے رب کی طرف سے اور مسلمانوں نے بھی سب نے مانا اللہ کو

وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ

اور اسکے فرشتوں کو اور اسکی کتابوں کو اور اسکے رسولوں کو کہتے ہیں کہ ہم جدا نہیں کرتے

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا

کسی کو اس کے پیغمبروں میں سے اور کہہ اٹھے

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا

کہ ہم نے سنا اور قبول کیا تیری بخشش چاہتے ہیں اے ہمارے رب

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨٥﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ

اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿٢٨٥﴾ اللہ تکلیف نہیں دیتا

نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ

کسی کو مگر جس قدر اس کی گنجائش ہے اسی کو ملتا ہے جو اس نے کمایا

وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ

اور اسی پر پڑتا ہے جو اس نے کیا اے رب ہمارے نہ پکڑ ہم کو

اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا

اگر ہم بھولیں یا چوکیں اے رب ہمارے

وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ

اور نہ رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسا رکھا تھا

عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا

ہم سے اگلے لوگوں پر اے رب ہمارے

وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ

اور نہ اٹھوا ہم سے وہ بوجھ کہ جس کی ہم کو طاقت نہیں اور درگزر کر

عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة وَارْحَمْنَا وقفة

ہم سے اور بخش ہم کو اور رحم کر ہم پر

اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

تو ہی ہمارا رب ہے مدد کر ہماری

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾ ع

ع ٤٠ ٣ ٨

کافروں پر ﴿٢٨٦﴾

سورۂ آل عمران مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (٢٠٠) آیتیں اور (٢٠) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٨٩) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٣) نمبر پر ہے اور سورۂ انفال کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اس میں (٣٤٨٠) کلمات ہیں	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اس میں (١٤٥٢٠) حروف ہیں

الٓمّٓ ﴿١﴾ لا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لا الْحَيُّ

الٓمّٓ ﴿١﴾ اللہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ ہے

الْقَيُّوْمُ ۝٢ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

سب کا تھامنے والا ۝٢ اتاری تجھ پر کتاب سچی

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ

تصدیق کرتی ہے اگلی کتابوں کی اور اتارا تورات

وَالْاِنْجِيْلَ ۝٣ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ

اور انجیل کو ۝٣ اس کتاب سے پہلے لوگوں کی ہدایت کے لیے

وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور اتارے فیصلے بے شک جو منکر ہوئے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَاللّٰهُ

اللہ کی آیتوں سے ان کے واسطے سخت عذاب ہے اور اللہ

عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝٤ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى

زبردست ہے بدلہ لینے والا ۝٤ اللہ پر چھپی نہیں

عَلَيْهِ شَيْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ ۝٥ ؕ

کوئی چیز زمین میں اور نہ آسمان میں ۝٥

هُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَیْفَ

وہی تمھارا نقشہ بناتا ہے ماں کے پیٹ میں جس طرح

یَشَآءُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ

چاہے کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا زبردست ہے

الْحَكِیْمُ ۝٦ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ عَلَیْكَ

حکمت والا ۝٦ وہی ہے جس نے اتاری تجھ پر

الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ

کتاب اس میں بعض آیتیں ہیں محکم یعنی انکے معنی واضح ہیں وہ اصل ہیں

الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِیْنَ

کتاب کی اور دوسری ہیں مشابہ یعنی جن کے معنٰی معلوم یا معیّن نہیں سو جن کے

فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ

دلوں میں کجی ہے وہ پیروی کرتے ہیں متشابہات کی

مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ ۚ

گمراہی پھیلانے کی غرض سے اور مطلب معلوم کرنے کی وجہ سے

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ

اور ان کا مطلب کوئی نہیں جانتا سوا اللہ کے اور مضبوط علم والے

فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ

کہتے ہیں ہم اس پر یقین لائے سب

عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا

ہمارے رب کی طرف سے اتری ہیں اور سمجھانے سے وہی سمجھتے ہیں

الْاَلْبَابِ ۝٧ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ

جن کو عقل ہے ۝٧ اے رب نہ پھیر ہمارے دلوں کو

اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ

جب تو ہم کو ہدایت کرچکا اور عنایت کر ہم کو اپنے پاس سے

رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝٨ رَبَّنَآ

رحمت تو ہی ہے سب کچھ دینے والا ۝٨ اے رب

اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ

تو جمع کرنے والا ہے لوگوں کو ایک دن جس میں کچھ شبہ

ع ١/٩ ع

فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝٩

نہیں بے شک اللہ خلاف نہیں کرتا اپنا وعدہ ۝٩

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ

بے شک جو لوگ کافر ہیں ہرگز کام نہ آویں گے

اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ

ان کو ان کے مال اور نہ ان کی اولاد اللہ کے سامنے کچھ

وَاُولٰٓئِكَ هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ۝١٠ لا كَدَاْبِ

اور وہی ہیں ایندھن دوزخ کے ۝١٠ جیسے دستور

اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

فرعون والوں کا اور جو ان سے پہلے تھے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ

جھٹلایا انہوں نے ہماری آیتوں کو پھر پکڑا ان کو اللہ نے انکے گناہوں پر

وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝١١ قُلْ لِّلَّذِيْنَ

اور اللہ کا عذاب سخت ہے ۝١١ کہہ دے کافروں کو

كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى

کہ اب تم مغلوب ہو گے اور ہانکے جاؤ گے

جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٢﴾ قَدْ كَانَ

دوزخ کی طرف اور کیا برا ٹھکانا ہے ﴿١٢﴾ ابھی گزر چکا ہے

لَكُمْ اٰيَةٌ فِىْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ

تمھارے سامنے ایک نمونہ دو فوجوں میں جن میں مقابلہ ہوا ایک فوج ہے کہ

تُقَاتِلُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ

لڑتی ہے اللہ کی راہ میں اور دوسری فوج کافروں کی ہے

يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْىَ الْعَيْنِ ؕ وَاللّٰهُ

دیکھتے ہیں یہ ان کو اپنے سے دو چند صریح آنکھوں سے اور اللہ

يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ

زور دیتا ہے اپنی مدد کا جس کو چاہے اسی میں

لَعِبْرَةً لِّاُولِى الْاَبْصَارِ ﴿١٣﴾ زُيِّنَ لِلنَّاسِ

عبرت ہے دیکھنے والوں کو ﴿١٣﴾ فریفتہ کیا ہے لوگوں کو

حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ

مرغوب چیزوں کی محبت نے جیسے عورتیں اور بیٹے

وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ

اور خزانے جمع کیے ہوئے سونے

وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ

اور چاندی کے اور گھوڑے نشان لگائے ہوئے اور مویشی

وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

اور کھیتی یہ فائدہ اٹھانا ہے دنیا کی زندگی میں

وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿١٤﴾ قُلْ

اور اللہ ہی کے پاس ہے اچھا ٹھکانا ﴿١٤﴾ کہہ دے

اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ

کیا بتاؤں میں تم کو اس سے بہتر

اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ

پرہیزگاروں کے لیے اپنے رب کے ہاں باغ ہیں جن کے نیچے جاری

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ

ہیں نہریں ہمیشہ رہیں گے ان میں اور عورتیں ہیں

مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

ستھری اور رضامندی اللہ کی اور اللہ

بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۚ ﴿١٥﴾ اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ

کی نگاہ میں ہیں بندے ﴿١٥﴾ وہ جو کہتے ہیں

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

اے رب ہمارے ہم ایمان لائے ہیں سو بخش دے ہم کو گناہ ہمارے اور بچا ہم کو

عَذَابَ النَّارِ ۚ ﴿١٦﴾ اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ

دوزخ کے عذاب سے ﴿١٦﴾ وہ صبر کرنے والے ہیں اور سچے

وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ

اور حکم بجالانے والے اور خرچ کرنے والے اور گناہ بخشوانے والے

بِالْاَسْحَارِ ﴿١٧﴾ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

پچھلی رات میں ﴿١٧﴾ اللہ نے گواہی دی کہ کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا

هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا

اور فرشتوں نے اور علم والوں نے بھی وہی حاکم

بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ

انصاف کا ہے کسی کی بندگی نہیں سوا اس کے زبردست

الْحَكِيْمُ ؕ ﴿١٨﴾ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ

حکمت والا ﴿١٨﴾ بےشک دین جو ہے اللہ کے ہاں

النصف

الْاِسْلَامُ ۗ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

سو یہی مسلمانی حکم برداری اور مخالف نہیں ہوئے

الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ

کتاب والے مگر جب ان کو معلوم ہوچکا

بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

آپس کی ضد اور حسد سے اور جو کوئی انکار کرے اللہ کے حکموں کا

فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿١٩﴾ فَاِنْ

تو اللہ جلدی حساب لینے والا ہے ﴿١٩﴾ پھر بھی اگر

حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ

تجھ سے جھگڑیں تو کہہ دے میں نے تابع کیا اپنا منہ اللہ کے حکم پر

وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا

اور انہوں نے بھی کہ جو میرے ساتھ ہیں اور کہہ دے

الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ

کتاب والوں کو اور اَن پڑھوں کو کہ تم بھی تابع ہوتے ہو پھر اگر

اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا

وہ تابع ہوئے تو انہوں نے پائی راہ سیدھی اور اگر منہ پھیریں تو

ع ١٠ ٢ ١١ عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿٢٠﴾ ع

تیرے ذمہ صرف پہنچا دینا ہے اور اللہ کی نگاہ میں ہیں بندے ﴿٢٠﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

بے شک جو لوگ انکار کرتے ہیں اللہ کے حکموں کا اور قتل کرتے ہیں

وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّيَقْتُلُوْنَ

پیغمبروں کو ناحق اور قتل کرتے ہیں

الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ

ان کو جو حکم کرتے ہیں انصاف کرنے کا لوگوں میں سے

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢١﴾ اُولٰٓئِكَ

سو خوش خبری سنا دے ان کو عذاب دردناک کی ﴿٢١﴾ یہی ہیں

الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

جن کی محنت ضائع ہوئی دنیا میں

وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٢٢﴾

اور آخرت میں اور کوئی نہیں ان کا مددگار ﴿٢٢﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ

کیا نہ دیکھا تو نے ان لوگوں کو جن کو ملا کچھ ایک حصہ

الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ

کتاب کا ان کو بلاتے ہیں اللہ کی کتاب کی طرف تاکہ وہ کتاب انہیں حکم کرے

بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ

پھر منہ پھیرتے ہیں بعضے

وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٣﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا

ان میں سے تغافل کر کے ﴿٢٣﴾ یہ اس واسطے کہ کہتے ہیں وہ

لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ص

ہم کو ہرگز نہ لگے گی آگ دوزخ کی مگر چند دن گنتی کے

وَّغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٤﴾

اور بہکے ہیں اپنے دین میں اپنی بنائی باتوں پر ﴿٢٤﴾

فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ

پھر کیا ہوگا حال جب ہم انکو جمع کریں گے ایک دن کہ اسکے آنے میں کچھ

فِيْهِ ق وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ

شبہ نہیں اور پورا پاوے گا ہر کوئی اپنا کیا

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ

اور ان کی حق تلفی نہ ہوگی ﴿٢٥﴾ تو کہہ یا اللہ مالک

الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ

سلطنت کے تو سلطنت دیوے جس کو چاہے اور سلطنت چھین لیوے

الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ

جس سے چاہے اور عزت دیوے جس کو چاہے

وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط

اور ذلیل کرے جس کو چاہے تیرے ہاتھ ہے سب خوبی

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٦﴾ تُوْلِجُ

بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے ﴿٢٦﴾ تو داخل کرتا ہے

الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ز

رات کو دن میں اور داخل کرے دن کو رات میں

وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ

اور تو نکالے زندہ مردہ سے اور نکالے

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ

مردہ زندہ سے اور تو رزق دے جس کو چاہے

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢٧﴾ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ

بے شمار ﴿٢٧﴾ نہ بناویں مسلمان

الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ

کافروں کو دوست مسلمانوں کو چھوڑ کر

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ

اور جو کوئی یہ کام کرے تو نہیں اس کو اللہ سے

فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ؕ

کوئی تعلق مگر اس حالت میں کہ کرنا چاہو تم ان سے بچاؤ

وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

اور اللہ تم کو ڈراتا ہے اپنے سے اور اللہ ہی کی طرف

الْمَصِيْرُ ﴿٢٨﴾ قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ

لوٹ کر جانا ہے ﴿٢٨﴾ تو کہہ اگر تم چھپاؤ گے اپنے جی کی

صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ

بات یا اسے ظاہر کرو گے جانتا ہے اس کو اللہ

وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

اور اس کو معلوم ہے جو کچھ کہ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٩﴾ يَوْمَ تَجِدُ

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿٢٩﴾ جس دن موجود پاوے گا

كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚ صلے

ہر شخص جو کچھ کہ کی ہے اس نے نیکی اپنے سامنے

وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ

اور جو کچھ کہ کی ہے اس نے برائی آرزو کرے گا کہ

بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًا بَعِيْدًا ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ

مجھ میں اور اس میں فرق پڑجاوے دور کا اور اللہ ڈراتا ہے تم کو

اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿٣٠﴾ ع

اپنے سے اور اللہ بہت مہربان ہے بندوں پر ﴿٣٠﴾

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ

تو کہہ اگر تم محبت رکھتے ہو اللہ کی تو میری راہ چلو

يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ

تاکہ محبت کرے تم سے اللہ اور بخشے گناہ تمھارے

معانقہ ٢

ع ٣ ١١

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣١﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿٣١﴾ تو کہہ حکم مانو اللہ کا

وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

اور رسول کا پھر اگر اعراض کریں تو اللہ کو محبت نہیں ہے

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٢﴾ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا

کافروں سے ﴿٣٢﴾ بے شک اللہ نے پسند کیا آدم کو اور نوح کو

وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿٣٣﴾

اور ابراہیم کے گھر کو اور عمران کے گھر کو سارے جہان سے ﴿٣٣﴾

ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ

جو اولاد تھے ایک دوسرے کی اور اللہ سننے والا

عَلِيْمٌ ﴿٣٤﴾ ۚ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ

جاننے والا ہے ﴿٣٤﴾ جب کہا عمران کی عورت نے کہ اے رب

اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا

میں نے نذر کیا تیرے جو کچھ میرے پیٹ میں ہے سب سے آزاد رکھ کر

فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ

سو تو مجھ سے قبول کر بے شک تو ہی ہے اصل سننے والا

الْعَلِيْمُ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ

جاننے والا ﴿٣٥﴾ پھر جب اس کو جنا بولی اے رب

اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

میں نے تو اس کو لڑکی جنی اور اللہ کو خوب معلوم ہے جو کچھ

وَضَعَتْ ؕ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ

اس نے جنا اور بیٹا نہ ہو جیسی وہ بیٹی

وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ

اور میں نے اس کا نام رکھا مریم اور میں تیری پناہ میں دیتی ہوں اس کو

وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿٣٦﴾

اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے ﴿٣٦﴾

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا

پھر قبول کیا اس کو اس کے رب نے اچھی طرح کا قبول اور بڑھایا اس کو

نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ كُلَّمَا

اچھی طرح بڑھانا اور سپرد کی زکریا کو جس وقت

دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ

آتے اس کے پاس زکریا حجرے میں پاتے

عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ

اس کے پاس کچھ کھانا کہا اے مریم کہاں سے آیا تیرے پاس

هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ

یہ کہنے لگی یہ اللہ کے پاس سے آتا ہے

اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٧﴾

اللہ رزق دیتا ہے جس کو چاہے بے قیاس ﴿٣٧﴾

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ

وہیں دعا کی زکریا نے اپنے رب سے کہا اے رب میرے

هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ

عطا کر مجھ کو اپنے پاس سے اولاد پاکیزہ

اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿٣٨﴾ فَنَادَتْهُ

بے شک تو سننے والا ہے دعا کو ﴿٣٨﴾ پھر اس کو آواز دی

الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ

فرشتوں نے جب وہ کھڑے تھے نماز میں حجرے کے اندر

اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا

کہ اللہ تجھ کو خوش خبری دیتا ہے یحییٰ کی جو گواہی دے گا

بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا

اللہ کے ایک حکم کی اور سردار ہوگا اور عورت کے پاس نہ جائے گا

وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٣٩﴾ قَالَ رَبِّ

اور نبی ہوگا صالحین سے ﴿٣٩﴾ کہا اے رب

اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ

کہاں سے ہوگا میرے لڑکا اور پہنچ چکا مجھ کو بڑھاپا

وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ

اور عورت میری بانجھ ہے فرمایا اسی طرح اللہ کرتا ہے

مَا يَشَآءُ ﴿٤٠﴾ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ؕ

جو چاہے ﴿٤٠﴾ کہا اے رب مقرر کر میرے لیے کچھ نشانی

قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ

فرمایا نشانی تیرے لیے یہ ہے کہ نہ بات کرے گا تو لوگوں سے تین دن

اِلَّا رَمْزًا ؕ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ

مگر اشارہ سے اور یاد کر اپنے رب کو بہت اور تسبیح کر

بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿٤١﴾ ع وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ ع ١١ ١٢

شام اور صبح ﴿٤١﴾ اور جب فرشتے بولے

يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ

اے مریم اللہ نے تجھ کو پسند کیا اور ستھرا بنایا

وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٢﴾

اور پسند کیا تجھ کو سب جہان کی عورتوں پر ﴿٤٢﴾

يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ

اے مریم بندگی کر اپنے رب کی اور سجدہ کر اور رکوع کر

مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ

ساتھ رکوع کرنے والوں کے ﴿٤٣﴾ یہ خبریں

الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ

غیب کی ہیں جو ہم بھیجتے ہیں تجھ کو اور تو نہ تھا

لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ

ان کے پاس جب ڈالنے لگے اپنے قلم کہ کون

يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ

پرورش میں لے مریم کو اور تو نہ تھا ان کے پاس

اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٤٤﴾ اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ

جب وہ جھگڑتے تھے ﴿٤٤﴾ جب کہا فرشتوں نے

يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖ

اے مریم اللہ تجھ کو بشارت دیتا ہے ایک اپنے حکم کی

اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

جس کا نام مسیح ہے عیسیٰ مریم کا بیٹا

وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ

مرتبہ والا دنیا میں اور آخرت میں اور اللہ کے

الْمُقَرَّبِيْنَ ۙ﴿٤٥﴾ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ

مقربوں میں ﴿٤٥﴾ اور باتیں کرے گا لوگوں سے جبکہ ماں کی گود میں ہوگا

وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٤٦﴾ قَالَتْ رَبِّ

اور جب کہ پوری عمر کا ہوگا اور نیک بختوں میں ہے ﴿٤٦﴾ بولی اے رب

اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ؕ

کہاں سے ہوگا میرے لڑکا اور مجھ کو ہاتھ نہیں لگایا کسی آدمی نے

قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ

فرمایا اسی طرح اللہ پیدا کرتا ہے جو چاہے

اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ

جب ارادہ کرتا ہے کسی کام کا تو یہی کہتا ہے اس کو کہ ہوجا

فَيَكُوْنُ ﴿٤٧﴾ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

سو وہ ہوجاتا ہے ﴿٤٧﴾ اور سکھا دے گا اس کو کتاب اور تہ کی باتیں

وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿٤٨﴾ وَرَسُوْلًا اِلٰى

اور تورات اور انجیل ﴿٤٨﴾ اور کرے گا اس کو پیغمبر

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ

بنی اسرائیل کی طرف بیشک میں آیا ہوں تمھارے پاس نشانیاں لے کر

مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ

تمھارے رب کی طرف سے کہ میں بنا دیتا ہوں تم کو گارے سے

كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ

پرندہ کی شکل پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو ہوجاتا ہے وہ

طَيْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ

اڑتا جانور اللہ کے حکم سے اور اچھا کرتا ہوں مادر زاد اندھے کو

وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ

اور کوڑھی کو اور جلاتا ہوں مردے اللہ کے حکم سے

وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ

اور بتادیتا ہوں تم کو جو کھا کر آؤ اور جو رکھ آؤ

فِيْ بُيُوْتِكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ

اپنے گھر میں اس میں نشانی پوری ہے تم کو

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ ﴿٤٩﴾ وَمُصَدِّقًا لِّمَا

اگر تم یقین رکھتے ہو ﴿٤٩﴾ اور سچا بتاتا ہوں

بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ

اپنے سے پہلی کتاب کو جو تورات ہے اور اس واسطے کہ حلال کر دوں تم کو

بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ

بعضی وہ چیزیں جو حرام تھیں تم پر اور آیا ہوں تمھارے پاس

بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿٥٠﴾

نشانی لے کر تمھارے رب کی سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو ﴿٥٠﴾

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا

بے شک اللہ ہے رب میرا اور رب تمھارا سو اس کی بندگی کرو یہی

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٥١﴾ فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى

راہ سیدھی ہے ﴿٥١﴾ پھر جب معلوم کیا عیسیٰ نے

مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ

بنی اسرائیل کا کفر بولا کون ہے کہ میری مدد کرے اللہ کی راہ میں

قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ

کہا حواریوں نے ہم ہیں مدد کرنے والے اللہ کے

اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿٥٢﴾

ہم یقین لائے اللہ پر اور تو گواہ رہ کہ ہم نے حکم قبول کیا ﴿٥٢﴾

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ

اے رب ہم نے یقین کیا اس چیز کا جو تو نے اتاری اور ہم تابع ہوئے رسول کے

فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٥٣﴾ وَمَكَرُوْا

سو تو لکھ لے ہم کو ماننے والوں میں ﴿٥٣﴾ اور مکر کیا ان کافروں نے

وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿٥٤﴾ ع

اور مکر کیا اللہ نے اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے ﴿٥٤﴾

اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ

جس وقت کہا اللہ نے اے عیسیٰ میں لے لوں گا تجھ کو

ع ٥ ١٣ ١٣ الثّلٰثة

وَرَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ

اور اٹھا لوں گا اپنی طرف اور پاک کر دوں گا تجھ کو

كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ

کافروں سے اور رکھوں گا ان کو جو تیرے تابع ہیں غالب

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ

ان لوگوں سے جو انکا رد کرتے ہیں قیامت کے دن تک پھر

اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا

میری طرف ہے تم سب کو پھر آنا پھر فیصلہ کردوں گا تم میں جس بات میں

كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٥٥﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

تم جھگڑتے تھے ﴿٥٥﴾ سو وہ لوگ جو

كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي

کافر ہوئے ان کو عذاب کروں گا سخت عذاب

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٥٦﴾

دنیا میں اور آخرت میں اور کوئی نہیں ان کا مددگار ﴿٥٦﴾

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور کام نیک کیے

فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

سو ان کو پورا دے گا ان کا حق اور اللہ کو خوش نہیں آتے

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۷﴾ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ

بے انصاف ﴿۵۷﴾ یہ پڑھ سناتے ہیں ہم تجھ کو

الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴿۵۸﴾ اِنَّ مَثَلَ

آیتیں اور بیان تحقیقی ﴿۵۸﴾ بے شک

عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ

عیسیٰ کی مثال اللہ کے نزدیک جیسے مثال آدم کی بنایا اس کو

مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۵۹﴾

مٹی سے پھر کہا اس کو کہ ہوجا وہ ہوگیا ﴿۵۹﴾

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ

حق وہ ہے جو تیرا رب کہے پھر تو مت رہ

الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ

شک لانے والوں سے ﴿٦٠﴾ پھر جو کوئی جھگڑا کرے تجھ سے اس قصّہ میں

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ

بعد اس کے کہ آچکی تیرے پاس خبر سچی تو تو کہہ دے

تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ

آؤ بلاویں ہم اپنے بیٹے اور تمھارے بیٹے

وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا

اور اپنی عورتیں اور تمھاری عورتیں اور اپنی جان

وَاَنْفُسَكُمْ ۟ قف ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ

اور تمھاری جان پھر التجاء کریں ہم سب اور

لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿٦١﴾ اِنَّ هٰذَا

لعنت کریں اللہ کی ان پر کہ جو جھوٹے ہیں ﴿٦١﴾ بے شک یہی ہے

لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ

بیان سچا اور کسی کی بندگی نہیں ہے

اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

سوا اللہ کے اور اللہ جو ہے وہی ہے زبردست

الْحَكِيْمُ ﴿٦٢﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

حکمت والا ﴿٦٢﴾ پھر اگر قبول نہ کریں تو اللہ کو

ع ٦ ٩ ١٤ عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿٦٣﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ

معلوم ہیں فساد کرنے والے ﴿٦٣﴾ تو کہہ اے اہل

الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا

کتاب آؤ ایک بات کی طرف جو برابر ہے ہم میں

وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ

اور تم میں کہ بندگی نہ کریں ہم مگر اللہ کی اور شریک نہ ٹھہراویں

بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا

اس کا کسی کو اور نہ بناوے کوئی کسی کو

اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا

رب سوا اللہ کے پھر اگر وہ قبول نہ کریں

فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾

تو کہہ دو گواہ رہو کہ ہم تو حکم کے تابع ہیں ﴿٦٤﴾

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ

اے اہل کتاب کیوں جھگڑتے ہو

اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ

ابراہیم کی بابت اور تورات اور انجیل

اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٥﴾

تو اتریں اس کے بعد کیا تم کو عقل نہیں ﴿٦٥﴾

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ

سنتے ہو تم لوگ جھگڑ چکے جس بات میں

بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ

تم کو کچھ خبر تھی اب کیوں جھگڑتے ہو جس بات میں

لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

تم کو کچھ خبر نہیں اور اللہ جانتا ہے اور تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا

نہیں جانتے ﴿٦٦﴾ نہ تھا ابراہیم یہودی

وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا

اور نہ تھا نصرانی لیکن تھا حنیف یعنی سب جھوٹے مذہبوں سے بیزار

مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٦٧﴾

اور حکم بردار اور نہ تھا مشرک ﴿٦٧﴾

اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ

بے شک لوگوں میں زیادہ مناسبت ابراہیم سے ان کو تھی جو

اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ

ساتھ اس کے تھے اور اس نبی کو اور جو ایمان لائے اس نبی پر

وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ

اور اللہ والی ہے مسلمانوں کا ﴿٦٨﴾ آرزو ہے بعضے

مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ

اہل کتاب کو کہ کسی طرح گمراہ کریں تم کو

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٦٩﴾

اور گمراہ نہیں کرتے مگر اپنے آپ کو اور نہیں سمجھتے ﴿٦٩﴾

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

اے اہل کتاب کیوں انکار کرتے ہو اللہ کے کلام کا

وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿٧٠﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ

اور تم قائل ہو ﴿٧٠﴾ اے اہل کتاب

لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ

کیوں ملاتے ہو سچ میں جھوٹ اور چھپاتے ہو

الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٧١﴾ ع وَقَالَتْ ع ٧ ٨ ١٥

سچی بات جان کر ﴿٧١﴾ اور کہا

طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ

بعضے اہل کتاب نے مان لو جو کچھ

اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ

اترا مسلمانوں پر دن چڑھے

وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ج صلے ٧٢

اور منکر ہوجائے آخر دن میں شاید وہ پھر جاویں ٧٢

وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ط قُلْ

اور نہ مانیو مگر اسی کی جو چلے تمھارے دین پر کہہ دے کہ

اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ لا اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ

بیشک ہدایت وہی ہے جو اللہ ہدایت کرے (اور یہ سب کچھ اس لیے ہے) کہ اور کسی کو بھی کیوں مل گیا

مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ

جیسا کچھ تم کو ملا تھا یا وہ غالب کیوں آگئے تم پر

رَبِّكُمْ ط قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ج

تمھارے رب کے آگے تو کہہ بڑائی اللہ کے ہاتھ میں ہے

يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ج لا ٧٣

دیتا ہے جس کو چاہے اور اللہ بہت گنجائش والا ہے خبردار ٧٣

يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ

خاص کرتا ہے اپنی مہربانی جس پر چاہے اور اللہ

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾ وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

کا فضل بڑا ہے ﴿۷۴﴾ اور بعضے اہل کتاب میں

مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ

وہ ہیں کہ اگر تو ان کے پاس امانت رکھے ڈھیر مال کا تو ادا کر دیں تجھ کو

وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ

اور بعضے ان میں وہ ہیں کہ اگر تو انکے پاس امانت رکھے ایک اشرفی تو ادا نہ کریں

اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ۭ ذٰلِكَ

تجھ کو مگر جب تک کہ تو رہے اس کے سر پر کھڑا یہ

بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ

اس واسطے کہ انہوں نے کہہ رکھا ہے کہ نہیں ہے ہم پر امّی لوگوں کے حق لینے میں

سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

کچھ گناہ اور جھوٹ بولتے ہیں اللہ پر

وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ

اور وہ جانتے ہیں ﴿۷۵﴾ کیوں نہیں جو کوئی پورا کرے اپنا قرار

وَ اتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

اور وہ پرہیزگار ہے تو اللہ کو محبت ہے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿٧٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ

پرہیزگاروں سے ﴿٧٦﴾ جو لوگ مول لیتے ہیں

بِعَهْدِ اللّٰهِ وَ اَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا

اللہ کے قرار پر اور اپنی قسموں پر تھوڑا سا مول

اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

ان کا کچھ حصہ نہیں آخرت میں

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ

اور نہ بات کرے گا ان سے اللہ اور نہ نگاہ کرے گا

اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ص

ان کی طرف قیامت کے دن اور نہ پاک کرے گا ان کو

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٧﴾ وَاِنَّ مِنْهُمْ

اور ان کے واسطے عذاب ہے دردناک ﴿٧٧﴾ اور بے شک ان میں

لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ

ایک فریق ہے کہ زبان مروڑ کر پڑھتے ہیں کتاب

لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ

تاکہ تم جانو کہ وہ کتب میں ہے اور وہ نہیں

الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

کتاب میں اور کہتے ہیں وہ اللہ کا کہا ہے

وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ

اور وہ نہیں اللہ کا کہا اور

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٧٨﴾

اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں جان کر ﴿٧٨﴾

مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ

کسی بشر کا کام نہیں کہ اللہ اس کو دیوے کتاب

وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ

اور حکمت اور پیغمبر کرے پھر وہ کہے لوگوں کو

كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

کہ تم میرے بندے ہوجاؤ اللہ کو چھوڑ کر

وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ

لیکن یوں کہے کہ تم اللہ والے ہوجاؤ جیسے کہ تم

تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ

سکھلاتے تھے کتاب اور جیسے کہ تم آپ بھی

تَدْرُسُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا

پڑھتے تھے اسے ﴿٧٩﴾ اور نہ یہ کہے تم کو کہ ٹھہرا لو

الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ

فرشتوں کو اور نبیوں کو رب کیا تم کو کفر سکھائے گا

بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿٨٠﴾ ع ٨ ٩ ١٦

بعد اس کے کہ تم مسلمان ہوچکے ہو ﴿٨٠﴾

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ

اور جب لیا اللہ نے عہد نبیوں سے

لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ

کہ جو کچھ میں نے تم کو دیا کتاب اور علم

ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ

پھر آوے تمھارے پاس کوئی رسول کہ سچا بتادے تمھارے پاس والی کتاب کو

لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ

تو اس رسول پر ایمان لاؤ گے اور اس کی مدد کرو گے فرمایا کہ

ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ؕ

کیا تم نے اقرار کیا اور اس شرط پر میرا عہد قبول کیا

قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا

بولے ہم نے اقرار کیا فرمایا تو اب گواہ ہو اور میں بھی

مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٨١﴾ فَمَنْ

تمھارے ساتھ گواہ ہوں ﴿٨١﴾ پھر جو کوئی

تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

پھر جاوے اس کے بعد تو وہی لوگ ہیں

الْفٰسِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ

نافرمان ﴿٨٢﴾ اب کوئی اور دین

يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

ڈھونڈتے ہیں سوا دین اللہ کے اور اسی کے حکم میں ہے جو کوئی آسمان

وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ

اور زمین میں ہے خوشی سے یا لاچاری سے اور اسی کی طرف

يُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ

سب پھر جاویں گے ﴿٨٣﴾ تو کہہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور جو کچھ

اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ

اترا ہم پر اور جو کچھ اترا ابراہیم پر

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

اور اسماعیل پر اور اسحاق پر اور یعقوب پر

وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى

اور اس کی اولاد پر اور جو ملا موسیٰ کو اور عیسیٰ کو

وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۖ لَا نُفَرِّقُ

اور جو ملا سب نبیوں کو ان کے پروردگار کی طرف سے ہم جدا نہیں کرتے

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ز وَنَحْنُ لَهٗ

ان میں کسی کو اور ہم اسی کے

مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ

فرمانبردار ہیں ﴿۸۴﴾ اور جو کوئی چاہے سوا

الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ج

دین اسلام کے اور کوئی دین سو اس سے ہرگز قبول نہ ہوگا

وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾

اور وہ آخرت میں خراب ہے ﴿۸۵﴾

كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ

کیونکر راہ دے گا اللہ ایسے لوگوں کو کہ کافر ہوگئے

اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ

ایمان لا کر اور گواہی دے کر کہ بے شک رسول

حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاللّٰهُ

سچا ہے اور آئیں ان کے پاس نشانیاں روشن اور اللہ

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٦﴾ اُولٰٓئِكَ

راہ نہیں دیتا ظالم لوگوں کو ﴿٨٦﴾ ایسے لوگوں

جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

کی سزا یہ ہے کہ ان پر لعنت ہے اللہ کی اور فرشتوں کی

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٧﴾ لا خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ

اور لوگوں کی سب کی ﴿٨٧﴾ ہمیشہ رہیں گے اس میں

لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ

نہ ہلکا ہوگا ان سے عذاب اور نہ ان کو

يُنْظَرُوْنَ ﴿٨٨﴾ لا اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ

فرصت ملے ﴿٨٨﴾ مگر جنہوں نے توبہ کی اس کے بعد

ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۟ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٨٩﴾

اور نیک کام کیے تو بے شک اللہ غفور رحیم ہے ﴿٨٩﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ

بے شک جو لوگ منکر ہوئے مان کر پھر

ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ

بڑھتے رہے انکار میں ہرگز قبول نہ ہوگی ان کی توبہ

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿٩٠﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور وہی ہیں گمراہ ﴿٩٠﴾ بے شک جو لوگ

كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ

کافر ہوئے اور مرگئے کافر ہی تو ہرگز قبول نہ ہوگا

مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا

کسی ایسے سے زمین بھر کر سونا

وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

اور اگرچہ بدلا دیوے اس قدر سونا اُن کو عذاب

اَلِيْمٌ ۙ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٩١﴾ ع ٩ ١١ ١٧

دردناک ہے اور کوئی نہیں ان کا مددگار ﴿٩١﴾

لَنۡ تَنَالُوا الۡبِرَّ حَتّٰى تُنۡفِقُوۡا مِمَّا

ہرگز نہ حاصل کرسکو گے نیکی میں کمال جب تک نہ خرچ کرو

تُحِبُّوۡنَ ۬ؕ وَمَا تُنۡفِقُوۡا مِنۡ شَیۡءٍ فَاِنَّ

اپنی پیاری چیز سے کچھ اور جو چیز خرچ کرو گے سو

اللّٰهَ بِهٖ عَلِیۡمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ

اللہ کو معلوم ہے ﴿۹۲﴾ سب کھانے کی چیزیں

حِلًّا لِّبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ

حلال تھیں بنی اسرائیل کو مگر وہ جو حرام کرلی تھی

اِسۡرَآءِیۡلُ عَلٰى نَفۡسِهٖ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ

اسرائیل نے اپنے اوپر تورات

تُنَزَّلَ التَّوۡرٰىةُ ؕ قُلۡ فَاۡتُوۡا بِالتَّوۡرٰىةِ

نازل ہونے سے پہلے تو کہہ! لاؤ تورات

فَاتۡلُوۡهَاۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿۹۳﴾

اور پڑھو اگر سچے ہو ﴿۹۳﴾

وَقْفُ جِبْرِيْل عَلَيْهِ السَّلَام

فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ

پھر جو کوئی جوڑے اللہ پر جھوٹ اس کے بعد

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ قُلْ

تو وہی ہیں بڑے بے انصاف ﴿۹۴﴾

صَدَقَ اللّٰهُ ۗ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ

تو کہہ سچ فرمایا اللہ نے اب تابع ہوجاؤ دین ابرا ہیم کے

حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۵﴾

جو ایک ہی کا ہو رہا تھا اور نہ تھا شرک کرنے والا ﴿۹۵﴾

اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ

بے شک سب سے پہلا گھر جو مقرر ہوا لوگوں کے واسطے یہی ہے جو

بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۶﴾ ج

مکہ میں ہے برکت والا اور ہدایت جہان کے لوگوں کو ﴿۹۶﴾

فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ ۵ ج

اس میں نشانیاں ہیں ظاہر جیسے مقام ابراہیم

وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى

اور جو اس کے اندر آیا اس کو امن ملا اور اللہ کا حق ہے

النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ

لوگوں پر حج کرنا اس گھر کا جو شخص قدرت رکھتا ہو اس کی طرف

سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ

راہ چلنے کی اور جو نہ مانے تو پھر اللہ پروا نہیں رکھتا

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

جہان کے لوگوں کی ﴿۹۷﴾ تو کہہ اے اہل کتاب کیوں

تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖۗ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ

منکر ہوتے ہو اللہ کے کلام سے اور اللہ کے رو برو ہے

عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ

جو تم کرتے ہو ﴿۹۸﴾ تو کہہ اے اہل کتاب

لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ

کیوں روکتے ہو اللہ کی راہ سے

نُصْلِيْهِ نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ

ہم اس کو ڈالیں گے آگ میں اور یہ اللہ پر

يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾ اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَاۗىِٕرَ

آسان ہے ﴿۳۰﴾ اگر تم بچتے رہو گے ان چیزوں سے

مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ

جو گناہوں میں بڑی ہیں تو ہم معاف کریں گے تم سے

سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾

چھوٹے گناہ تمھارے اور داخل کریں گے تم کو عزت کے مقام میں ﴿۳۱﴾

وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ

اور ہوس مت کرو جس چیز میں بڑائی دی اللہ نے ایک کو

عَلٰى بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

ایک پر مردوں کو حصہ ہے اپنی کمائی

اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

سے اور عورتوں کو حصہ ہے اپنی

اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْـَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ

کمائی سے اور مانگو اللہ سے اس کا فضل

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾

بے شک اللہ کو ہر چیز معلوم ہے ﴿۳۲﴾

وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ

اور ہر کسی کیلئے ہم نے مقرر کر دیے ہیں وارث اس مال کے کہ چھوڑ مریں ماں باپ

وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ

اور قرابت والے اور جن سے معاہدہ ہوا تمھارا

فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى

ان کو دے دو ان کا حصہ بے شک اللہ

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ ع ۵ ۸ ۲

کے رو برو ہے ہر چیز ﴿۳۳﴾ مرد حاکم ہیں

عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ

عورتوں پر اس واسطے کہ بڑائی دی اللہ نے ایک کو

عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ

ایک پر اور اس واسطے کہ خرچ کیے انہوں نے اپنے مال

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ

پھر جو عورتیں نیک ہیں سو تابع دار ہیں نگہبانی کرتی ہیں پیٹھ پیچھے

بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ

اللہ کی حفاظت سے اور جن کی بدخوئی کا ڈر ہو تم کو

نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ

تو ان کو سمجھاؤ اور جدا کرو

فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ

سونے میں اور مارو پھر اگر

اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ

کہا مانیں تمھارا تو مت تلاش کرو ان پر راہ الزام کی

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ وَاِنْ

بے شک اللہ ہے سب سے اوپر بڑا ﴿۳۴﴾ اور اگر

خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا

تم ڈرو کہ وہ دونوں آپس میں ضد رکھتے ہیں تو کھڑا کرو ایک منصف

مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ

مرد والوں میں سے اور ایک منصف عورت والوں میں سے اگر

يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ

یہ دونوں چاہیں گے کہ صلح کرادیں تو اللہ موافقت کردے گا ان دونوں میں

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾ وَاعْبُدُوا

بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا خبردار ہے ﴿۳۵﴾ اور بندگی کرو

اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ

اللہ کی اور شریک نہ کرو اس کا کسی کو اور ماں باپ کے ساتھ

اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

نیکی کرو اور قرابت والوں کے ساتھ اور یتیموں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ

اور فقیروں اور ہمسایہ قریب اور ہمسایہ

الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ

اجنبی اور پاس بیٹھنے والے اور

السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ

مسافر کے ساتھ اور اپنے ہاتھ کے مال یعنی غلام باندیوں کے ساتھ

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا

بے شک اللہ کو پسند نہیں آتا اترانے والا

فَخُوْرَا ۙ﴿۳۶﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ

بڑائی کرنے والا ﴿۳۶﴾ وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں اور سکھاتے ہیں

النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ

لوگوں کو بخل اور چھپاتے ہیں جو ان کو دیا

اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

اللہ نے اپنے فضل سے اور تیار کر رکھا ہے ہم نے کافروں کے لیے

عَذَابًا مُّهِيْنًا ۚ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

عذاب ذلت کا ﴿۳۷﴾ اور وہ لوگ جو خرچ کرتے ہیں

اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ

اپنے مال لوگوں کے دکھانے کو اور ایمان نہیں لاتے

بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ

اللہ پر اور نہ قیامت کے دن پر اور جس کا

الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾

ساتھی ہوا شیطان تو وہ بہت برا ساتھی ہے ﴿۳۸﴾

وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

اور کیا نقصان تھا ان کا اگر ایمان لاتے اللہ پر اور

الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ

قیامت کے دن پر اور خرچ کرتے اللہ کے دیے ہوئے میں سے اور

اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ

اللہ کو ان کی خوب خبر ہے ﴿۳۹﴾ بے شک اللہ حق نہیں رکھتا

مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً

کسی کا ایک ذرہ برابر اور اگر نیکی ہو

يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا

تو اس کو دونا کردیتا ہے اور دیتا ہے اپنے پاس سے

عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ

بڑا ثواب ﴿۴۰﴾ پھر کیا حال ہوگا جب بلاویں گے ہم ہر

اُمَّةٍ ۢ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ

امت میں سے احوال کہنے والا اور بلاویں گے تجھ کو ان لوگوں پر

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ

احوال بتانے والا ﴿۴۱﴾ اس دن آرزو کریں گے وہ لوگ

كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى

جو کافر ہوئے تھے اور رسول کی نافرمانی کی تھی کاش برابر کیے جاویں

بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ

وہ زمین میں اور نہ چھپا سکیں گے اللہ سے

ع ۲ ۹ ۳ حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

کوئی بات ﴿۴۲﴾ اے ایمان والو!

لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى

نزدیک نہ جاؤ نماز کے جس وقت کہ تم نشہ میں ہو یہاں تک کہ

تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا

سمجھنے لگو جو کہتے ہو اور نہ اس وقت کہ غسل کی حاجت ہو مگر

عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ

راہ چلتے ہوئے یہاں تک کہ غسل کرلو اور اگر

كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ

تم مریض ہو یا سفر میں یا آیا ہے

اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ

کوئی شخص تم میں جائے ضرور سے یا پاس گئے ہو

النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا

عورتوں کے پھر نہ ملا تم کو پانی تو ارادہ کرو

صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ

زمین پاک کا پھر ملو اپنے منہ کو

وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا

اور ہاتھوں کو بےشک اللہ ہے معاف کرنے والا

غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا

بخشنے والا ﴿۴۳﴾ کیا تو نے نہ دیکھا ان کو جن کو ملا ہے

نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ

کچھ حصہ کتاب سے خرید کرتے ہیں گمراہی

وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾ ط

اور چاہتے ہیں کہ تم بھی بہک جاؤ راہ سے ﴿۴۴﴾

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ

اور اللہ خوب جانتا ہے تمھارے دشمنوں کو اور اللہ کافی ہے

وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ مِنَ

حمایتی اور اللہ کافی ہے مددگار ﴿۴۵﴾ بعضے

الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ

لوگ یہودی پھیرتے ہیں بات کو

مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا

اس کے ٹھکانے سے اور کہتے ہیں ہم نے سنا اور نہ مانا

وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا

اور کہتے ہیں کہ سن نہ سنایا جائیو اور کہتے ہیں رَاعِنَا موڑ کر

بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ط وَلَوْ

اپنی زبان کو اور عیب لگانے کو دین میں اور اگر

اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ

وہ کہتے ہم نے سنا اور مانا اور سن

وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ

اور ہم پر نظر کر تو بہتر ہوتا ان کے حق میں اور درست

وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ

لیکن لعنت کی ان پر اللہ نے ان کے کفر کے سبب

فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾ يٰٓاَيُّهَا

سو وہ ایمان نہیں لاتے مگر بہت کم ﴿۴۶﴾ اے

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا

کتاب والو ایمان لاؤ اس پر جو ہم نے نازل کیا

مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ

تصدیق کرتا ہے اس کتاب کی جو تمھارے پاس ہے پہلے اس سے کہ ہم مٹاڈالیں

وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ

بہت سے چہروں کو پھر الٹ دیں ان کو پیٹھ کی طرف یا

نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ

لعنت کریں ان پر جیسے ہم نے لعنت کی ہفتہ کے دن والوں پر

وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ

اور اللہ کا حکم تو ہو کر ہی رہتا ہے ﴿۴۷﴾ بے شک اللہ

لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا

نہیں بخشتا اس کو جو اس کا شریک کرے اور بخشتا ہے

دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ

اس سے نیچے کے گناہ جس کے چاہے اور جس نے شریک ٹھہرایا

بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾

اللہ کا اس نے بڑا طوفان باندھا ﴿۴۸﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ

کیا تو نے نہ دیکھا ان کو جو اپنے آپ کو پاکیزہ کہتے ہیں

بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ

بلکہ اللہ ہی پاکیزہ کرتا ہے جس کو چاہے اور ان پر ظلم نہ ہوگا

فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى

تاگے برابر ﴿۴۹﴾ دیکھ کیسا باندھتے ہیں

اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖۤ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾ ع ۷ ۴

اللہ پر جھوٹ اور کافی ہے یہی گناہ صریح ﴿۵۰﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ

کیا تو نے نہ دیکھا ان کو جن کو ملا ہے کچھ حصہ

الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ

کتاب کا جو مانتے ہیں بتوں کو اور شیطان کو

وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰۤؤُلَآءِ

اور کہتے ہیں کافروں کو کہ یہ لوگ

اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾

زیادہ راہ راست پر ہیں مسلمانوں سے ﴿۵۱﴾

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ

یہ وہی ہیں جن پر لعنت کی ہے اللہ نے اور جس پر

يَّلْعَنِ اللّٰهُ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾

لعنت کرے اللہ نہ پاوے گا تو اس کا کوئی مددگار ﴿۵۲﴾

اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا

کیا ان کا کچھ حصہ ہے سلطنت میں پھر تو

لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾ اَمْ يَحْسُدُوْنَ

یہ نہ دیں گے لوگوں کو ایک تل برابر ﴿۵۳﴾ یا حسد کرتے ہیں

النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ

لوگوں کا اس پر جو دیا ہے ان کو اللہ نے اپنے فضل سے

فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ

سو ہم نے تو دی ہے ابراہیم کے خاندان میں کتاب

وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾

اور علم اور ان کو دی ہے ہم نے بڑی سلطنت ﴿۵۴﴾

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ

پھر ان میں سے کسی نے اس کو مانا اور کوئی اس سے ہٹا رہا

عَنْهُ ؕ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ

اور کافی ہے دوزخ کی بھڑکتی آگ ﴿۵۵﴾ بے شک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ

جو منکر ہوئے ہماری آیتوں سے ان کو ہم ڈالیں گے

نَارًا ؕ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ

آگ میں جس وقت جل جائے گی کھال انکی تو ہم بدل دیویں گے ان کو

جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ

اور کھال تاکہ چکھتے رہیں عذاب

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ ع

بے شک اللہ ہے زبردست حکمت والا ﴿۵۶﴾ اور جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ

ایمان لائے اور کام کیے نیک البتہ ان کو ہم داخل کریں گے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

باغوں میں جن کے نیچے بہتی ہیں نہریں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ

رہا کریں ان میں ہمیشہ ان کے لیے وہاں

اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ز وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا

عورتیں ہیں ستھری اور ان کو ہم داخل کریں گے

ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا

گھنی چھاؤں میں ﴿۵۷﴾ بے شک اللہ تم کو فرماتا ہے کہ پہنچا دو

الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ

امانتیں امانت والوں کو اور جب فیصلہ کرنے لگو

بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ

لوگوں میں تو فیصلہ کرو انصاف سے

اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

بے شک اللہ اچھی نصیحت کرتا ہے تم کو بے شک اللہ

كَانَ سَمِيْعًا ۢ بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

ہے سننے والا دیکھنے والا ﴿۵۸﴾ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ

حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول ﷺ کا

وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ

اور حاکموں کا جو تم میں سے ہوں پھر اگر جھگڑ پڑو

فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ

کسی چیز میں تو اس کو رجوع کرو طرف اللہ کے اور رسول ﷺ کے

اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

اگر یقین رکھتے ہو اللہ پر اور قیامت کے

الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝۵۹ ع ۸ ۹ ۵

دن پر یہ بات اچھی ہے اور بہت بہتر ہے اس کا انجام ۵۹

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ

کیا تو نے نہ دیکھا ان کو جو دعویٰ کرتے ہیں کہ

اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ

ایمان لائے ہیں اس پر جو اترا تیری طرف اور جو اترا

مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا

تجھ سے پہلے چاہتے ہیں کہ قضیہ لے جائیں

اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا

شیطان کی طرف اور حکم ہوچکا ہے ان کو کہ اس کو نہ مانیں

بِهٖ ؕ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ

اور چاہتا ہے شیطان کہ ان کو بہکا کر

ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۶۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

دور جا ڈالے ﴿۶۰﴾ اور جب ان کو کہے

تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ

کہ آؤ اللہ کے حکم کی طرف جو اس نے اتارا اور رسول ﷺ کی طرف

رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ

تو دیکھے تو منافقوں کو کہ ہٹتے ہیں تجھ سے

صُدُوْدًا ﴿۶۱﴾ ۚ فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ

رک کر ﴿۶۱﴾ پھر کیا ہو کہ جب ان کو پہنچے

مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ

مصیبت اپنے ہاتھوں کے کیے ہوئے سے پھر

جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ

آویں تیرے پاس قسمیں کھاتے ہوئے اللہ کی ہم کو غرض نہ تھی

اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ﴿۶۲﴾ اُولٰٓئِكَ

مگر بھلائی اور ملاپ ﴿۶۲﴾ یہ

الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ

وہ لوگ ہیں کہ اللہ جانتا ہے جو ان کے دل میں ہے

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ

سو تو ان سے تغافل کر اور ان کو نصیحت کر اور ان سے کہہ

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا ﴿۶۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

ان کے حق میں بات کام کی ﴿۶۳﴾ اور ہم نے کوئی رسول ﷺ

مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ

نہیں بھیجا مگر اسی واسطے کہ اس کا حکم مانیں اللہ کے فرمانے سے اور اگر

اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ

وہ لوگ جس وقت انہوں نے اپنا برا کیا تھا آتے تیرے پاس

فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ

پھر اللہ سے معافی چاہتے اور رسول ﷺ بھی ان کو بخشواتا

الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾

تو البتہ اللہ کو پاتے معاف کرنے والا مہربان ﴿۶۴﴾

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ

سو قسم ہے تیرے رب کی وہ مومن نہ ہوں گے یہاں تک کہ تجھ کو ہی منصف جانیں

فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ

اس جھگڑے میں جو ان میں اٹھے پھر نہ پاویں

اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا

اپنے جی میں تنگی تیرے فیصلہ سے اور قبول کریں

تَسْلِيْمًا ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ

خوشی سے ﴿۶۵﴾ اور اگر ہم ان پر حکم کرتے

اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ

کہ ہلاک کرو اپنی جان یا چھوڑ نکلو

دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ

اپنے گھر تو ایسا نہ کرتے مگر تھوڑے ان میں سے

وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ

اور اگر یہ لوگ کریں وہ جو ان کو نصیحت کی جاتی ہے

لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ۙ﴿۶۶﴾

توالبتہ ان کے حق میں بہتر ہو اور زیادہ ثابت رکھنے والا ہو دین میں ﴿۶۶﴾

وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا

اور اس وقت البتہ دیں ہم ان کو اپنے پاس سے بڑا

عَظِيْمًا ۙ﴿۶۷﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا

ثواب ﴿۶۷﴾ اور چلاویں ان کو سیدھی

مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ

راہ ﴿۶۸﴾ اور جو کوئی حکم مانے اللہ کا

وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ

اور اس کے رسول ﷺ کا سو وہ ان کے ساتھ ہیں جن پر اللہ نے

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ

انعام کیا کہ وہ نبی اور صدیق

وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ

اور شہید اور نیک بخت ہیں اور اچھی ہے

اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۭ ۶۹ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ

ان کی رفاقت ۶۹ یہ فضل ہے

اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۷۰ يٰٓاَيُّهَا ع ۹ ۱۱ ۶

اللہ کی طرف سے اور اللہ کافی ہے جاننے والا ۷۰ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا

ایمان والو! لے لو اپنے ہتھیار پھر نکلو

ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ۷۱ وَاِنَّ مِنْكُمْ

جُدی جُدی فوج ہو کر یا سب اکٹھے ۷۱ اور بے شک تم میں بعضا

لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ

ایسا ہے کہ البتہ دیر لگاوے گا پھر اگر تم کو کوئی مصیبت پہنچے

قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ

تو کہے اللہ نے مجھ پر فضل کیا کہ میں نہ ہوا

مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿۷۲﴾ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ

ان کے ساتھ ﴿۷۲﴾ اور اگر تم کو پہنچا فضل

مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ

اللہ کی طرف سے تو اس طرح کہنے لگے گا کہ گویا نہ تھی تم میں

وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ

اور اس میں کچھ دوستی اے کاش کہ میں ہوتا ان کے ساتھ

فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۳﴾ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ

تو پاتا بڑی مراد ﴿۷۳﴾ سو چاہیے لڑیں

سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ

اللہ کی راہ میں وہ لوگ جو بیچتے ہیں دنیا کی زندگی

الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ

آخرت کے بدلے اور جو کوئی لڑے اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ

پھر مارا جاوے یا غالب ہو وے تو ہم دیں گے اس کو

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ

بڑا ثواب ﴿۷۴﴾ اور تم کو کیا ہوا کہ نہیں لڑتے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ

اللہ کی راہ میں اور ان کے واسطے جو مغلوب ہیں

الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ

مرد اور عورتیں اور بچے جو

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ

کہتے ہیں اے رب ہمارے نکال ہم کو اس

الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ

بستی سے کہ ظالم ہیں یہاں کے لوگ اور کردے

لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙ وَّاجْعَلْ لَّنَا

ہمارے واسطے اپنے پاس سے کوئی حمایتی اور کر دے ہمارے واسطے

مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ؕ ﴿۷۵﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اپنے پاس سے مددگار ﴿۷۵﴾ جو لوگ ایمان والے ہیں

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ

سو لڑتے ہیں اللہ کی راہ میں اور جو

كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ

کافر ہیں سو لڑتے ہیں شیطان کی راہ میں

فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ

سو لڑو تم شیطان کے حمایتیوں سے بے شک

ع ۱۰ ۶ ۷ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ﴿۷۶﴾ ع اَلَمْ تَرَ

فریب شیطان کا سست ہے ﴿۷۶﴾ کیا تو نے نہ دیکھا

اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ

ان لوگوں کو جن کو حکم ہوا تھا کہ اپنے ہاتھ تھامے رکھو

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا

اور قائم رکھو نماز اور دیتے رہو زکوٰۃ پھر جب

كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ

حکم ہوا ان پر لڑائی کا اسی وقت ان میں ایک جماعت

مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ

ڈرنے لگی لوگوں سے جیسا ڈر ہو اللہ کا

اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ

یا اس سے بھی زیادہ ڈر اور کہنے لگے اے رب ہمارے کیوں فرض کی

عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ

ہم پر لڑائی کیوں نہ چھوڑے رکھا ہم کو تھوڑی

قَرِيْبٍ ؕ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ

مدت تک کہہ دے کہ فائدہ دنیا کا تھوڑا ہے

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ

اور آخرت بہتر ہے پرہیزگار کو اور تمھارا حق نہ رہے گا

فَتِيْلًا ﴿۷۷﴾ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ

ایک تاگے برابر ﴿۷۷﴾ جہاں کہیں تم ہو گے موت تم کو آپکڑے گی

الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ؕ

اگرچہ تم ہو مضبوط قلعوں میں

وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ

اور اگر پہنچے لوگوں کو کچھ بھلائی تو کہیں یہ

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ

اللہ کی طرف سے ہے اور اگر ان کو پہنچے کچھ برائی

يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ؕ قُلْ كُلٌّ

تو کہیں یہ تیری طرف سے ہے کہہ دے کہ سب

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ

اللہ کی طرف سے ہے سو کیا حال ہے ان لوگوں کا

لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ﴿۷۸﴾

ہرگز نہیں لگتے کہ سمجھیں کوئی بات ﴿۷۸﴾

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۘ وَمَآ

جو پہنچے تجھ کو کوئی بھلائی سو اللہ کی طرف سے ہے اور جو

اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ

پہنچے تجھ کو کوئی برائی سو تیرے نفس کی طرف سے ہے

وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

اور ہم نے تجھ کو بھیجا پیغام پہنچانے والا لوگوں کو اور اللہ کافی ہے

شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ

سامنے دیکھنے والا ﴿۷۹﴾ جس نے حکم مانا رسول ﷺ کا

اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

اس نے حکم مانا اللہ کا اور جو الٹا پھرا تو ہم نے تجھ کو نہیں بھیجا

عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ ﴿۸۰﴾ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۫

ان پر نگہبان ﴿۸۰﴾ اور کہتے ہیں کہ قبول ہے

فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ

پھر جب باہر گئے تیرے پاس سے تو مشورہ کرتے ہیں

طَآىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِىْ تَقُوْلُ ؕ

بعضے بعضے ان میں سے رات کو اس کے خلاف جو تجھ سے کہہ چکے تھے

وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ

اور اللہ لکھتا ہے جو وہ مشورہ کرتے ہیں سو تو تغافل کر

عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

ان سے اور بھروسہ کر اللہ پر اور اللہ کافی ہے

وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ

کارساز ﴿۸۱﴾ کیا غور نہیں کرتے قرآن میں

وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا

اور اگر یہ ہوتا کسی اور کا سوا اللہ کے تو ضرور پاتے

فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَا جَآءَهُمْ

اس میں بہت تفاوت ﴿۸۲﴾ اور جب ان کے پاس پہنچتی ہے

اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ

کوئی خبر امن کی یا ڈر کی تو اس کو مشہور کردیتے ہیں

وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ

اور اگر اس کو پہنچا دیتے رسول ﷺ تک اور اپنے حاکموں تک

مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ

تو تحقیق کرتے اس کو جو ان میں تحقیق کرنے والے ہیں اس کی

مِنْهُمْ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ

اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا تم پر اور اس کی مہربانی

لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾ فَقَاتِلْ

تو البتہ تم پیچھے ہو لیتے شیطان کے مگر تھوڑے ﴿۸۳﴾ سو تو لڑ

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ

اللہ کی راہ میں تو ذمہ دار نہیں مگر اپنی جان کا

وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

اور تاکید کر مسلمانوں کو قریب ہے کہ اللہ

يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ

بند کر دے لڑائی کافروں کی اور اللہ

اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿۸۴﴾ مَنْ

بہت سخت ہے لڑائی میں اور بہت سخت ہے سزا دینے میں ﴿۸۴﴾ جو کوئی

يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ

سفارش کرے نیک بات میں اس کو بھی ملے گا

نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً

اس میں سے ایک حصہ اور جو کوئی سفارش کرے

سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ؕ وَكَانَ

بری بات میں اس پر بھی ہے ایک بوجھ اس میں سے اور

اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ﴿۸۵﴾ وَاِذَا

اللہ ہے ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ﴿۸۵﴾ اور جب

حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ

تم کو دعا دیوے کوئی تو تم بھی دعا دو اس سے بہتر

مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى

یا وہی کہو الٹ کر بے شک اللہ ہے

النصف

كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ﴿۸۶﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

ہر چیز کا حساب کرنے والا ﴿۸۶﴾ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہیں

هُوَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

بے شک تم کو جمع کرے گا قیامت کے دن

لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ

اس میں کچھ شبہ نہیں اور اللہ سے سچی کس کی

ع ۱۱ ۸ حَدِيْثًا ﴿۸۷﴾ فَمَا لَكُمْ فِى الْمُنٰفِقِيْنَ

بات ﴿۸۷﴾ پھر تم کو کیا ہوا کہ منافقوں کے معاملہ میں

فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ

دو فریق ہو رہے ہو اور اللہ نے ان کو الٹ دیا بسبب ان کے اعمال کے

اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ

کیا تم چاہتے ہو کہ راہ پر لاؤ جس کو گمراہ کیا اللہ نے

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ

اور جس کو گمراہ کرے اللہ ہرگز نہ پاوے گا تو اس کے لیے

سَبِيْلًا ﴿۸۸﴾ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا

کوئی راہ ﴿۸۸﴾ چاہتے ہیں کہ تم بھی کافر ہوجاؤ جیسے

كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا

وہ کافر ہوئے تو پھر تم سب برابر ہوجاؤ سو تم ان میں سے کسی کو

مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ

دوست مت بناؤ یہاں تک کہ وطن چھوڑ آویں

سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ

اللہ کی راہ میں پھر اگر اس کو قبول نہ کریں تو ان کو پکڑو

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ص

اور مار ڈالو جہاں پاؤ

وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۸۹﴾ لا

اور نہ بناؤ ان میں سے کسی کو دوست اور نہ مددگار ﴿۸۹﴾

اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ

مگر وہ لوگ جو ملاپ رکھتے ہیں ایک قوم سے کہ تم میں

وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ

اور ان میں عہد ہے یا آئے ہیں تمھارے پاس کہ تنگ ہو گئے ہیں

صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا

دل ان کے تمھاری لڑائی سے اور اپنی قوم کی

قَوْمَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ

لڑائی سے بھی اور اگر اللہ چاہتا تو ان کو تم پر زور دے دیتا

عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ

تو ضرور لڑتے تم سے سو اگر یکسو رہیں وہ تم سے

فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ

پھر تم سے نہ لڑیں اور پیش کریں تم پر صلح

فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴿۹۰﴾

تو اللہ نے نہیں دی تم کو ان پر راہ ﴿۹۰﴾

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ

اب تم دیکھو گے ایک اور قوم کو جو چاہتے ہیں کہ

يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا

امن میں رہیں تم سے بھی اور اپنی قوم سے بھی جب کبھی

رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ

لوٹائے جاتے ہیں وہ فساد کی طرف تو اس کی طرف لوٹ جاتے ہیں

فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ

پھر اگر وہ تم سے یکسو نہ رہیں اور نہ پیش کریں تم پر

السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ

صلح اور اپنے ہاتھ نہ روکیں تو ان کو پکڑو

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ

اور مار ڈالو جہاں پاؤ

وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا

اور ان پر ہم نے تم کو دی ہے کھلی

مُّبِيْنًا ۩ ع ۹۱ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ ع ۱۲ ۴ ۹

سند ۹۱ اور مسلمان کا کام نہیں کہ قتل کرے

مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا

مسلمان کو مگر غلطی سے اور جو قتل کرے مسلمان کو

خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ

غلطی سے تو آزاد کرے گردن ایک مسلمان کی اور خون بہا

مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ؕ

پہنچائے اس کے گھر والوں کو مگر یہ کہ وہ معاف کردیں

فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ

پھر اگر مقتول تھا ایسی قوم میں سے کہ وہ تمھارے دشمن ہیں اور خود وہ

مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ

مسلمان تھا تو آزاد کرے گردن ایک مسلمان کی

وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ

اور اگر وہ تھا ایسی قوم میں سے کہ تم میں اور ان میں

مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ

عہد ہے تو خون بہا پہنچائے اس کے گھر والوں کو اور آزاد کرے

رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

گردن ایک مسلمان کی پھر جس کو میسر نہ ہو تو روزے رکھے

شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۙ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ

دو مہینے کے برابر گناہ بخشوانے کو اللہ سے

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾ وَمَنْ

اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿۹۲﴾ اور جو کوئی

يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ

قتل کرے مسلمان کو جان کر تو اس کی سزا دوزخ ہے

خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ

پڑا رہے گا اسی میں اور اللہ کا اس پر غضب ہوا اور اس کو لعنت کی

وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾ يٰۤاَيُّهَا

اور اس کے واسطے تیار کیا بڑا عذاب ﴿۹۳﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ

ایمان والو! جب سفر کرو اللہ کی

اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى

راہ میں تو تحقیق کرلیا کرو اور مت کہو اس شخص کو جو

اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ

تم سے سلام علیک کرے کہ تو مسلمان نہیں

تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫

تم چاہتے ہو اسباب دنیا کی زندگی کا

فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ

سو اللہ کے ہاں بہت غنیمتیں ہیں تم بھی تو

كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

ایسے ہی تھے اس سے پہلے پھر اللہ نے تم پر فضل کیا

فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

سو اب تحقیق کرلو بےشک اللہ تمھارے کاموں سے

خَبِيْرًا ﴿۹۴﴾ لَا يَسْتَوِى الْقٰعِدُوْنَ

خبردار ہے ﴿۹۴﴾ برابر نہیں بیٹھ رہنے والے

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ

مسلمان جن کو کوئی عذر نہیں

وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ

اور وہ مسلمان جو لڑنے والے ہیں اللہ کی راہ میں اپنے مال سے

وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ

اور جان سے اللہ نے بڑھا دیا لڑنے والوں کا

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ

اپنے مال اور جان سے بیٹھ رہنے والوں پر

دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ

درجہ اور ہر ایک سے وعدہ کیا اللہ نے بھلائی کا

وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ

اور زیادہ کیا اللہ نے لڑنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں سے

اَجْرًا عَظِيْمًا ۙ﴿۹۵﴾ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ

اجر عظیم میں ﴿۹۵﴾ جو کہ درجے ہیں اللہ کی طرف سے

وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

اور بخشش ہے اور مہربانی ہے اور اللہ ہے بخشنے والا

رَّحِيْمًا ﴿۹۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ ع ۱۳ ع ۵ ۱۰

مہربان ﴿۹۶﴾ بے شک وہ لوگ کہ جن کی جان نکالتے ہیں

الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ

فرشتے اس حالت میں کہ وہ برا کر رہے ہیں اپنا کہتے ہیں ان سے فرشتے

كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ

تم کس حال میں تھے وہ کہتے ہیں ہم تھے بے بس

فِي الْاَرْضِ ؕ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ

اس ملک میں کہتے ہیں فرشتے کیا نہ تھی زمین

اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ

اللہ کی کشادہ جو چلے جاتے وطن چھوڑ کر وہاں

فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ

سو ایسوں کا ٹھکانا ہے دوزخ اور وہ بہت بری

مَصِيْرًا ﴿۹۷﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ

جگہ پہنچے ﴿۹۷﴾ مگر جو ہیں بے بس

مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ

مردوں اور عورتوں اور بچوں میں سے

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ

جو نہیں کرسکتے کوئی تدبیر اور نہ جانتے ہیں

سَبِيْلًا ﴿۹۸﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

کہیں کا راستہ ﴿۹۸﴾ سو ایسوں کو امید ہے کہ اللہ

يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا

معاف کرے اور اللہ ہے معاف کرنے والا

غَفُوْرًا ﴿۹۹﴾ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ

بخشنے والا ﴿۹۹﴾ اور جو کوئی وطن چھوڑے اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا

پاوے گا اس کے مقابلہ میں جگہ بہت

وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ

اور کشائش اور جو کوئی نکلے اپنے گھر سے

مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ

ہجرت کر کے اللہ اور رسول کی طرف پھر آپکڑے اس کو

الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ

موت تو مقرر ہوچکا اس کا ثواب اللہ کے ہاں

ع ۱۴/۱۱ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۰﴾ ع وَاِذَا

اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ﴿۱۰۰﴾ اور جب

ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ

تم سفر کرو ملک میں تو تم پر

جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ صلے

گناہ نہیں کہ کچھ کم کرو نماز میں سے

اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ

اگر تم کو ڈر ہو کہ ستاویں گے تم کو

كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ

کافر البتہ کافر تمھارے

عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۱۰۱﴾ وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ

صریح دشمن ہیں ﴿۱۰۱﴾ اور جب تو ان میں موجود ہو

فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ

پھر نماز میں کھڑا کرے تو چاہیے ایک جماعت

مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۫

ان کی کھڑی ہو تیرے ساتھ اور ساتھ لے لیویں اپنے ہتھیار

فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۪

پھر جب یہ سجدہ کریں تو ہٹ جاویں تیرے پاس سے

وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا

اور آوے دوسری جماعت جس نے نماز نہیں پڑھی

فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ

وہ نماز پڑھیں تیرے ساتھ اور ساتھ لیویں اپنا بچاؤ

وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ

اور ہتھیار کافر چاہتے ہیں کسی طرح

تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ

تم بے خبر ہو اپنے ہتھیاروں سے اور اسباب سے

فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ؕ

تاکہ تم پر حملہ کریں یک بارگی

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ

اور تم پر کچھ گناہ نہیں اگر تم کو

اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَنْ

تکلیف ہو مینہ سے یا تم بیمار ہو کہ

تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ

اتار رکھو اپنے ہتھیار اور ساتھ لے لو اپنا بچاؤ

اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا

بے شک اللہ نے تیار کر رکھا ہے کافروں کے واسطے عذاب

مُّهِيْنًا ﴿۱۰۲﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ

ذلت کا ﴿۱۰۲﴾ پھر جب تم نماز پڑھ چکو

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى

تو یاد کرو اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور

جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا

لیٹے پھر جب خوف جاتا رہے تو درست کرو

الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى

نماز کو بے شک نماز مسلمانوں پر

الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿۱۰۳﴾ وَلَا تَهِنُوْا

فرض ہے اپنے مقرر وقتوں میں ﴿۱۰۳﴾ اور ہمت نہ ہارو

فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ

ان کا پیچھا کرنے سے اگر تم بے آرام ہوتے ہو

فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ

تو وہ بھی بے آرام ہوتے ہیں جس طرح تم ہوتے ہو اور تم کو

مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْضٰوْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

اللہ سے امید ہے جو ان کو نہیں اور اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۰۴﴾ اِنَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكَ ع ۱۵ ۴ ۱۲

سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿۱۰۴﴾ بیشک ہم نے اتاری تیری طرف

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ

کتاب سچی کہ تو انصاف کرے لوگوں میں

بِمَاۤ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ

جو کچھ سمجھاوے تجھ کو اللہ اور تو مت ہو دغابازوں کی طرف سے

خَصِيْمًا ﴿۱۰۵﴾ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

جھگڑنے والا ﴿۱۰۵﴾ اور بخشش مانگ اللہ سے بے شک اللہ

كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۶﴾ ۚ وَلَا تُجَادِلْ

بخشنے والا مہربان ہے ﴿۱۰۶﴾ اور مت جھگڑ

عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ

ان کی طرف سے جو اپنے جی میں دغا رکھتے ہیں

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا

بے شک اللہ کو پسند نہیں جو کوئی ہو دغاباز

اَثِيْمًا ﴿۱۰۷﴾ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ

گنہگار ﴿۱۰۷﴾ شرماتے ہیں لوگوں سے

وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ

اور نہیں شرماتے اللہ سے اور وہ ان کے ساتھ ہے

اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ

جب کہ مشورہ کرتے ہیں رات کو اس بات کا جس سے اللہ راضی نہیں

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿۱۰۸﴾

اور جو کچھ وہ کرتے ہیں سب اللہ کے قابو میں ہے ﴿۱۰۸﴾

هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي

سنتے ہو تم لوگ جھگڑا کرتے ہو ان کی طرف سے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ

دنیا کی زندگی میں پھر کون جھگڑا کرے گا

عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ

ان کے بدلے اللہ سے قیامت کے دن یا کون ہوگا

عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۱۰۹﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا

ان کا کارساز ﴿۱۰۹﴾ اور جو کوئی کرے گناہ

اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ

یا اپنا برا کرے پھر اللہ سے بخشوادے

يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾ وَمَنْ

تو پاوے اللہ کو بخشنے والا مہربان ﴿۱۱۰﴾ اور جو کوئی

يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى

کرے گناہ سو کرتا ہے

نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱۱﴾

اپنے ہی حق میں اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿۱۱۱﴾

وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓـَٔةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ

اور جو کوئی کرے خطا یا گناہ پھر

يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓـًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا

تہمت لگا دے کسی بے گناہ پر تو اس نے اپنے سر دھرا طوفان

وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۲﴾ ع وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ ع ۱۶ ۸ ۱۳

اور گناہ صریح ﴿۱۱۲﴾ اور اگر نہ ہوتا تجھ پر اللہ کا فضل

عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ

اور اس کی رحمت تو قصد کر ہی چکی تھی ان میں ایک جماعت

اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ

کہ تجھ کو بہکا دیں اور بہکا نہیں سکتے مگر

اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ

اپنے آپ کو اور تیرا کچھ نہیں بگاڑ سکتے

وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

اور اللہ نے اتاری تجھ پر کتاب اور حکمت

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ

اور تجھ کو سکھائیں وہ باتیں جو تو نہ جانتا تھا اور

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ لَا خَيْرَ

اللہ کا فضل تجھ پر بہت بڑا ہے ﴿۱۱۳﴾ کچھ اچھے نہیں

فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ

ان کے اکثر مشورے مگر جو کوئی کہ کہے

بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ

صدقہ کرنے کو یا نیک کام کو یا صلح کرانے کو

بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ

لوگوں میں اور جو کوئی یہ کام کرے

مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا

اللہ کی خوشی کے لیے تو ہم اس کو دیں گے بڑا

عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ

ثواب ﴿۱۱۴﴾ اور جو کوئی مخالفت کرے رسول ﷺ کی

بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ

جب کہ کھل چکی اس پر سیدھی راہ اور چلے سب

سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ

مسلمانوں کے راستہ کے خلاف تو ہم حوالہ کرینگے اسکو وہی طرف جو اس نے اختیار کی اور ڈالیں گے ہم اسکو

ع ۱۷ ۳ ۱۴ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ

دوزخ میں اور وہ بہت بری جگہ پہنچا ﴿۱۱۵﴾ بے شک اللہ

لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ

نہیں بخشتا اس کو جو اس کا شریک کرے کسی کو اور بخشتا ہے اس کے سوا

ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ

جس کو چاہے جس نے شریک ٹھہرایا اللہ کا

فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿۱۱۶﴾ اِنْ يَّدْعُوْنَ

وہ بہک کر دور جا پڑا ﴿۱۱۶﴾ اللہ کے سوا نہیں پکارتے

مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا

مگر عورتوں کو اور نہیں پکارتے مگر

وقف لازم شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ﴿۱۱۷﴾ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ

شیطان سرکش کو ﴿۱۱۷﴾ جس پر لعنت کی اللہ نے اور کہا شیطان نے

لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا

کہ میں البتہ لوں گا تیرے بندوں سے حصہ

مَّفْرُوْضًا ﴿۱۱۸﴾ وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ

مقررہ ﴿۱۱۸﴾ اور ان کو بہکاؤں گا اور ان کو امیدیں دلاؤں گا

وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ

اور ان کو سکھلاؤں گا کہ چیریں جانوروں کے کان

وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ؕ

اور ان کو سکھلاؤں گا کہ بدلیں صورتیں بنائی ہوئی اللہ کی

وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ

اور جو کوئی بناوے شیطان کو دوست

اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ؕ ﴿۱۱۹﴾

اللہ کو چھوڑ کر تو وہ پڑا صریح نقصان میں ﴿۱۱۹﴾

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ

انکو وعدہ دیتا ہے اور ان کو امیدیں دلاتا ہے اور جو کچھ وعدہ دیتا ہے ان کو

الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ

شیطان سو سب فریب ہے ﴿۱۲۰﴾ ایسوں کا ٹھکانا ہے

جَهَنَّمُ ۡ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾

دوزخ اور نہ پاویں گے وہاں سے کہیں بھاگنے کو جگہ ﴿۱۲۱﴾

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل کیے اچھے

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

ان کو ہم داخل کریں گے باغوں میں کہ جن کے نیچے بہتی ہیں

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ

نہریں رہا کریں ان میں ہی ہمیشہ وعدہ ہے اللہ کا

حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾

سچا اور اللہ سے سچا کون ﴿۱۲۲﴾

لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ

نہ تمھاری امیدوں پر مدار ہے اور نہ اہل کتاب کی امیدوں پر

مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ

جو کوئی برا کام کرے گا اس کی سزا پاوے گا اور نہ پاوے گا

لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾

اللہ کے سوا اپنا کوئی حمایتی اور نہ کوئی مددگار ﴿۱۲۳﴾

وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ

اور جو کوئی کام کرے اچھے

ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ

مرد ہو یا عورت اور وہ ایمان رکھتا ہو سو وہ لوگ

يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾

داخل ہوں گے جنت میں اور ان کا حق ضائع نہ ہوگا تل بھر ﴿۱۲۴﴾

وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ

اور اس سے بہتر کس کا دین ہوگا جس نے پیشانی رکھی

لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ

اللہ کے حکم پر اور نیک کاموں میں لگا ہوا ہے اور چلا دین ابراہیم پر

حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾

جو ایک ہی طرف کا تھا اور اللہ نے بنا لیا ابراہیم کو خالص دوست ﴿۱۲۵﴾

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ ہے زمین میں

ع ۱۸ ۱۱ ۱۵ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾

اور سب چیزیں اللہ کے قابو میں ہیں ﴿۱۲۶﴾

وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ

اور تجھ سے رخصت مانگتے ہیں عورتوں کے نکاح کی کہہ دے اللہ

يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ

تم کو اجازت دیتا ہے ان کی اور وہ جو تم کو سنایا جاتا ہے

فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ

قرآن میں سو حکم ہے ان یتیم عورتوں کا جن کو

لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ

تم نہیں دیتے جو ان کے لیے مقرر کیا ہے اور چاہتے ہو

اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ

کہ ان کو نکاح میں لے آؤ اور حکم ہے ناتواں

الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى

لڑکوں کا اور یہ کہ قائم رہو یتیموں کے حق میں

بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ

انصاف پر اور جو کرو گے بھلائی سو

اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ﴿۱۲۷﴾ وَاِنِ امْرَاَةٌ

وہ اللہ کو معلوم ہے ﴿۱۲۷﴾ اور اگر کوئی عورت

خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا

ڈرے اپنے خاوند کے لڑنے سے یا جی پھر جانے سے

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا

تو کچھ گناہ نہیں دونوں پر کہ کرلیں آپس میں کسی طرح

صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ وَاُحْضِرَتِ

صلح اور صلح خوب چیز ہے اور دلوں کے سامنے موجود ہے

الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا

حرص اور اگر تم نیکی کرو اور پرہیزگاری کرو

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾

تو اللہ کو تمھارے سب کاموں کی خبر ہے ﴿۱۲۸﴾

وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ

اور تم ہرگز برابر نہ رکھ سکو گے

النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ

عورتوں کو اگرچہ اس کی حرص کرو سو بالکل پھر بھی نہ جاؤ

الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ

کہ ڈال رکھو ایک عورت کو جیسے ادھر میں لٹکتی اور اگر

تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا

اصلاح کرتے رہو اور پرہیزگاری کرتے رہو تو اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ

مہربان ہے ﴿۱۲۹﴾ اور اگر دونوں جدا ہوجاویں تو اللہ

كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا

ہر ایک کو بے پروا کر دے گا اپنی کشائش سے اور اللہ کشائش والا

حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

تدبیر جاننے والا ہے ﴿۱۳۰﴾ اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ

فِي الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا

ہے زمین میں اور ہم نے حکم دیا ہے

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا

پہلے کتاب والوں کو اور تم کو کہ ڈرتے رہو

اللّٰهَ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي

اللہ سے اور اگر نہ مانوگے تو اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں اور ہے اللہ

غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

بے پرواسب خوبیوں والا ﴿۱۳۱﴾ اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں

وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾

اور جو کچھ زمین میں اور اللہ کافی ہے کارساز ﴿۱۳۲﴾

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ

اگر چاہے تو تم کو دور کردے اے لوگو! اور لے آئے

بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾

اور لوگوں کو اور اللہ کو یہ قدرت ہے ﴿۱۳۳﴾

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا

جو کوئی چاہتا ہو ثواب دنیا کا

فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ

سو اللہ کے یہاں ہے ثواب دنیا کا اور آخرت کا

وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ ع يٰۤاَيُّهَا ۱۹ ع ۸ ۱۶

اور اللہ سب کچھ سنتا دیکھتا ہے ﴿۱۳۴﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ

ایمان والو قائم رہو انصاف پر

شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ

گواہی دو اللہ کی طرف کی اگرچہ نقصان ہو تمھارا یا

الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ

ماں باپ کا یا قرابت والوں کا اگر

غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۣ قف

کوئی مال دار ہے یا محتاج ہے تو اللہ ان کا خیر خواہ تم سے زیادہ ہے

فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ

سو تم پیروی نہ کرو دل کی خواہش کی انصاف کرنے میں اور اگر

تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا

تم زبان ملو گے یا بچا جاؤ گے تو اللہ

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

تمھارے سب کاموں سے واقف ہے ﴿۱۳۵﴾ اے ایمان والو

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ

یقین لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول ﷺ پر اور اس کتاب پر جو

نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ

نازل کی ہے اپنے رسول ﷺ پر اور اس کتاب پر جو

اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ

نازل کی تھی پہلے اور جو کوئی یقین نہ رکھے اللہ پر

وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ

اور اس کے فرشتوں پر اور کتابوں پر اور رسولوں پر اور قیامت

الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾

کے دن پر وہ بہک کر دور جا پڑا ﴿۱۳۶﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ

جو لوگ مسلمان ہوئے پھر کافر ہوگئے پھر

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا

مسلمان ہوئے پھر کافر ہوگئے پھر بڑھتے رہے

كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ

کفر میں تو اللہ ان کو ہرگز بخشنے والا نہیں

وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ

اور نہ دکھلاوے ان کو راہ ﴿۱۳۷﴾ خوش خبری سنادے منافقوں کو

بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ۙ﴿۱۳۸﴾ الَّذِيْنَ

کہ ان کے واسطے ہے عذاب دردناک ﴿۱۳۸﴾ وہ جو

يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ

بناتے ہیں کافروں کو اپنا رفیق

الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ

مسلمانوں کو چھوڑ کر کیا ڈھونڈتے ہیں ان کے پاس عزت

فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿۱۳۹﴾ وَقَدْ نَزَّلَ

سو عزت تو اللہ ہی کے واسطے ہے ساری ﴿۱۳۹﴾ اور حکم اتار چکا

عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ

تم پر قرآن میں کہ جب سنو

اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا

اللہ کی آیتوں پر انکار ہوتے اور ہنسی ہوتے

فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ

تو نہ بیٹھو ان کے ساتھ یہاں تک کہ مشغول ہوں

حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۚ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ

کسی دوسری بات میں نہیں تو تم بھی انہی جیسے ہوگئے

اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ

اللہ اکھٹا کرے گا منافقوں کو اور کافروں کو

فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ۙ الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ ۱۴۰

دوزخ میں ایک جگہ ۱۴۰ وہ منافق جو تمھاری تاک میں ہیں

بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ

پھر اگر تم کو فتح ملے اللہ کی طرف سے

قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۚ وَاِنْ كَانَ

تو کہیں کیا ہم نہ تھے تمھارے ساتھ اور اگر

لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ

نصیب ہو کافروں کو تو کہیں کیا ہم نے گھیر نہ لیا تھا

عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ط

تم کو اور بچا دیا تم کو مسلمانوں سے

فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط

سو اللہ فیصلہ کرے گا تم میں قیامت کے دن

وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى

اور ہرگز نہ دے گا اللہ کافروں کو

ع ۲۰ ۱۷ الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ع (۱۴۱) اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

مسلمانوں پر غلبہ کی راہ ﴿۱۴۱﴾ البتہ منافق

يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ج وَاِذَا

دغابازی کرتے ہیں اللہ سے اور وہی ان کو دغا دے گا اور جب

قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى لا

کھڑے ہوں نماز کو تو کھڑے ہوں ہارے جی سے

يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا

لوگوں کے دکھانے کو اور یاد نہ کریں اللہ کو مگر

قَلِيْلًا ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ

تھوڑا سا ﴿۱۴۲﴾ ادھر میں لٹکتے ہیں دونوں کے بیچ

لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَمَنْ

نہ ان کی طرف اور نہ ان کی طرف اور جس کو

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾

گمراہ کرے اللہ تو ہرگز نہ پاوے گا تو اس کے واسطے کہیں راہ ﴿۱۴۳﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا

اے ایمان والو نہ بناؤ

الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

کافروں کو اپنا رفیق مسلمانوں کو چھوڑ کر

اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ

کیا لیا چاہتے ہو اپنے اوپر اللہ کا

سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِى

الزام صریح ﴿۱۴۴﴾ بے شک منافق ہیں

الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ

سب سے نیچے درجہ میں دوزخ کے اور ہرگز نہ پاوے گا تو

لَهُمْ نَصِيْرًا ۙ﴿۱۴۵﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا

ان کے واسطے کوئی مددگار ﴿۱۴۵﴾ مگر جنہوں نے توبہ کی

وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا

اور اپنی اصلاح کی اور مضبوط پکڑا اللہ کو اور خالص

دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

حکم بردار ہوئے اللہ کے سو وہ ہیں ایمان والوں کے ساتھ

وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾

اور جلد دے گا اللہ ایمان والوں کو بڑا ثواب ﴿۱۴۶﴾

مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ

کیا کرے گا اللہ تم کو عذاب کر کے اگر تم حق کو مانو

وَاٰمَنْتُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾

اور یقین رکھو اور اللہ قدردان ہے سب کچھ جاننے والا ﴿۱۴۷﴾

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ

اللہ کو پسند نہیں کسی کی بری بات کا ظاہر کرنا

الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا

مگر جس پر ظلم ہوا ہو اور اللہ ہے سننے والا

عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ

جاننے والا ﴿۱۴۸﴾ اگر تم کھول کر کرو کوئی بھلائی یا اس کو چھپاؤ

اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ

یا معاف کرو برائی کو تو اللہ بھی

عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿۱۴۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ

معاف کرنے والا بڑی قدرت والا ہے ﴿۱۴۹﴾ جو لوگ منکر ہیں

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا

اللہ سے اور اس کے رسولوں سے اور چاہتے ہیں کہ فرق نکالیں

بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ

اللہ میں اور اس کے رسولوں میں اور کہتے ہیں ہم مانتے ہیں

بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ

بعضوں کو اور نہیں مانتے بعضوں کو اور چاہتے ہیں

اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۙ ﴿١٥٠﴾

کہ نکالیں اس کے بیچ میں ایک راہ ﴿١٥٠﴾

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا

ایسے لوگ وہی ہیں اصل کافر اور ہم نے تیار کر رکھا ہے

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿١٥١﴾ وَالَّذِيْنَ

کافروں کے واسطے ذلت کا عذاب ﴿١٥١﴾ اور جو لوگ

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ

ایمان لائے اللہ پر اور اس کے رسولوں پر اور جدا نہ کیا

اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ

ان میں سے کسی کو ان کو جلد دے گا

اُجُوْرَهُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١٥٢﴾ ع ٢١ ١١ ١

ان کے ثواب اور اللہ ہے بخشنے والا مہربان ﴿١٥٢﴾

يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ

تجھ سے درخواست کرتے ہیں اہل کتاب کہ تو ان پر اتار لاوے

كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى

لکھی ہوئی کتاب آسمان سے سو مانگ چکے ہیں موسیٰ سے

اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ

اس سے بھی بڑی چیز اور کہا ہم کو دکھلادے اللہ کو

جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ

بالکل سامنے سو آپڑی ان پر بجلی ان کے گناہ کے باعث

ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا

پھر بنالیا بچھڑے کو بہت کچھ

جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ

نشانیاں پہنچ چکنے کے بعد پھر ہم نے وہ بھی معاف کیا

وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾

اور دیا ہم نے موسیٰ کو غلبہ صریح ﴿۱۵۳﴾

وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ

اور ہم نے اٹھایا ان پر پہاڑ قرار لینے کے واسطے

وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

اور ہم نے کہا داخل ہو دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے

وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ

اور ہم نے کہا کہ زیادتی مت کرو ہفتہ کے دن میں

وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿١٥٤﴾

اور ہم نے ان سے لیا قول مضبوط ﴿١٥٤﴾

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ

ان کو جو سزا ملی سو ان کی عہد شکنی پر اور منکر ہونے پر

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ

اللہ کی آیتوں سے اور خون کرنے پر پیغمبروں کا ناحق

حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ

اور اس کہنے پر کہ ہمارے دل پر غلاف ہے سو یہ نہیں بلکہ اللہ نے مہر کر دی

اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ

ان کے دل پر کفر کے سبب سو ایمان نہیں لاتے

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾ صۙ وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ

مگر کم ﴿۱۵۵﴾ اور ان کے کفر پر اور

عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾ لا

مریم پر بڑا طوفان باندھنے پر ﴿۱۵۶﴾

وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى

اور ان کے اس کہنے پر کہ ہم نے قتل کیا مسیح عیسیٰ

ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ

مریم کے بیٹے کو جو رسول تھا اللہ کا اور انہوں نے نہ اس کو مارا

وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ

اور نہ سولی پر چڑھایا لیکن وہی صورت بن گئی ان کے آگے اور

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ

جو لوگ اس میں مختلف باتیں کرتے ہیں تو وہ لوگ اس جگہ شبہ میں پڑے ہوئے ہیں

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ

کچھ نہیں ان کو اس کی خبر صرف اٹکل پر چل رہے ہیں

وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۢ ۙ ﴿١٥٧﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ

اور اس کو قتل نہیں کیا بے شک ﴿١٥٧﴾ بلکہ اس کو اٹھا لیا اللہ نے

اِلَيْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٥٨﴾

اپنی طرف اور اللہ ہے زبردست حکمت والا ﴿١٥٨﴾

وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ

اور جتنے فرقے ہیں اہل کتاب کے سو عیسیٰ پر یقین لاویں گے

بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ

اس کی موت سے پہلے اور قیامت کے دن ہوگا

عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۚ ﴿١٥٩﴾ فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ

ان پر گواہ ﴿١٥٩﴾ سو یہود کے گناہوں کی وجہ سے

هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ

ہم نے حرام کیں ان پر بہت سی پاک چیزیں جو ان پر حلال تھیں

لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اور اس وجہ سے کہ روکتے تھے اللہ کی راہ سے

اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ

میں پہنچا چکا تم کو پیغام اپنے رب کے اور خیر خواہی کر چکا تمھاری

ع ۱۱ ۹ ۱ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۹۳﴾

اب کیا افسوس کروں کافروں پر ﴿۹۳﴾

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ

اور نہیں بھیجا ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی کہ

اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ

نہ پکڑا ہو ہم نے وہاں کے لوگوں کو سختی اور تکلیف میں

لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ

تاکہ وہ گڑ گڑائیں ﴿۹۴﴾ پھر بدل دی ہم نے

السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا

برائی کی جگہ بھلائی یہاں تک کہ وہ بڑھ گئے اور کہنے لگے

قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ

کہ پہنچتی رہی ہے ہمارے باپ دادوں کو بھی تکلیف اور خوشی

فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾

پھر پکڑا ہم نے ان کو ناگہاں اور ان کو خبر نہ تھی ﴿۹۵﴾

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا

اور اگر بستیوں والے ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے

لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ

تو ہم کھول دیتے ان پر نعمتیں آسمان

وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ

اور زمین سے لیکن جھٹلایا انہوں نے پس پکڑا ہم نے ان کو

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٦﴾ اَفَاَمِنَ اَهْلُ

ان کے اعمال کے بدلے ﴿٩٦﴾ اب کیا بے ڈر ہیں

الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ

بستیوں والے اس بات سے کہ آپہنچے ان پر آفت ہماری

نَآئِمُوْنَ ﴿٩٧﴾ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ

راتوں رات جب سوتے ہوں ﴿٩٧﴾ یا بے ڈرے ہیں بستیوں والے اس

يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿٩٨﴾

بات سے کہ آپہنچے ان پر عذاب ہمارا دن چڑھے جب کھیلتے ہوں ﴿٩٨﴾

اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ

کیا بے ڈر ہو گئے اللہ کے داؤ سے سو بے ڈر نہیں ہوتے اللہ کے داؤ سے

اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٩٩﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ ع ١٢ ٦ ٢

مگر خرابی میں پڑنے والے ﴿٩٩﴾ کیا نہیں ظاہر ہوا

لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ

ان لوگوں پر جو وارث ہوئے زمین کے

اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ

وہاں کے لوگوں کے ہلاک ہونے کے بعد کہ اگر ہم چاہیں تو ان کو پکڑ لیں

بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ

ان کے گناہوں پر اور ہم نے مہر کر دی ہے ان کے دلوں پر سو وہ

لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ

نہیں سنتے ﴿۱۰۰﴾ یہ بستیاں ہیں کہ سناتے ہیں ہم

عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ

تجھ کو ان کے کچھ حالات اور بے شک ان کے پاس پہنچ چکے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا

ان کے رسول نشانیاں لے کر پھر ہرگز نہ ہوا

لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ

کہ ایمان لائیں اس بات پر جس کو پہلے جھٹلا چکے تھے یوں

يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۱﴾

مہر کردیتا ہے اللہ کافروں کے دل پر ﴿۱۰۱﴾

وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ

اور نہ پایا ان کے اکثر لوگوں میں ہم نے عہد کا نباہ اور

وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ

اکثر ان میں پائے نافرمان ﴿۱۰۲﴾ پھر

بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى

بھیجا ہم نے ان کے پیچھے موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر

فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ

فرعون اور اسکے سرداروں کے پاس پس کفر کیا انہوں نے انکے مقابلہ میں، سو دیکھ

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۳﴾

کیا انجام ہوا مفسدوں کا ﴿۱۰۳﴾

وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ

اور کہا موسیٰ نے اے فرعون میں رسول ہوں

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ لَا حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ

پروردگار عالم کا ﴿۱۰۴﴾ قائم ہوں اس بات پر کہ

لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ

نہ کہوں اللہ کی طرف سے مگر جو سچ ہے

جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ

لایا ہوں تمھارے پاس نشانی تمھارے رب کی سو بھیج دے

مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۰۵﴾ ؕ قَالَ اِنْ كُنْتَ

میرے ساتھ بنی اسرائیل کو ﴿۱۰۵﴾ بولا اگر تو

جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ

آیا ہے کوئی نشانی لے کر تو لا اس کو اگر تو

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ

سچا ہے ﴿۱۰۶﴾ تب ڈال دیا اس نے اپنا عصا تو اسی وقت ہوگیا

ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾ ۚ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا

اژدہا صریح ﴿۱۰۷﴾ اور نکالا اپنا ہاتھ تو اسی وقت

هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿١٠٨﴾ قَالَ الْمَلَاُ ع ١٣ ٩ ٣

وہ سفید نظر آنے لگا دیکھنے والوں کو ﴿١٠٨﴾ بولے سردار

مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ

فرعون کی قوم کے یہ تو کوئی

عَلِيْمٌ ﴿١٠٩﴾ لا يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ

بڑا واقف جادوگر ہے ﴿١٠٩﴾ نکالنا چاہتا ہے تم کو

اَرْضِكُمْ ج فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿١١٠﴾ قَالُوْٓا

تمھارے ملک سے اب تمھاری کیا اصلاح ہے ﴿١١٠﴾ بولے

اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ

ڈھیل دے اس کو اور اس کے بھائی کو اور بھیج پرگنوں میں

حٰشِرِيْنَ ﴿١١١﴾ لا يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحّٰرٍ

جمع کرنے والوں کو ﴿١١١﴾ کہ جمع کر لائیں تیرے پاس جو ہو

عَلِيْمٍ ﴿١١٢﴾ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ

کامل جادوگر ﴿١١٢﴾ اور آئے جادوگر فرعون کے پاس

قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ

بولے ہمارے لیے کچھ مزدوری ہے اگر ہم

الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ

غالب ہوئے ﴿۱۱۳﴾ بولا ہاں اور بے شک تم

الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ

مقرب ہوجاؤ گے ﴿۱۱۴﴾ بولے اے موسیٰ یا تو

تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

تو ڈال اور یا ہم ڈالتے ہیں ﴿۱۱۵﴾

قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ

کہا ڈالو پھر جب انہوں نے ڈالا باندھ دیا

النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ

لوگوں کی آنکھوں کو اور ان کو ڈرایا اور لائے

عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ

بڑا جادو ﴿۱۱۶﴾ اور ہم نے حکم بھیجا موسیٰ کو کہ

اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا

ڈال دے اپنا عصا سو وہ جب ہی لگا نگلنے

يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا

جو سانگ انہوں نے بنایا تھا ﴿۱۱۷﴾ پس ظاہر ہو گیا حق اور غلط ہو گیا جو کچھ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ

انہوں نے کیا تھا ﴿۱۱۸﴾ پس ہار گئے اس جگہ

وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ

اور لوٹ گئے ذلیل ہو کر ﴿۱۱۹﴾ اور گر پڑے جادوگر

سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ

سجدہ میں ﴿۱۲۰﴾ بولے ہم ایمان لائے پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

عالم پر ﴿۱۲۱﴾ جو رب ہے موسیٰ اور ہارون کا ﴿۱۲۲﴾

قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ

بولا فرعون کیا تم ایمان لے آئے اس پر

اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ

میری اجازت سے پہلے یہ تو مکر ہے جو بنایا تم سب نے

فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ

اس شہر میں تاکہ نکال دو اس شہر سے اس کے رہنے والوں کو

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ لَاُقَطِّعَنَّ

سو اب تم کو معلوم ہوجائے گا ﴿۱۲۳﴾ میں ضرور کاٹوں گا

اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ

تمھارے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں پھر

لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ

سولی پر چڑھاؤں گا تم سب کو ﴿۱۲۴﴾ وہ بولے ہم کو

اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ ۚ وَمَا تَنْقِمُ

تو اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہی ہے ﴿۱۲۵﴾ اور تجھ کو ہم سے یہی دشمنی

مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا

ہے کہ مان لیا ہم نے اپنے رب کی نشانیوں کو جب

جَآءَتْنَا ؕ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا

وہ ہم تک پہنچیں اے ہمارے رب دہانے کھول دے ہم پر صبر کے

وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿١٢٦﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ ع ١٤ ع ١٨ ٤

اور ہم کو مار مسلمان ﴿١٢٦﴾ اور بولے سردار

مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ

قوم فرعون کے کیوں چھوڑتا ہے تو موسیٰ کو اور اس کی قوم کو

لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ

کہ دھوم مچائیں ملک میں اور موقوف کر دے تجھ کو

وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ

اور تیرے بتوں کو بولا اب ہم مار ڈالیں گے ان کے بیٹوں کو

وَنَسْتَحْىٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ

اور زندہ رکھیں گے ان کی عورتوں کو اور ہم ان پر

قٰهِرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ

زور آور ہیں ﴿١٢٧﴾ موسیٰ نے کہا اپنی قوم سے

اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ

مدد مانگو اللہ سے اور صبر کرو بے شک زمین ہے

لِلّٰهِ ۙ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ

اللہ کی اس کا وارث کر دے جس کو وہ چاہے اپنے بندوں میں

وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا

اور آخر میں بھلائی ہے ڈرنے والوں کیلئے ﴿۱۲۸﴾ وہ بولے ہم پر تکلیفیں رہیں

مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا

تیرے آنے سے پہلے اور تیرے آنے کے بعد

جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ

کہا نزدیک ہے کہ رب تمہارا ہلاک کر دے

عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ

تمہارے دشمن کو اور خلیفہ کردے تم کو ملک میں

فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع وَلَقَدْ ع ۱۵ ۳ ۵

پھر دیکھے تم کیسے کام کرتے ہو ﴿۱۲۹﴾ اور

اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ

ہم نے پکڑ لیا فرعون والوں کو قحطوں میں اور

مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳۰﴾

میووں کے نقصان میں تاکہ وہ نصیحت مانیں ﴿۱۳۰﴾

فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا

پھر جب پہنچی ان کو بھلائی کہنے لگے

لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ

یہ ہے ہمارے لائق اور اگر پہنچی برائی

يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ اَلَآ اِنَّمَا

تو نحوست بتلاتے موسیٰ کی اور اس کے ساتھ والوں کی سن لو

طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

ان کی شومی تو اللہ کے پاس ہے پر اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ

نہیں جانتے ﴿۱۳۱﴾ اور کہنے لگے جو کچھ تو لائے گا ہمارے پاس

مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ

نشانی کہ ہم پر اس کی وجہ سے جادو کرے، سو ہم

لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ

ہرگز تجھ پر ایمان نہ لائیں گے ﴿۱۳۲﴾ پھر ہم نے بھیجا ان پر

الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ

طوفان اور ٹڈی اور چیچڑی اور مینڈک اور

وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ قف فَاسْتَكْبَرُوْا

خون بہت سی نشانیاں جدا جدا پھر بھی تکبر کرتے رہے

وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ وَلَمَّا وَقَعَ

اور تھے وہ لوگ گناہ گار ﴿۱۳۳﴾ اور جب پڑتا

عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا

ان پر کوئی عذاب تو کہتے اے موسیٰ دعا کر ہمارے واسطے

رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ

اپنے رب سے جیسا کہ اس نے بتلا رکھا ہے تجھ کو اگر

كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ

تو نے دور کر دیا ہم سے یہ عذاب تو بیشک ہم ایمان لے آئیں گے تجھ پر

وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ ﴿۱۳۴﴾

اور جانے دیں گے تیرے ساتھ بنی اسرائیل کو ﴿۱۳۴﴾

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ

پھر جب ہم نے اٹھا لیا ان سے عذاب ایک مدت تک

هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۱۳۵﴾

کہ ان کو اس مدت تک پہنچنا تھا اسی وقت عہد توڑ ڈالتے ﴿۱۳۵﴾

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي

پھر ہم نے بدلہ لیا ان سے سو ڈبو دیا ہم نے ان کو

الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا

دریا میں اس وجہ سے کہ انہوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو اور ان سے

غٰفِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ

تغافل کرتے تھے ﴿۱۳۶﴾ اور وارث کر دیا ہم نے ان لوگوں کو جو

كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ

کمزور سمجھے جاتے تھے اس زمین کے مشرق

وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ

اور مغرب کا کہ جس میں برکت رکھی ہے ہم نے

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْٓ

اور پورا ہوگیا نیکی کا وعدہ تیرے رب کا بنی

اِسْرَآءِيْلَ ۙ بِمَا صَبَرُوْا ؕ وَدَمَّرْنَا

اسرائیل پر بسبب ان کے صبر کرنے کے اور خراب کردیا ہم نے

مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ

جو کچھ بنایا تھا فرعون اور اس کی قوم نے

وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَجٰوَزْنَا ع

اور جو اونچا کر کے چھایا تھا ﴿۱۳۷﴾ اور پار اتار دیا ہم نے

بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى

بنی اسرائیل کو دریا سے تو پہنچے

قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ

ایک قوم پر جو پوجنے میں لگ رہے تھے اپنے بتوں کے

قَالُوْا يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا

کہنے لگے اے موسیٰ بنادے ہماری عبادت کے لیے بھی ایک بت جیسے

لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ

ان کے بت ہیں کہا تم لوگ تو

تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ

جہل کرتے ہو ﴿۱۳۸﴾ یہ لوگ تباہ ہونے والی ہے وہ چیز

فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾

جس میں وہ لگے ہوئے ہیں، اور غلط ہے جو وہ کر رہے ہیں ﴿۱۳۹﴾

قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا

کہا کہہ اللہ کے سوا ڈھونڈوں تمھارے واسطے کوئی اور معبود

وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾

حالانکہ اس نے تم کو بڑائی دی تمام جہان پر ﴿۱۴۰﴾

وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ

اور وہ وقت یاد کرو جب نجات دی ہم نے تم کو فرعون والوں سے

يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ

کہ دیتے تھے تم کو برا عذاب کہ مار ڈالتے تھے

اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ

تمھارے بیٹوں کو اور جیتا رکھتے تھے تمھاری عورتوں کو

وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

اور اس میں احسان ہے تمھارے رب کا

عَظِيْمٌ ع ﴿١٤١﴾ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ ع ١٦ ١٢ ٦

بڑا ﴿١٤١﴾ اور وعدہ کیا ہم نے موسیٰ سے تیس

لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ

رات کا اور پورا کیا ان کو اور دس سے پس پوری ہوگئی مدت

رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى

تیرے رب کی چالیس راتیں اور کہا موسیٰ نے

لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ

اپنے بھائی ہارون سے کہ میرا خلیفہ رہ میری قوم میں

وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴۲﴾

اور اصلاح کرتے رہنا اور مت چلنا مفسدوں کی راہ ﴿۱۴۲﴾

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ

اور جب پہنچا موسیٰ ہمارے وعدہ پر اور کلام کیا اس سے

رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ

اس کے رب نے بولا اے میرے رب تو مجھ کو دکھا کہ میں تجھ کو دیکھوں

قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى

فرمایا تو مجھ کو ہرگز نہ دیکھے گا لیکن تو دیکھتا رہ

الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ

پہاڑ کی طرف اگر وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا تو

تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ

تُو مجھ کو دیکھ لے گا پھر جب تجلی کی اس کے رب نے پہاڑ کی طرف

جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ

کردیا اس کو ڈھا کر برابر اور گر پڑا موسیٰ بے ہوش ہو کر

فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ

پھر جب ہوش میں آیا بولا تیری ذات پاک ہے میں نے توبہ کی

اِلَيْكَ وَاَنَا۠ اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

تیری طرف اور میں سب سے پہلے یقین لایا ﴿۱۴۳﴾

قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى

فرمایا اے موسیٰ میں نے تجھ کو امتیاز دیا

النَّاسِ بِرِسٰلٰتِىْ وَبِكَلَامِىْ ۖ فَخُذْ

لوگوں سے اپنے پیغام بھیجنے کا اور اپنے کلام کرنے کا سو لے

مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾

جو میں نے تجھ کو دیا اور شاکر رہ ﴿۱۴۴﴾

وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ

اور لکھ دی ہم نے اس کی تختیوں پر ہر

شَیْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِیْلًا لِّكُلِّ

قسم کی نصیحت اور تفصیل ہر

شَیْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ

چیز کی سو پکڑ لے ان کو زور سے اور حکم کر اپنی قوم کو

یَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ؕ سَاُوْرِیْكُمْ دَارَ

کہ پکڑے رہیں اس کی بہتر باتیں عنقریب میں تم کو دکھلاؤں گا گھر

الْفٰسِقِیْنَ ﴿۱۴۵﴾ سَاَصْرِفُ عَنْ اٰیٰتِیَ

نافرمانوں کا ﴿۱۴۵﴾ میں پھیر دوں گا اپنی آیتوں سے

الَّذِیْنَ یَتَكَبَّرُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ

ان کو جو تکبر کرتے ہیں زمین میں

الْحَقِّ ؕ وَاِنْ یَّرَوْا كُلَّ اٰیَةٍ لَّا یُؤْمِنُوْا

ناحق اور اگر دیکھ لیں ساری نشانیاں ایمان نہ لائیں

بِهَا ۚ وَاِنْ یَّرَوْا سَبِیْلَ الرُّشْدِ

ان پر اور اگر دیکھیں راستہ ہدایت کا

لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا

تو نہ ٹھہرائیں اس کو راہ اور اگر دیکھیں

سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ؕ ذٰلِكَ

راستہ گمراہی کا تو اس کو ٹھہرا لیں راہ یہ

بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا

اس لیے کہ انہوں نے جھوٹ جانا ہماری آیتوں کو اور رہے ان سے

غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

بے خبر ﴿۱۴۶﴾ اور جنہوں نے جھوٹ جانا ہماری آیتوں کو

وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ

اور آخرت کی ملاقات کو برباد ہوئیں ان کی محنتیں

هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ ع ۱۷ ۶ ۷

وہی بدلہ پائیں گے جو کچھ عمل کرتے تھے ﴿۱۴۷﴾

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ

اور بنا لیا موسیٰ کی قوم نے اس کے پیچھے

مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ

اپنے زیور سے بچھڑا ایک بدن کہ اس میں

خُوَارٌ ؕ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ

گائے کی آواز تھی، کیا انہوں نے یہ نہ دیکھا کہ وہ ان سے بات بھی نہیں کرتا

وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ

اور نہیں بتلاتا راستہ معبود بنا لیا اس کو

وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ وَلَمَّا سُقِطَ فِيْٓ

اور وہ تھے ظالم ﴿۱۴۸﴾ اور جب پچھتائے

اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ

اور سمجھے کہ ہم بے شک گمراہ ہوگئے

قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ

تو کہنے لگے اگر نہ رحم کرے ہم پر ہمارا رب اور نہ بخشے

لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

ہم کو تو بے شک ہم تباہ ہوں گے ﴿۱۴۹﴾

وقف لازم

وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ

اور جب لوٹ آیا موسیٰ اپنی قوم میں غصہ میں بھرا ہوا

اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ

افسوس ناک بولا کیا بری نیابت کی تم نے میری

بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ

میرے بعد کیوں جلدی کی تم نے اپنے رب کے حکم سے

وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ

اور ڈال دیں وہ تختیاں اور پکڑا سر اپنے بھائی کا

يَجُرُّهٗٓ اِلَيْهِ ؕ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ

لگا کھینچنے اس کو اپنی طرف وہ بولا کہ اے میری ماں کے جنے لوگوں نے

اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ۪ صلے

مجھ کو کمزور سمجھا اور قریب تھا کہ مجھ کو مار ڈالیں

فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَآءَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ

سو مت ہنس مجھ پر دشمنوں کو اور نہ ملا مجھ کو

مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ قَالَ رَبِّ

گناہ گار لوگوں میں ﴿۱۵۰﴾ بولا اے میرے رب

اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۚ صلے

معاف کر مجھ کو اور میرے بھائی کو اور داخل کر ہم کو اپنی رحمت میں

وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ ع ۱۸ ۴ ۸

اور تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے ﴿۱۵۱﴾ البتہ

اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ

جنہوں نے بچھڑے کو معبود بنا لیا ان کو پہنچے گا غضب

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ

ان کے رب کا اور ذلت دنیا کی زندگی میں

وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَالَّذِيْنَ

اور یہی سزا دیتے ہیں ہم بہتان باندھنے والوں کو ﴿۱۵۲﴾ اور جنہوں نے

عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا

کیے برے کام پھر توبہ کی اس کے بعد

وَاٰمَنُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا

اور ایمان لائے تو بے شک تیرا رب توبہ کے پیچھے

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾ وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ

البتہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۱۵۳﴾ اور جب تھم گیا

مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖۚ

موسیٰ کا غصہ تو اس نے اٹھا لیا تختیوں کو

وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ

اور جو ان میں لکھا ہوا تھا اس میں ہدایت اور رحمت تھی

لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾

ان کے واسطے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں ﴿۱۵۴﴾

وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ

اور چن لیے موسیٰ نے اپنی قوم میں سے ستر

رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ

مرد ہمارے وعدہ کے وقت پر لانے کو پھر جب ان کو

الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ

زلزلہ نے پکڑا تو بولا اے رب میرے اگر تو چاہتا تو پہلے ہی ہلاک کر دیتا

مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّاىَ ؕ اَتُهْلِكُنَا بِمَا

ان کو اور مجھ کو کیا ہم کو ہلاک کرتا ہے اس کام پر جو

فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِىَ اِلَّا

کیا ہماری قوم کے احمقوں نے یہ سب تیری

فِتْنَتُكَ ؕ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ

آزمائش ہے بچلا دے اس میں جس کو تو چاہے

وَتَهْدِىْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ وَلِيُّنَا

اور سیدھا رکھے جس کو چاہے تو ہی ہے ہمارا تھامنے والا

فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ

سو بخش دے ہم کو اور رحمت کر ہم پر اور تو سب سے بہتر

الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ وَاكْتُبْ لَنَا فِىْ هٰذِهِ

بخشنے والا ہے ﴿۱۵۵﴾ اور لکھ دے ہمارے لیے اس

الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا

دنیا میں بھلائی اور آخرت میں ہم نے

هُدْنَآ اِلَيْكَ ؕ قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ

رجوع کیا تیری طرف فرمایا میرا عذاب ڈالتا ہوں میں

بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ

اس کو جس پر چاہوں اور میری رحمت شامل ہے ہر

شَيْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ

چیز کو سو اس کو لکھ دوں گا ان کے لیے جو ڈر رکھتے ہیں

وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ

اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور جو

بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۚ ﴿١٥٦﴾ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ

ہماری باتوں پر یقین رکھتے ہیں ﴿١٥٦﴾ وہ لوگ جو پیروی کرتے ہیں

الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ

اس رسول کی جو نبی امیّ ہے کہ جس کو پاتے ہیں

مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ

لکھا ہوا اپنے پاس تورات

وَالْاِنْجِيْلِ ز يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ

اور انجیل میں وہ حکم کرتا ہے ان کو نیک کام کا

وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ

اور منع کرتا ہے برے کام سے اور حلال کرتا ہے ان کے لیے

الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ

سب پاک چیزیں اور حرام کرتا ہے ان پر ناپاک چیزیں

وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ

اور اتارتا ہے ان پر سے ان کے بوجھ اور وہ قیدیں جو

كَانَتْ عَلَيْهِمْ ط فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ

ان پر تھیں سو جو لوگ اس پر ایمان لائے

وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ

اور اس کی رفاقت کی اور اس کی مدد کی، اور تابع ہوئے اس نور کے

الَّذِیْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ

جو اس کے ساتھ اترا ہے وہی لوگ

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ ع قُلْ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ ع ۱۹ ۲ ۹

پہنچے اپنی مراد کو ﴿۱۵۷﴾ تو کہہ اے لوگو!

اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعًا ۨ

میں رسول ہوں اللہ کا تم سب کی طرف

الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

جس کی حکومت ہے آسمانوں اور زمین میں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۪ فَاٰمِنُوْا

کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا وہی جلاتا ہے اور مارتا ہے سو ایمان لاؤ

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ

اللہ پر اور اس بھیجے ہوئے نبی امّی پر جو کہ

یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ

یقین رکھتا ہے اللہ پر اور اس کے سب کلاموں پر اور اس کی پیروی کرو

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَمِنْ قَوْمِ

تاکہ تم راہ پاؤ ﴿۱۵۸﴾ اور موسیٰ کی قوم

مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ

میں ایک گروہ ہے جو راہ بتلاتے ہیں حق کی اور اسی کے موافق

يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ

انصاف کرتے ہیں ﴿۱۵۹﴾ اور جدا جدا کردیے ہم نے ان کو

عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَآ

بارہ دادوں کی اولاد بڑی بڑی جماعتیں اور حکم بھیجا ہم نے

اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ

موسیٰ کو جب پانی مانگا اس سے اس کی قوم نے

اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ

کہ مار اپنی لاٹھی اس پتھر پر

فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ

تو پھوٹ نکلے اس سے بارہ چشمے

قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ

پہچان لیا ہر قبیلہ نے اپنا گھاٹ

وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا

اور سایہ کیا ہم نے ان پر ابر کا اور اتارا ہم نے

عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ

ان پر من اور سلویٰ کھاؤ

طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا

ستھری چیزیں جو ہم نے روزی دی تم کو اور انہوں نے ہمارا کچھ نہ بگاڑا

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾

لیکن اپنا ہی نقصان کرتے رہے ﴿۱۶۰﴾

وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ

اور جب حکم ہوا ان کو کہ بسو اس شہر میں

وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ

اور کھاؤ اس میں جہاں سے چاہو اور کہو ہم کو بخش دے

وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ

اور داخل ہو دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے تو بخش دیں گے ہم

خَطِيٰٓـئٰتِكُمْ ؕ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶۱﴾

تمھاری خطائیں البتہ زیادہ دیں گے ہم نیکی کرنے والوں کو ﴿۱۶۱﴾

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا

سو بدل ڈالا ظالموں نے ان میں سے دوسرا لفظ

غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا

اس کے سوا جو ان سے کہہ دیا گیا تھا پھر بھیجا ہم نے

عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا

ان پر عذاب آسمان سے بسبب

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ ع وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ ع ۲۰ ۵ ۱۰

ان کی شرارت کے ﴿۱۶۲﴾ اور پوچھ ان سے حال اس بستی کا

الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ وقف لازم

جو تھی دریا کے کنارے جب

يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ

حد سے بڑھنے لگے ہفتہ کے حکم میں جب آنے لگیں ان کے پاس

حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ

مچھلیاں ہفتہ کے دن پانی کے اوپر اور جس دن

لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۚ كَذٰلِكَ ۚ

معانقہ

ہفتہ نہ ہو تو نہ آتی تھیں اس طرح

نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۳﴾

النصف ع

ہم نے ان کو آزمایا اس لیے کہ وہ نافرمان تھے ﴿۱۶۳﴾

وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ

اور جب بولا ان میں سے ایک فرقہ کیوں نصیحت کرتے ہو

قَوْمًا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ

ان لوگوں کو جن کو اللہ چاہتا ہے کہ ہلاک کرے یا ان کو عذاب دے

عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى

سخت وہ بولے الزام اتارنے کی غرض سے

رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ فَلَمَّا

تمھارے رب کے آگے اور اس لیے کہ شاید وہ ڈریں ﴿۱۶۴﴾ پھر جب

نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ

وہ بھول گئے اس کو جو ان کو سمجھایا تھا تو نجات دی ہم نے ان کو جو

يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ

منع کرتے تھے برے کام سے اور پکڑا

ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۭ بَـِٕيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا

گناہ گاروں کو برے عذاب میں بسبب

يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۵﴾ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا

ان کی نافرمانی کے ﴿۱۶۵﴾ پھر جب بڑھنے لگے اس کام میں جس سے وہ روکے

عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً

گئے تھے تو ہم نے حکم کیا کہ ہوجاؤ بندر

خٰسِـِٕيْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ

ذلیل ﴿۱۶۶﴾ اور اس وقت کو یاد کرو جب خبر کردی تھی تیرے رب نے

لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

کہ ضرور بھیجتا رہے گا یہود پر قیامت کے دن تک

مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ

ایسے شخص کو کہ دیا کرے ان کو برا عذاب

اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ

بے شک تیرا رب جلد عذاب کرنے والا ہے اور وہ

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۷﴾ وَقَطَّعْنٰهُمْ

بخشنے والا مہربان ہے ﴿۱۶۷﴾ اور متفرق کردیا ہم نے ان کو

فِي الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ

ملک میں فرقے فرقے بعضے ان میں نیک

وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۫ وَبَلَوْنٰهُمْ

اور بعضے اور طرح کے اور ہم نے ان کی آزمائش کی

بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ

خوبیوں اور برائیوں میں تاکہ

يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۶۸﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ

پھر آئیں ﴿۱۶۸﴾ پھر ان کے پیچھے آئے

خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ

ناخلف جو وارث بنے کتاب کے لے لیتے ہیں

عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ

اسباب اس ادنیٰ زندگانی کا اور کہتے ہیں

سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ

کہ ہم کو معاف ہوجائے گا اور اگر ایسا ہی اسباب

مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ؕ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ

ان کے سامنے پھر آئے تو اس کو لے لیویں کیا ان سے

مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى

کتاب میں عہد نہیں لیا گیا کہ نہ بولیں

اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ

اللہ پر سوا سچ کے اور انہوں نے پڑھا ہے جو کچھ اس میں لکھا ہے

وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ

اور آخرت کا گھر بہتر ہے ڈرنے والوں کے لیے

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٦٩﴾ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ

کیا تم سمجھتے نہیں ﴿١٦٩﴾ اور جو لوگ خوب پکڑ رہے ہیں

بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا

کتاب کو اور قائم رکھتے ہیں نماز کو، بے شک ہم

لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿١٧٠﴾ وَاِذْ

ضائع نہ کریں گے ثواب نیکی والوں کا ﴿١٧٠﴾ اور جس وقت

نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ

اٹھایا ہم نے پہاڑ ان کے اوپر مثل سائبان کے

وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا

اور ڈرے کہ وہ ان پر گرے گا ہم نے کہا پکڑو

مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ

جو ہم نے تم کو دیا ہے زور سے اور یاد رکھو جو اس میں ہے

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ ع وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ ع ۲۱ ۹ ۱۱

تاکہ تم بچتے رہو ﴿۱۷۱﴾ اور جب نکالا تیرے رب نے

مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ

بنی آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو

وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ

اور اقرار کرایا ان سے ان کی جانوں پر کیا میں نہیں ہوں

بِرَبِّكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى ۛ شَهِدْنَا ۛ اَنْ مُعَانَقَة ۷

تمھارا رب بولے ہاں ہے ہم اقرار کرتے ہیں

تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ

کبھی کہنے لگو قیامت کے دن ہم کو تو

هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ لا اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ

اس کی خبر نہ تھی ﴿۱۷۲﴾ یا کہنے لگو کہ

اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً

شرک تو نکالا تھا ہمارے باپ دادوں نے ہم سے پہلے اور ہم ہوئے

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ

ان کی اولاد ان کے پیچھے تو کیا تو ہم کو ہلاک کرتا ہے اس کام پر جو کیا

الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

گمراہوں نے ﴿۱۷۳﴾ اور یوں ہم کھول کر بیان کرتے ہیں

الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۷۴﴾ وَاتْلُ

باتیں تاکہ وہ پھر آئیں ﴿۱۷۴﴾ اور سنا دے

عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا

ان کو حال اس شخص کا جس کو ہم نے دی تھیں اپنی آیتیں

فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ

پھر وہ ان کو چھوڑ نکلا پھر اس کے پیچھے لگا شیطان

فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ شِئْنَا

تو وہ ہوگیا گمراہوں میں ﴿۱۷۵﴾ اور ہم چاہتے

لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى

تو بلند کرتے اس کا رتبہ ان آیتوں کی بدولت لیکن وہ تو ہو رہا

الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ

زمین کا اور پیچھے ہو لیا اپنی خواہش کے تو اس کا حال ایسا جیسے

الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ

کتا اس پر تو بوجھ لادے تو ہانپے اور

تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ

چھوڑ دے تو ہانپے یہ مثال ہے ان لوگوں کی

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ

جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو سو بیان کر

الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ سَآءَ

یہ احوال تاکہ وہ دھیان کریں ﴿۱۷۶﴾ بری

مَثَلًا ۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

مثال ہے ان لوگوں کی کہ جھٹلایا انہوں نے ہماری آیتوں کو

وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ مَنْ يَّهْدِ

اور وہ اپنا ہی نقصان کرتے رہے ﴿۱۷۷﴾ جس کو

اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِیْ ۚ وَمَنْ یُّضْلِلْ

اللہ راستہ دے وہ ہی راستہ پاوے اور جس کو وہ بچلا دے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾ وَلَقَدْ

سو وہی ہیں ٹوٹے میں ﴿۱۷۸﴾ اور

ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِیْرًا مِّنَ الْجِنِّ

ہم نے پیدا کیے دوزخ کے واسطے بہت سے جن

وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ

اور آدمی ان کے دل ہیں کہ ان سے سمجھتے نہیں

بِهَا ۫ وَلَهُمْ اَعْیُنٌ لَّا یُبْصِرُوْنَ بِهَا ۫

اور آنکھیں ہیں کہ ان سے دیکھتے نہیں

وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا یَسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ

اور کان ہیں کہ ان سے سنتے نہیں

اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ؕ

وہ ایسے ہیں جیسے چوپائے بلکہ ان سے بھی زیادہ بے راہ

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ وَلِلّٰهِ

وہی لوگ ہیں غافل ﴿۱۷۹﴾ اور اللہ کے لیے ہیں

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۪ ص

سب نام اچھے سو اس کو پکارو وہی نام کہہ کر

وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ؕ ط

اور چھوڑ دو ان کو جو کج راہ چلتے ہیں اس کے ناموں میں

سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

وہ بدلہ پا رہیں گے اپنے کیے کا ﴿۱۸۰﴾

وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ

اور ان لوگوں میں کہ جن کو ہم نے پیدا کیا ہے ایک جماعت ہے کہ راہ بتلاتے ہیں سچی

وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾ ع وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا ۲۲ ع ۱۰ ۱۲

اور اسی کے موافق انصاف کرتے ہیں ﴿۱۸۱﴾ اور جنہوں نے جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ

ہماری آیتوں کو ہم ان کو آہستہ آہستہ پکڑیں گے ایسی جگہ سے جہاں سے

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٨٢﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ

ان کو خبر بھی نہ ہوگی ﴿١٨٢﴾ اور میں ان کو ڈھیل دوں گا بے شک

كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿١٨٣﴾ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا سكتة

میرا داؤ پکا ہے ﴿١٨٣﴾ کیا انہوں نے دھیان نہیں کیا

مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ

کہ ان کے رفیق کو کچھ بھی جنون نہیں وہ تو

اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٨٤﴾ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا

ڈرانے والا ہے صاف ﴿١٨٤﴾ کیا انہوں نے نظر نہیں کی

فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا

سلطنت میں آسمان اور زمین کی اور جو کچھ

خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى اَنْ

پیدا کیا ہے اللہ نے ہر چیز سے اور اس میں کہ شاید

يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ

قریب آگیا ہو ان کا وعدہ سو اس کے

حَدِيْثٍۭ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ مَنْ

پیچھے کس بات پر ایمان لائیں گے ﴿۱۸۵﴾ جس کو

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ وَيَذَرُهُمْ

اللہ بچلائے اسکو کوئی نہیں راہ دکھانے والا، اور اللہ چھوڑے رکھتا ہے ان کو

فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ

ان کی شرارت میں سرگرداں ﴿۱۸۶﴾ تجھ سے پوچھتے ہیں

عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ

قیامت کو کہ کب ہے اس کے قائم ہونے کا وقت، تو کہہ

اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا

اس کی خبر تو میرے رب ہی کے پاس ہے وہی کھول دکھائے گا

لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ

اس کو اس کے وقت پر وہ بھاری بات ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ

اور زمین میں جب تم پر آئے گی تو بے خبر آئے گی

وقف منزل
وقف لازم

يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ

تجھ سے پوچھنے لگتے ہیں کہ گویا تو اس کی تلاش میں لگا ہوا ہے تو کہہ دے

اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

اس کی خبر ہے خاص اللہ کے پاس لیکن اکثر

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ

لوگ نہیں سمجھتے ﴿۱۸۷﴾ تو کہہ دے کہ میں مالک نہیں

لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ

اپنی جان کے بھلے کا اور نہ برے کا مگر جو

اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

اللہ چاہے اور اگر میں جان لیا کرتا غیب کی بات

لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚۛ وَمَا مَسَّنِيَ

تو بہت کچھ بھلائیاں حاصل کرلیتا اور مجھ کو

السُّوْٓءُ ۚۛ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ

برائی کبھی نہ پہنچتی میں تو بس ڈر اور خوش خبری سنانے والا ہوں

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ ع هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ ۲۳ ع ۷ ۱۳

ایمان دار لوگوں کو ﴿۱۸۸﴾ وہی ہے جس نے تم کو پیدا کیا

مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا

ایک جان سے اور اسی سے بنایا

زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا

اس کا جوڑا تاکہ اسکے پاس آرام پکڑے، پھر جب مرد نے عورت کو ڈھانکا

حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ

حمل رہا ہلکا سا حمل تو چلتی پھرتی رہی اس کے ساتھ

فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا

پھر جب بوجھل ہوگئی تو دونوں نے پکارا اللہ اپنے رب کو

لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ

کہ اگر تو ہم کو بخشے چنگا بھلا تو ہم

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا

تیرا شکر کریں ﴿۱۸۹﴾ پھر جب ان کو دیا چنگا بھلا

جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى

تو بنانے لگے اس کے لیے شریک اس کی بخشی ہوئی چیز میں سو اللہ برتر ہے

اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾ اَيُشْرِكُوْنَ مَا

ان کے شریک بنانے سے ﴿۱۹۰﴾ کیا شریک بناتے ہیں ایسوں کو

لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾ ۚ

جو پیدا نہ کریں ایک چیز بھی اور وہ پیدا ہوئے ہیں ﴿۱۹۱﴾

وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا

اور نہیں کرسکتے ہیں ان کی مدد

وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾ وَاِنْ

اور نہ اپنی مدد کریں ﴿۱۹۲﴾ اور اگر

تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ

تم ان کو پکارو راستہ کی طرف تو نہ چلیں تمھاری پکار پر

سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ

برابر ہے تم پر کہ ان کو پکارو یا

صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

چپکے رہو ﴿۱۹۳﴾ جن کو تم پکارتے ہو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ

اللہ کے سوا وہ بندے ہیں تم جیسے

فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ

بھلا پکارو تو ان کو پس چاہیے کہ وہ قبول کریں تمھارے پکارنے کو، اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ

تم سچے ہو ﴿۱۹۴﴾ کیا ان کے پاؤں ہیں

يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ

جن سے چلتے ہیں یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے پکڑتے ہیں

بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ

یا ان کی آنکھیں ہیں جن سے دیکھتے ہیں

اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ قُلِ

یا ان کے کان ہیں جن سے سنتے ہیں تو کہہ دے

ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ

کہ پکارو اپنے شریکوں کو پھر برائی کرو میرے حق میں

فَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۱۹۵﴾ اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ

اور مجھ کو ڈھیل نہ دو ﴿۱۹۵﴾ میرا حمایتی تو اللہ ہے

الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۚ وَهُوَ يَتَوَلَّى

جس نے اتاری کتاب اور وہ حمایت کرتا ہے

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹۶﴾ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

نیک بندوں کی ﴿۱۹۶﴾ اور جن کو تم پکارتے ہو

مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ

اس کے سوا وہ نہیں کرسکتے تمھاری مدد

وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۷﴾ وَاِنْ

اور نہ اپنی جان بچا سکیں ﴿۱۹۷﴾ اور اگر

تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ؕ

تم ان کو پکارو راستہ کی طرف تو کچھ نہ سنیں

وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ

اور تو دیکھتا ہے ان کو کہ تک رہے ہیں تیری طرف اور وہ

لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۹۸﴾ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ

کچھ نہیں دیکھتے ﴿۱۹۸﴾ عادت کر درگزر کی اور حکم کر

بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۱۹۹﴾

نیک کام کرنے کا اور کنارہ کر جاہلوں سے ﴿۱۹۹﴾

وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ

اور اگر ابھارے تجھ کو شیطان کی چھیڑ

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۰۰﴾

تو پناہ مانگ اللہ سے وہی ہے سننے والا جاننے والا ﴿۲۰۰﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ

جن کے دل میں ڈر ہے جہاں پڑگیا ان پر

مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ

شیطان کا گزر چونک گئے، پھر اسی وقت ان کو

مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾ وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ

سوجھ آجاتی ہے ﴿۲۰۱﴾ اور جو شیطانوں کے بھائی ہیں وہ ان کو کھینچتے چلے جاتے ہیں

فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾

گمراہی میں پھر وہ کمی نہیں کرتے ﴿۲۰۲﴾

وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا

اور جب تو لے کر نہ جائے ان کے پاس کوئی نشانی تو کہتے ہیں

لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ

کیوں نہ چھانٹ لایا تو کچھ اپنی طرف سے تو کہہ دے میں تو چلتا ہوں

مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ

اس پر جو حکم آئے میری طرف میرے رب سے یہ سوجھ کی باتیں ہیں

مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ

تمھارے رب کی طرف سے اور ہدایت اور رحمت ہے ان لوگوں کو

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ

جو مومن ہیں ﴿۲۰۳﴾ اور جب قرآن پڑھا جائے

فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ

تو اس کی طرف کان لگائے رہو اور چپ رہو تاکہ تم پر

تُرْحَمُوْنَ ﴿٢٠٤﴾ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ

رحم ہو ﴿٢٠٤﴾ اور یاد کرتا رہ اپنے رب کو اپنے دل میں

تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ

گڑگڑاتا ہوا اور ڈرتا ہوا اور ایسی آواز سے جو کہ پکار کر بولنے سے کم ہو

الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ

صبح کے وقت اور شام کے وقت اور مت رہ

مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿٢٠٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ

بے خبر ﴿٢٠٥﴾ بے شک جو تیرے رب کے نزدیک ہیں

رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ

اور تکبر نہیں کرتے اس کی بندگی سے

وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾ سجدة ع

اور یاد کرتے ہیں اس کی پاک ذات کو اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں ﴿٢٠٦﴾

الثلثة ٢٤ ع ١٨ ١٤ سجدة

(سورۂ انفال مدینہ منورہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۳۰) سے (۳۶) تک مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۷۵) آیات اور (۱۰) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۸۸) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸) نمبر پر ہے اور سورۂ بقرہ کے بعد نازل ہوئی۔)

اس میں (۱۰۷۵) کلمات ہیں	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اس میں (۵۰۸۰) حروف ہیں

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ

تجھ سے پوچھتے ہیں حکم غنیمت کا تو کہہ دے کہ مال غنیمت

لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا

اللہ کا ہے اور رسول کا سو ڈر اللہ سے اور صلح کرو

ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

آپس میں اور حکم مانو اللہ کا

وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۱

اور اس کے رسول کا اگر ایمان رکھتے ہو ①

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ

ایمان والے وہی ہیں کہ جب نام آئے

اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ

اللہ کا تو ڈر جائیں ان کے دل اور جب پڑھا جائے

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

ان پر اس کا کلام تو زیادہ ہوجاتا ہے ان کا ایمان

وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۙ﴿٢﴾ الَّذِيْنَ

اور وہ اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں ﴿٢﴾ وہ لوگ جو کہ

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

قائم رکھتے ہیں نماز کو اور ہم نے جو ان کو روزی دی ہے اس میں سے

يُنْفِقُوْنَ ؕ﴿٣﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

خرچ کرتے ہیں ﴿٣﴾ وہی ہیں سچے ایمان والے

حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ

ان کے لیے درجے ہیں اپنے رب کے پاس

وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۚ﴿٤﴾ كَمَآ

اور معافی اور روزی عزت کی ﴿٤﴾ جیسے

اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۪

نکالا تجھ کو تیرے رب نے تیرے گھر سے حق کام کے واسطے

وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور ایک جماعت اہل ایمان کی

لَكٰرِهُوْنَ ۙ﴿۵﴾ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ

راضی نہ تھی ﴿۵﴾ وہ تجھ سے جھگڑتے تھے حق بات میں

بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى

اس کے ظاہر ہو چکنے کے بعد گویا وہ ہانکے جاتے ہیں

الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۶﴾ وَاِذْ يَعِدُكُمُ

موت کی طرف آنکھوں دیکھتے ﴿۶﴾ اور جس وقت تم سے وعدہ کیا تھا

اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ

اللہ نے دو جماعتوں میں سے ایک کا کہ وہ تمھارے ہاتھ لگے گی

وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ

اور تم چاہتے تھے کہ جس میں کانٹا نہ لگے وہ

لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ

تم کو ملے اور اللہ چاہتا تھا کہ سچا کر دے سچ کو

بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۙ ٧

اپنے کلاموں سے اور کاٹ ڈالے جڑ کافروں کی ⑦

لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ

تاکہ سچا کرے سچ کو اور جھوٹا کردے جھوٹ کو اور اگرچہ

كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۚ ٨ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ

ناراض ہوں گناہ گار ⑧ جب تم کو لگے فریاد کرنے

رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ

اپنے رب سے تو وہ پہنچا تمھاری فریاد کو کہ میں مدد کو بھیجوں گا تمھارے لیے

بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ٩

ہزار فرشتے لگاتار آنے والے ⑨

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ

اور یہ تو دی اللہ نے فقط خوش خبری اور تاکہ مطمئن ہوجائیں

بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۭ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ

اس سے تمھارے دل اور مدد نہیں مگر

ع ۱۰ ۱۵

عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۱۰

اللہ کی طرف سے بے شک اللہ زور آور ہے حکمت والا ۱۰

اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ

جس وقت کہ ڈال دی اس نے تم پر اونگھ اپنی طرف سے

وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً

تسکین کے واسطے اور اتارا تم پر آسمان سے پانی

لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ

کہ اس سے تم کو پاک کر دے اور دور کردے تم سے

رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ

شیطان کی نجاست اور مضبوط کردے تمھارے دلوں کو

وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ۱۱ ؕ اِذْ يُوْحِيْ

اور جمادے اس سے تمھارے قدم ۱۱ جب حکم بھیجا

رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا

تیرے رب نے فرشتوں کو کہ میں ساتھ ہوں تمھارے سو تم دل ثابت رکھو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ

مسلمانوں کے میں ڈال دوں گا دل میں

الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ

کافروں کے دہشت سو مارو گردنوں

الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ؕ ﴿۱۲﴾

پر اور کاٹو ان کی پور پور ﴿۱۲﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ

یہ اس واسطے ہے کہ وہ مخالف ہوئے اللہ کے اور اس کے رسول کے

وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ

اور جو کوئی مخالف ہو اللہ کا اور اس کے رسول کا تو بے شک اللہ کا

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۳﴾ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ

عذاب سخت ہے ﴿۱۳﴾ یہ تو تم چکھ لو

وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۴﴾

اور جان رکھو کہ کافروں کے لیے ہے عذاب دوزخ کا ﴿۱۴﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ

اے ایمان والو! جب بھڑو تم

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ

کافروں سے میدان جنگ میں تو مت پھیرو ان سے

الْاَدْبَارَ ۝۱۵ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ

پیٹھ ۱۵ اور جو کوئی ان سے پھیرے پیٹھ

دُبُرَهٗٓ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا

اس دن مگر یہ کہ ہنر کرتا ہو لڑائی کا یا جا ملتا ہو

اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ

فوج میں سو وہ پھرا اللہ کا غضب لے کر

وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۱۶

اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ کیا برا ٹھکانا ہے ۱۶

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۪

سو تم نے ان کو نہیں مارا لیکن اللہ نے ان کو مارا

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

اور تو نے نہیں پھینکی مٹھی خاک کی جس وقت کہ پھینکی تھی لیکن اللہ نے

رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً

پھینکی اور تاکہ کرے ایمان والوں پر اپنی طرف سے خوب احسان

حَسَنًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١٧﴾ ذٰلِكُمْ

بے شک اللہ ہے سننے والا جاننے والا ﴿١٧﴾ یہ تو ہو چکا

وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٨﴾

اور جان رکھو کہ اللہ سست کر دے گا تدبیر کافروں کی ﴿١٨﴾

اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَاۗءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ

اگر تم چاہتے ہو فیصلہ تو پہنچ چکا تمھارے پاس فیصلہ

وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ

اور اگر باز آؤ تو تمھارے لیے بہتر ہے اور اگر

تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ

پھر یہی کرو گے تو ہم بھی یہی کریں گے اور کچھ کام نہ آئے گا تمھارے

فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

تمھارا جتھا اگرچہ بہت ہوں اور جان لو کہ اللہ

مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٩﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ع ٢ ٩ ١٦

ایمان والوں کے ساتھ ہے ﴿١٩﴾ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا

حکم مانو اللہ کا اور اس کے رسول کا اور اس سے مت پھرو

عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا

سن کر ﴿٢٠﴾ اور ان جیسے مت ہو

كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ

جنہوں نے کہا ہم نے سن لیا اور وہ

لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿٢١﴾ ج اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ

سنتے نہیں ﴿٢١﴾ بےشک سب جانداروں میں بدتر

عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ

اللہ کے نزدیک وہی بہرے گونگے ہیں جو

لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ

نہیں سمجھتے ﴿٢٢﴾ اور اگر اللہ جانتا ان میں

خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ

کچھ بھلائی تو ان کو سنا دیتا اور اگر ان کو اب سنادے

لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٣﴾ يٰٓاَيُّهَا

تو ضرور بھاگیں منہ پھیر کر ﴿٢٣﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ

ایمان والو ! حکم مانو اللہ کا اور رسول کا

اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْٓا

جس وقت بلائے تم کو اس کام کی طرف جس میں تمھاری زندگی ہے اور جان لو

اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ

اللہ روک لیتا ہے آدمی سے اس کے دل کو

وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَاتَّقُوْا

اور یہ کہ اسی کے پاس تم جمع ہو گے ﴿٢٤﴾ اور بچتے رہو

فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

اس فساد سے کہ نہیں پڑے گا تم میں سے خاص ظالموں

مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

ہی پر اور جان لو کہ اللہ کا

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٢٥﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ

عذاب سخت ہے ﴿٢٥﴾ اور یاد کرو جس وقت

اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِى

تم تھوڑے تھے مغلوب پڑے ہوئے

الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ

ملک میں ڈرتے تھے کہ اچک لیں تم کو

النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ

لوگ پھر اس نے تم کو ٹھکانہ دیا اور قوت دی تم کو اپنی مدد سے

وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ

روزی دی تم کو ستھری چیزیں تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

شکر کرو ﴿٢٦﴾ اے ایمان والو!

لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا

خیانت نہ کرو اللہ سے اور رسول سے اور خیانت نہ کرو

اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٧﴾ وَاعْلَمُوْٓا

آپس میں اور امانتوں میں جان کر ﴿٢٧﴾ اور جان لو

اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ

کہ بےشک تمھارے مال اور اولاد خرابی میں ڈالنے والے ہیں

ع ٣ ٩ ١٧ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٨﴾

اور یہ کہ اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے ﴿٢٨﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ

اے ایمان والو ! اگر تم ڈرتے رہو گے اللہ سے

يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ

تو کر دے گا تم میں فیصلہ اور دور کردے گا تم سے

سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُو

تمھارے گناہ اور تم کو بخش دے گا اور اللہ

الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٩﴾ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ

کا فضل بڑا ہے ﴿٢٩﴾ اور جب فریب کرتے تھے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ

کافر کہ تجھ کو قید کردیں یا مار ڈالیں

اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ

یا نکال دیں اور وہ بھی داؤ کرتے تھے اور

اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿٣٠﴾ وَاِذَا

اللہ بھی داؤ کرتا تھا اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے ﴿٣٠﴾ اور جب

تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا

کوئی پڑھے ان پر ہماری آیتیں تو کہیں ہم سن چکے

لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ

اگر ہم چاہیں تو ہم بھی کہہ لیں ایسا یہ تو

اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذْ

کچھ بھی نہیں مگر احوال ہیں اگلوں کے ﴿۳۱﴾ اور جب

قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ

وہ کہنے لگے کہ یا اللہ اگر یہی

الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا

دین حق ہے تیری طرف سے تو ہم پر برسادے

حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا

پتھر آسمان سے یا لا ہم پر

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

کوئی عذاب دردناک ﴿۳۲﴾ اور اللہ

لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ

ہرگز نہ عذاب کرتا ان پر جب تک تو رہتا ان میں اور

اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾

اللہ ہرگز نہ عذاب کرے گا ان پر جب تک وہ معافی مانگتے رہیں گے ﴿۳۳﴾

وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ

اور ان میں کیا بات ہے کہ عذاب نہ کرے ان پر اللہ اور وہ تو

يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا

روکتے ہیں مسجد حرام سے اور وہ

كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ

اس کے اختیار والے نہیں اسکے اختیار والے تو وہی ہیں جو پرہیزگار ہیں

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَمَا كَانَ

لیکن ان میں اکثروں کو اس کی خبر نہیں ﴿٣٤﴾ اور

صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً

ان کی نماز نہیں تھی کعبہ کے پاس مگر سیٹیاں بجانی اور تالیاں

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٥﴾

سو چکھو عذاب بدلہ اپنے کفر کا ﴿٣٥﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ

بے شک جو لوگ کافر ہیں وہ خرچ کرتے ہیں اپنے مال

لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا

تاکہ روکیں اللہ کی راہ سے سو ابھی اور خرچ کریں گے

ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ

پھر آخر ہوگا وہ ان پر افسوس اور آخر

يُغْلَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ

مغلوب ہوں گے اور جو کافر ہیں وہ دوزخ کی طرف

يُحْشَرُوْنَ ۙ﴿٣٦﴾ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ

ہانکے جائیں گے ﴿٣٦﴾ تاکہ جدا کر دے اللہ ناپاک کو

مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ

پاک سے اور رکھے ناپاک کو ایک کو

عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ

ایک پر پھر اس کو ڈھیر کر دے اکٹھا، پھر ڈال دے اس کو

جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ قُلْ ع

دوزخ میں وہی لوگ ہیں نقصان میں ﴿٣٧﴾ تو کہہ دے

ع ٩ ٤ ١٨

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ

کافروں کو کہ اگر وہ باز آجائیں تو معاف ہو ان کو

مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ

جو کچھ ہوچکا اور اگر پھر بھی وہی کریں گے تو پڑچکی ہے

سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى

راہ اگلوں کی ﴿٣٨﴾ اور لڑتے رہو ان سے یہاں تک کہ

لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ

نہ رہے فساد اور ہوجائے حکم سب

لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

اللہ کا پھر اگر وہ باز آجائیں تو اللہ ان کے کام کو

بَصِيْرٌ ﴿٣٩﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

دیکھتا ہے ﴿٣٩﴾ اور اگر وہ نہ مانیں تو جان لو کہ اللہ

مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾

تمھارا حمایتی ہے کیا خوب حمایتی ہے اور کیا خوب مددگار ہے ﴿٤٠﴾

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ

اور جان رکھو کہ جو کچھ تم کو غنیمت ملے کسی چیز سے

فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی

سو اللہ کے واسطے ہے اس میں سے پانچواں حصہ اور رسول کے واسطے اور

الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰكِیْنِ وَابْنِ

اس کے قرابت والوں کے واسطے اور یتیموں اور محتاجوں اور

السَّبِیْلِ ۙ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ

مسافروں کے واسطے اگر تم کو یقین ہے اللہ پر

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ

اور اس چیز پر جو ہم نے اتاری اپنے بندے پر فیصلہ کے دن

یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ

جس دن بھڑ گئیں دونوں فوجیں اور اللہ ہر

شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ

چیز پر قادر ہے ﴿۴۱﴾ جس وقت تم تھے ورلے

الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى

کنارہ پر اور وہ پرلے کنارہ پر

وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ؕ وَلَوْ

اور قافلہ نیچے اتر گیا تھا تم سے اور اگر

تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ

تم آپس میں وعدہ کرتے تو نہ پہنچتے وعدہ پر ایک ساتھ

وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ

لیکن اللہ کو کر ڈالنا تھا ایک کام کو جو

مَفْعُوْلًا ۙ لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ

مقرر ہوچکا تھا تاکہ مرے جس کو مرنا ہے

بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ؕ

قیامِ حجت کے بعد اور جیوے جس کو جینا ہے قیام حجت کے بعد

وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ﴿٤٢﴾ اِذْ

اور بےشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے ﴿٤٢﴾ جب

يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ؕ

اللہ نے وہ کافر دکھلائے تجھ کو تیری خواب میں تھوڑے

وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ

اور اگر تجھ کو بہت دکھلا دیتا تو تم لوگ نامردی کرتے

وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

اور جھگڑا ڈالتے کام میں لیکن اللہ نے

سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٤٣﴾

بچا لیا اس کو خوب معلوم ہے جو بات ہے دلوں میں ﴿٤٣﴾

وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ

اور جب تم کو دکھلائی وہ فوج مقابلہ کے وقت

اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ

تمھاری آنکھوں میں تھوڑی اور تم کو تھوڑا دکھلایا ان کی آنکھوں میں

لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ

تاکہ کر ڈالے اللہ ایک کام جو مقرر ہوچکا تھا

ع ٥ ٧

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٤٤﴾ ع يٰٓاَيُّهَا

اور اللہ تک پہنچتا ہے ہر کام ﴿٤٤﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً

ایمان والو جب بھڑو کسی فوج سے

فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ

تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو تاکہ تم

تُفْلِحُوْنَ ﴿٤٥﴾ ج وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

مراد پاؤ ﴿٤٥﴾ اور حکم مانو اللہ کا اور اس کے رسول کا

وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ

اور آپس میں نہ جھگڑو، پس نامرد ہوجاؤ گے اور جاتی رہے گی

رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ط اِنَّ اللّٰهَ مَعَ

تمھاری ہوا اور صبر کرو بےشک اللہ ساتھ ہے

الصّٰبِرِيْنَ ﴿٤٦﴾ ج وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

صبر والوں کے ﴿٤٦﴾ اور نہ ہوجاؤ ان جیسے جو کہ

خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ

نکلے اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور لوگوں کے دکھانے کو

النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

اور روکتے تھے اللہ کی راہ سے

وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿٤٧﴾ وَاِذْ

اور اللہ کے قابو میں ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں ﴿٤٧﴾ اور جس وقت

زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ

خوش نما کر دیا شیطان نے ان کی نظروں میں ان کے عملوں کو، اور بولا

لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ

کوئی بھی غالب نہ ہوگا تم پر آج کے دن لوگوں میں سے

وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ

اور میں تمھارا حمایتی ہوں پھر جب سامنے ہوئیں

الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ

دونوں فوجیں تو وہ الٹا پھرا اپنی ایڑیوں پر اور بولا میں

بَرِیْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّیْٓ اَرٰی مَا لَا تَرَوْنَ

تمھارے ساتھ نہیں ہوں میں دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے

اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَاللّٰهُ شَدِیْدُ

میں ڈرتا ہوں اللہ سے اور اللہ کا عذاب

ع ٦ ٤ ٢ الْعِقَابِ ﴿٤٨﴾ اِذْ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ

سخت ہے ﴿٤٨﴾ جب کہنے لگے منافق

وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ

اور جن کے دلوں میں بیماری ہے

هٰٓؤُلَآءِ دِیْنُهُمْ ؕ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَی

یہ لوگ مغرور ہیں اپنے دین پر اور جو کوئی بھروسہ کرے

اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿٤٩﴾

اللہ پر تو اللہ زبردست ہے حکمت والا ﴿٤٩﴾

وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ یَتَوَفَّی الَّذِیْنَ كَفَرُوا

اور اگر تو دیکھے جس وقت جان قبض کرتے ہیں کافروں کی

الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ

فرشتے مارتے ہیں ان کے منہ پر

وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ

اور ان کے پیچھے اور کہتے ہیں چکھو عذاب

الْحَرِيْقِ ﴿٥٠﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

جلنے کا ﴿٥٠﴾ یہ بدلا ہے اسی کا جو

اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ

تم نے آگے بھیجا اپنے ہاتھوں اور اس واسطے کہ اللہ ظلم نہیں کرتا

لِّلْعَبِيْدِ ﴿٥١﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ

بندوں پر ﴿٥١﴾ جیسے دستور فرعون والوں کا

وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ

اور جو ان سے پہلے تھے کہ منکر ہوئے اللہ کی باتوں سے

اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ

سو پکڑا ان کو اللہ نے ان کے گناہوں پر بے شک

اللّٰهَ قَوِیٌّ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿٥٢﴾ ذٰلِكَ

اللہ زور آور ہے سخت عذاب کرنے والا ﴿٥٢﴾ اس کا

بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ یَكُ مُغَیِّرًا نِّعْمَةً

سبب یہ ہے کہ اللہ ہرگز بدلنے والا نہیں اس نعمت کو

اَنْعَمَهَا عَلٰی قَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا

جو دی تھی اس نے کسی قوم کو جب تک وہی نہ بدل ڈالیں

مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ

اپنے جیوں کی بات، اور یہ کہ اللہ سننے والا

عَلِیْمٌ ۙ﴿٥٣﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ

جاننے والا ہے ﴿٥٣﴾ جیسے دستور فرعون والوں کا

وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا

اور جو ان سے پہلے تھے کہ انہوں نے جھٹلائیں

بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ

باتیں اپنے رب کی، پھر ہلاک کر دیا ہم نے ان کو ان کے گناہوں پر

وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا

اور ڈبو دیا ہم نے فرعون والوں کو اور سارے

ظٰلِمِيْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ

ظالم تھے ﴿٥٤﴾ بدتر سب جانداروں میں

عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ

اللہ کے ہاں وہ ہیں جو منکر ہوئے پھر وہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٥﴾ صلے ۚ اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ

نہیں ایمان لاتے ﴿٥٥﴾ جن سے تو نے معاہدہ کیا ہے

مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ

ان میں سے پھر وہ توڑتے ہیں اپنا عہد

كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَاِمَّا

ہر بار اور وہ ڈر نہیں رکھتے ﴿٥٦﴾ سو اگر کبھی

تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ

تو پائے ان کو لڑائی میں تو ان کو ایسی سزا دے کہ دیکھ کر بھاگ جائیں

مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿٥٧﴾

ان کے پچھلے تاکہ ان کو عبرت ہو ﴿٥٧﴾

وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً

اور اگر تجھ کو ڈر ہو کسی قوم سے دغا کا

فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

تو پھینک دے انکا عہد ان کی طرف ایسی طرح پر کہ ہو جاؤ تم اور وہ برابر بیشک اللہ

لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿٥٨﴾ ع وَلَا يَحْسَبَنَّ ع ١٠ ٣

کو خوش نہیں آتے دغا باز ﴿٥٨﴾ اور یہ نہ سمجھیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ

کافر لوگ کہ وہ بھاگ نکلے وہ ہرگز

لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا

تھکا نہ سکیں گے ہم کو ﴿٥٩﴾ اور تیار کرو ان کی لڑائی کے واسطے جو کچھ

اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ

جمع کر سکو قوت سے اور پلے ہوئے

الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ

گھوڑوں سے کہ اس سے دھاک پڑے اللہ کے دشمنوں پر

وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ

اور تمھارے دشمنوں پر اور دوسروں پر ان کے سوا

لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۭ وَمَا

جن کو تم نہیں جانتے اللہ ان کو جانتا ہے اور جو کچھ

تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

تم خرچ کرو گے اللہ کی راہ میں

يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٦٠﴾

وہ پورا ملے گا تم کو اور تمھارا حق نہ رہ جائے گا ﴿٦٠﴾

وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا

اور اگر وہ جھکیں صلح کی طرف تو تو بھی جھک اسی طرف

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

اور بھروسہ کر اللہ پر بےشک وہی ہے سننے والا

الْعَلِيْمُ ﴿٦١﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ

جاننے والا ﴿٦١﴾ اور اگر وہ چاہیں کہ

يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ

تجھ کو دغا دیں تو تجھ کو کافی ہے اللہ اسی نے

الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾ لا

تجھ کو زور دیا اپنی مدد کا اور مسلمانوں کا ﴿٦٢﴾

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ

اور الفت ڈالی ان کے دلوں میں اگر تو خرچ کردیتا

مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ

جو کچھ زمین میں ہے سارا نہ الفت ڈال سکتا

بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ

ان کے دلوں میں لیکن اللہ نے الفت ڈالی

بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٣﴾

ان میں بےشک زور آور ہے حکمت والا ﴿٦٣﴾

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ

اے نبی کافی ہے تجھ کو اللہ اور جتنے

اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٤﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ٨ ٢ ٤

تیرے ساتھ ہیں مسلمان ﴿٦٤﴾ اے

النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ

نبی شوق دلا مسلمانوں کو لڑائی کا

اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ

اگر ہوں تم میں بیس شخص ثابت قدم رہنے والے

يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

تو غالب ہوں دو سو پر اور اگر ہوں تم میں

مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

سو شخص تو غالب ہوں ہزار کافروں پر

بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اَلْـٰٔنَ

اس واسطے کہ وہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے ﴿٦٥﴾ اب

خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ

بوجھ ہلکا کردیا اللہ نے تم پر سے اور جانا کہ تم میں

ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّاْئَةٌ

سستی ہے سو اگر ہوں تم میں سو

صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِاْئَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ

شخص ثابت قدم رہنے والے تو غالب ہوں دو سو پر، اور اگر ہوں

مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ

تم میں ہزار تو غالب ہوں دو ہزار پر اللہ کے حکم سے

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٦٦﴾ مَا كَانَ

اور اللہ ساتھ ہے ثابت قدم رہنے والوں کے ﴿٦٦﴾ نبی کو

لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى

نہیں چاہیے کہ اپنے ہاں رکھے قیدیوں کو جب تک

يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ ؕ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ

خوب خونریزی نہ کرلے ملک میں تم چاہتے ہو اسباب

الدُّنْيَا ۗ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ

دنیا کا اور اللہ کے ہاں چاہیے آخرت

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٧﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ

اور اللہ زور آور ہے حکمت والا ﴿٦٧﴾ اگر نہ ہوتی ایک بات جس کو لکھ چکا

مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ

اللہ پہلے سے تو تم کو پہنچتا اس لینے میں

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٦٨﴾ فَكُلُوْا مِمَّا

بڑا عذاب ﴿٦٨﴾ سو کھاؤ جو تم کو

غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

غنیمت میں ملا حلال ستھرا اور ڈرتے رہو اللہ سے

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ٩ ٥ ع

بے شک اللہ ہے بخشنے والا مہربان ﴿٦٩﴾ اے

النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ

نبی کہہ دے ان سے جو تمہارے ہاتھ میں ہیں

الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

قیدی اگر جانے گا اللہ تمھارے دلوں میں

خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ

کچھ نیکی تو دے گا تم کو بہتر اس سے جو تم سے چھن گیا

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧٠﴾

اور تم کو بخشے گا اور اللہ ہے بخشنے والا مہربان ﴿٧٠﴾

وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا

اور اگر چاہیں گے تجھ سے دغا کرنی سو وہ دغا کر چکے ہیں

اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ۭ

اللہ سے اس سے پہلے پھر اس نے ان کو پکڑوا دیا

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٧١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿٧١﴾ جو لوگ

اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ

ایمان لائے اور گھر چھوڑا اور لڑے اپنے مال

وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ

اور جان سے اللہ کی راہ میں اور جن لوگوں نے

اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ

جگہ دی اور مدد کی وہ ایک دوسرے کے رفیق ہیں

بَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا

اور جو ایمان لائے اور گھر نہیں چھوڑا

مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى

تم کو ان کی رفاقت سے کچھ کام نہیں جب تک

يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ

وہ گھر نہ چھوڑ آئیں اور اگر وہ تم سے مدد چاہیں دین میں

فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ ۭ بَيْنَكُمْ

تو تم کو لازم ہے ان کی مدد کرنی مگر مقابلہ میں ان لوگوں کے کہ ان میں

وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اور تم میں عہد ہو اور اللہ جو تم کرتے ہو

بَصِيْرٌ ﴿٧٢﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ

اس کو دیکھتا ہے ﴿٧٢﴾ اور جو لوگ کافر ہیں وہ ایک

اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۭ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ

دوسرے کے رفیق ہیں اگر تم یوں نہ کرو گے تو فتنہ پھیلے گا

فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿٧٣﴾ وَالَّذِيْنَ

ملک میں اور بڑی خرابی ہوگی ﴿٧٣﴾ اور جو لوگ

اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ

ایمان لائے اور اپنے گھر چھوڑے اور لڑے

اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰۗىِٕكَ

اللہ کی راہ میں اور جن لوگوں نے ان کو جگہ دی اور ان کی مدد کی وہی

هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ

ہیں سچے مسلمان ان کے لیے بخشش ہے

وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٤﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ

اور روزی عزت کی ﴿٧٤﴾ اور جو ایمان لائے

بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ

اس کے بعد اور گھر چھوڑ آئے اور لڑے تمھارے ساتھ ہو کر

فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ

سو وہ لوگ بھی تمھی میں ہیں اور رشتہ دار

بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ؕ

آپس میں حق دار زیادہ ہیں ایک دوسرے کے اللہ کے حکم میں

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ع ٧٥

تحقیق اللہ ہر چیز سے خبردار ہے ۷۵

(سورۂ توبہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی مگر اخیر کی دو آیتیں مکی ہیں، اس میں (۱۲۹) آیتیں اور (۱۶) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۱۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹) نمبر پر ہے اور سورۂ مائدہ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۴۰۷۸) کلمات ہیں — اس میں (۱۰۴۸۸) حروف ہیں

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى

صاف جواب ہے اللہ کی طرف سے اور اس کے رسول کی

الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ؕ ١

ان مشرکوں کو جن سے تمھارا عہد ہوا تھا ۱

فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ

سو پھر لو اس ملک میں چار مہینے

وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ

اور جان لو کہ تم نہ تھکا سکو گے اللہ کو

وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢﴾

اور یہ کہ اللہ رسوا کرنے والا ہے کافروں کو ﴿٢﴾

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ

اور سنا دینا ہے اللہ کی طرف سے اور اس کے رسول کی لوگوں کو

يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ

دن بڑے حج کے کہ اللہ الگ ہے

مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ؕ فَاِنْ

مشرکوں سے اور اس کا رسول سو اگر

تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ

تم توبہ کرو تو تمھارے لیے بہتر ہے اور اگر نہ مانو

احتیاط

فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ط

تو جان لو کہ تم ہرگز نہ تھکا سکو گے اللہ کو

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ

اور خوش خبری سنا دے کافروں کو عذاب

اَلِيْمٍ ۙ ٣ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ

دردناک کی ٣ مگر جن مشرکوں سے تم نے عہد کیا تھا

الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا

پھر انہوں نے کچھ قصور نہ کیا تمہارے ساتھ

وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا

اور مدد نہ کی تمہارے مقابلہ میں کسی کی سو ان سے پورا کردو

اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ط اِنَّ

ان کا عہد ان کے وعدہ تک بے شک

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۴ فَاِذَا انْسَلَخَ

اللہ کو پسند ہیں احتیاط والے ٤ پھر جب گزر جائیں

الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ

مہینے پناہ کے تو مارو مشرکوں کو

حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ

جہاں پاؤ اور پکڑو

وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ

اور گھیرو اور بیٹھو ہر جگہ ان کی

مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ

تاک میں پھر اگر وہ توبہ کریں اور قائم رکھیں نماز

وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ

اور دیا کریں زکوٰۃ تو چھوڑ دو ان کا راستہ

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٥ وَاِنْ اَحَدٌ

بے شک اللہ ہے بخشنے والا مہربان ۝٥ اور اگر کوئی

مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ

مشرک تجھ سے پناہ مانگے تو اس کو پناہ دے دے

حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ

یہاں تک کہ وہ سن لے کلام اللہ کا پھر

اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

پہنچا دے اس کو اس کی امن کی جگہ، یہ اس واسطے کہ وہ لوگ

لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝٦ كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ ع ٧

علم نہیں رکھتے ۝٦ کیونکر ہووے مشرکوں کے لیے

عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا

عہد اللہ کے نزدیک اور اس کے رسول کے نزدیک مگر

الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ

جن لوگوں سے تم نے عہد کیا تھا مسجد

الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ

حرام کے پاس سو جب تک وہ تم سے سیدھے رہیں

فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

تم ان سے سیدھے رہو بے شک اللہ کو پسند ہیں

الْمُتَّقِيْنَ ﴿٧﴾ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا

احتیاط والے ﴿٧﴾ کیونکر رہے صلح اور اگر وہ تم پر قابو پائیں

عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا

تو نہ لحاظ کریں تمھاری قرابت کا

وَّلَا ذِمَّةً ؕ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ

اور نہ عہد کا تم کو راضی کردیتے ہیں اپنے منہ کی بات سے

وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٨﴾

اور ان کے دل نہیں مانتے اور اکثر ان میں بدعہد ہیں ﴿٨﴾

اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا

بیچ ڈالے انہوں نے اللہ کے حکم تھوڑی قیمت پر

فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا

پھر روکا اس کے راستہ سے برے کام ہیں جو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩﴾ لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ

وہ لوگ کر رہے ہیں ﴿٩﴾ نہیں لحاظ کرتے

مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

کسی مسلمان کے حق میں قرابت کا اور نہ عہد کا اور وہی ہیں

الْمُعْتَدُوْنَ ﴿١٠﴾ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا

زیادتی پر ﴿١٠﴾ سو اگر توبہ کریں اور قائم کریں

الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ

نماز اور دیتے رہیں زکوٰۃ تو تمھارے بھائی ہیں

فِي الدِّيْنِ ؕ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ

حکم شریعت میں اور ہم کھول کر بیان کرتے ہیں حکموں کو

يَّعْلَمُوْنَ ﴿١١﴾ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

جاننے والے لوگوں کے واسطے ﴿١١﴾ اور اگر وہ توڑ دیں اپنی قسمیں

مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ

عہد کرنے کے بعد اور عیب لگائیں

دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ

تمھارے دین میں تو لڑو کفر کے سرداروں سے بے شک

لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ﴿١٢﴾

ان کی قسمیں کچھ نہیں تاکہ وہ باز آئیں ﴿١٢﴾

اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

کیا نہیں لڑتے ایسے لوگوں سے جو توڑیں اپنی قسمیں

وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ

اور فکر میں رہیں کہ رسول کو نکال دیں اور

بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ

انہوں نے پہلے چھیڑ کی تم سے کیا ان سے ڈرتے ہو

فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ

سو اللہ کا ڈر چاہیے تم کو زیادہ اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣﴾ قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ

ایمان رکھتے ہو ﴿١٣﴾ لڑو ان سے تا عذاب دے اللہ ان کو

بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ

تمھارے ہاتھوں اور رسوا کرے اور تم کو ان پر

عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ

غالب کرے اور ٹھنڈے کرے دل

مُّؤْمِنِيْنَ ۙ﴿١٤﴾ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ؕ

مسلمان لوگوں کے ﴿١٤﴾ اور نکالے ان کے دل کی جلن

وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

اور اللہ توبہ نصیب کرے گا جس کو چاہے گا اور اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٥﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ

سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿١٥﴾ کیا تم یہ گمان کرتے ہو

تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

کہ چھوٹ جاؤ گے اور حالانکہ ابھی معلوم نہیں کیا اللہ نے

جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ

تم میں سے ان لوگوں کو جنہوں نے جہاد کیا ہے اور نہیں پکڑا انہوں نے

دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ

سوائے اللہ کے اور اس کے رسول کے اور مسلمانوں کے

وَلِيْجَةً ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا

کسی کو بھیدی اور اللہ کو خبر ہے جو

ع ٢ ١٠ ٨ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾ ع مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ

تم کر رہے ہو ﴿١٦﴾ مشرکوں کا کام نہیں

اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ

کہ آباد کریں اللہ کی مسجدیں اور تسلیم کر رہے ہوں

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ

اپنے اوپر کفر کو وہ لوگ

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚ ۖ وَفِى النَّارِ هُمْ

خراب گئے ان کے عمل اور آگ میں رہیں گے

خٰلِدُوْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ

وہ ہمیشہ ﴿١٧﴾ وہی آباد کرتا ہے مسجدیں اللہ کی

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ

جو یقین لایا اللہ پر اور آخرت کے دن پر اور قائم کیا

الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ

نماز کو اور دیتا رہا زکوٰۃ اور نہ ڈرا

اِلَّا اللّٰهَ ؕ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا

سوائے اللہ کے کسی سے، سو امیدوار ہیں وہ لوگ کہ ہو ویں

مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٨﴾ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ

ہدایت والوں میں ﴿١٨﴾ کیا تم نے کر دیا

الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

حاجیوں کا پانی پلانا اور مسجد الحرام کا بسانا

كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

برابر اس کے جو یقین لایا اللہ پر اور آخرت کے دن پر

وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ

اور لڑا اللہ کی راہ میں یہ برابر نہیں ہیں

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

اللہ کے نزدیک اور اللہ راستہ نہیں دیتا

الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٩﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا

ظالم لوگوں کو ﴿١٩﴾ جو ایمان لائے اور گھر چھوڑ آئے

وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ

اور لڑے اللہ کی راہ میں اپنے مال

وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

اور جان سے ان کے لیے بڑا درجہ ہے اللہ کے ہاں

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿٢٠﴾ يُبَشِّرُهُمْ

اور وہی مراد کو پہنچنے والے ہیں ﴿٢٠﴾ خوش خبری دیتا ہے ان کو

رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ

پروردگار ان کا اپنی طرف سے مہربانی کی اور رضامندی کی اور باغوں کی

لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿٢١﴾ ۙ خٰلِدِيْنَ

کہ جن میں ان کو آرام ہے ہمیشہ کا ﴿٢١﴾ رہا کریں

فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ

ان میں مدام بے شک اللہ کے پاس

اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٢﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بڑا ثواب ہے ﴿٢٢﴾ اے ایمان والو

لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ

مت پکڑو اپنے باپوں کو اور بھائیوں کو رفیق

اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ

اگر وہ عزیز رکھیں کفر کو ایمان سے

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اور جو تم میں ان کی رفاقت کرے سو وہی لوگ ہیں

الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٣﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ

گناہ گار ﴿٢٣﴾ تو کہہ دے اگر تمھارے باپ

وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ

اور بیٹے اور بھائی اور عورتیں

وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا

اور برادری اور مال جو تم نے کمائے ہیں

وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ

اور سوداگری جس کے بند ہونے سے تم ڈرتے ہو اور حویلیاں

تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

جن کو پسند کرتے ہو تم کو زیادہ پیاری ہیں اللہ سے

وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا

اور اس کے رسول سے اور لڑنے سے اس کی راہ میں تو انتظار کرو

حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ

یہاں تک کہ بھیجے اللہ اپنا حکم اور اللہ

ع ٣ ٨ ٩ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٤﴾ ع لَقَدْ

راستہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو ﴿٢٤﴾ مدد

نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ

کرچکا ہے اللہ تمھاری بہت میدانوں میں

وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ

اور حنین کے دن جب خوش ہوئے تم اپنی کثرت پر

فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ

پھر وہ کچھ کام نہ آئی تمھارے اور تنگ ہوگئی

عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ

تم پر زمین باوجود اپنی فراخی کے پھر

وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ۚ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ

ہٹ گئے تم پیٹھ دے کر ﴿٢٥﴾ پھر اتاری اللہ نے

سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

اپنی طرف سے تسکین اپنے رسول پر اور ایمان والوں پر

وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۚ وَعَذَّبَ

اور اتاریں فوجیں کہ جن کو تم نے نہیں دیکھا اور عذاب دیا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ

کافروں کو اور یہی سزا ہے

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ

منکروں کی ﴿٢٦﴾ پھر توبہ نصیب کرے گا اللہ

بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

اس کے بعد جس کو چاہے اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

بخشنے والا مہربان ہے ﴿٢٧﴾ اے ایمان والو

اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ

مشرک جو ہیں سو پلید ہیں

فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ

سو نزدیک نہ آنے پائیں مسجد الحرام کے

عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً

اس برس کے بعد اور اگر تم ڈرتے ہو فقر سے

فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ

تو آئندہ غنی کر دے گا تم کو اللہ اپنے فضل سے

اِنْ شَآءَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٨﴾

اگر چاہے بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿٢٨﴾

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

لڑو ان لوگوں سے جو ایمان نہیں لاتے اللہ پر

وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا

اور نہ آخرت کے دن پر اور نہ حرام جانتے ہیں اس کو

حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ

جس کو حرام کیا اللہ نے اور اس کے رسول نے اور نہ قبول کرتے ہیں

دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

دین سچا ان لوگوں میں سے جو کہ

الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ

اہل کتاب ہیں یہاں تک کہ وہ جزیہ دیں

يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٢٩﴾ ع وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ ع ١٠ ٥

اپنے ہاتھ سے ذلیل ہو کر ﴿٢٩﴾ اور یہود نے کہا

عُزَيْرُ ۨ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى

کہ عزیز اللہ کا بیٹا ہے اور نصاریٰ نے کہا

الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ

کہ مسیح اللہ کا بیٹا ہے یہ باتیں کہتے ہیں

بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ

اپنے منہ سے، ریس کرنے لگے

كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ

اگلے کافروں کی بات کی ہلاک کرے ان کو اللہ

اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٠﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ

کہاں سے پھرے جاتے ہیں ﴿٣٠﴾ ٹھہرا لیا اپنے عالموں

وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اور درویشوں کو خدا اللہ کو چھوڑ کر

وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا

اور مسیح مریم کے بیٹے کو بھی اور ان کو حکم یہی ہوا تھا کہ

لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ

بندگی کریں ایک معبود کی، کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا

سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٣١﴾ يُرِيْدُوْنَ

وہ پاک ہے ان کے شریک بتلانے سے ﴿٣١﴾ چاہتے ہیں

اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ

کہ بجھا دیں روشنی اللہ کی اپنے منہ سے

وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ

اور اللہ نہ رہے گا بدون پورا کیے اپنی روشنی کے

وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٣٢﴾ هُوَ الَّذِيْٓ

اور پڑے برا مانیں کافر ﴿٣٢﴾ اسی نے

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ

بھیجا اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین

الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ

دے کر تاکہ اس کو غلبہ دے ہر دین پر اور پڑے

كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

برا مانیں مشرک ﴿٣٣﴾ اے

النصف

اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ

ایمان والو بہت سے عالم

وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ

اور درویش اہل کتاب کے کھاتے ہیں مال لوگوں کے

بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ

ناحق اور روکتے ہیں اللہ کی راہ

اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ

سے اور جو لوگ گاڑھ کر رکھتے ہیں سونا

وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ

اور چاندی اور اس کو خرچ نہیں کرتے

اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ ﴿٣٤﴾

اللہ کی راہ میں سو ان کو خوش خبری سنا دے عذاب دردناک کی ﴿٣٤﴾

يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ

جس دن کہ آگ دہکائیں گے اس مال پر دوزخ کی

فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ

پھر داغیں گے اس سے ان کے ماتھے اور کروٹیں

وَظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ

اور پیٹھیں (کہا جائے گا) یہ ہے جو تم نے گاڑھ کر رکھا تھا

لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ

اپنے واسطے اب مزہ چکھو اپنے

تَكْنِزُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ

گاڑھنے کا ﴿٣٥﴾ مہینوں کی گنتی اللہ کے نزدیک

اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ

بارہ مہینے ہیں اللہ کے حکم میں

يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ

جس دن اس نے پیدا کیے تھے آسمان اور زمین ان میں

اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ

چار مہینے ہیں ادب کے یہی ہے سیدھا دین

فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ ۚ وَقَاتِلُوا

سو ان میں ظلم مت کرو اپنے اوپر اور لڑو

الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ

سب مشرکوں سے ہر حال میں جیسے وہ لڑتے ہیں تم

كَآفَّةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ

سب سے ہر حال میں اور جان لو کہ اللہ ساتھ ہے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٦﴾ اِنَّمَا النَّسِيْۗءُ زِيَادَةٌ

ڈرنے والوں کے ﴿٣٦﴾ یہ جو مہینہ ہٹا دینا ہے سو بڑھائی ہوئی بات ہے

فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کفر کے عہد میں گمراہی میں پڑتے ہیں اس سے کافر

يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا

حلال کر لیتے ہیں اس مہینہ کو ایک برس اور حرام رکھتے ہیں دوسرے برس

لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا

تاکہ پوری کر لیں گنتی ان مہینوں کی جو اللہ نے ادب کیلئے رکھے ہیں پھر حلال کر لیتے ہیں

مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ

جو مہینہ اللہ نے حرام کیا بھلے کر دیے گئے ان کی نظر میں ان کے

اَعْمَالِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ

برے کام، اور اللہ راستہ نہیں دیتا

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٧﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع ٥ ٨ ١١

کافر لوگوں کو ﴿٣٧﴾ اے ایمان والو!

مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِىْ

تم کو کیا ہوا جب تم سے کہا جاتا ہے کہ کوچ کرو

سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ

اللہ کی راہ میں تو گرے جاتے ہو زمین پر

اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ

کیا خوش ہوگئے دنیا کی زندگی پر

الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

آخرت کو چھوڑ کر سو کچھ نہیں نفع اٹھانا دنیا کی زندگی کا

فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿٣٨﴾ اِلَّا تَنْفِرُوْا

آخرت کے مقابلہ میں مگر بہت تھوڑا ﴿٣٨﴾ اگر تم نہ نکلو گے

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ

تو دے گا تم کو عذاب دردناک اور بدلے میں لائے گا

قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ؕ

اور لوگ تمھارے سوا اور کچھ نہ بگاڑ سکو گے تم اس کا

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٣٩﴾ اِلَّا

اور اللہ سب چیز پر قادر ہے ﴿٣٩﴾ اگر

تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ

تم نہ مدد کرو گے رسول کی تو اس کی مدد کی ہے اللہ نے جس وقت

اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ

اس کو نکالا تھا کافروں نے کہ وہ دوسرا تھا دو میں کا

اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ

جب وہ دونوں تھے غار میں جب وہ کہہ رہا تھا اپنے رفیق سے

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ

تو غم نہ کھا بےشک اللہ ہمارے ساتھ ہے پھر

اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ

اللہ نے اتاری اپنی طرف سے اس پر تسکین اور اس کی مدد کو وہ فوجیں بھیجیں

لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ

کہ تم نے نہیں دیکھیں اور نیچے ڈالی بات

كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ

کافروں کی اور اللہ کی بات ہمیشہ

الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٤٠﴾

اوپر ہے اور اللہ زبردست ہے حکمت والا ﴿٤٠﴾

اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا

نکلو ہلکے اور بوجھل اور لڑو

بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ

اپنے مال سے اور جان سے

اللّٰهِ ط ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

اللہ کی راہ میں یہ بہتر ہے تمھارے حق میں اگر تم کو

تَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا

سمجھ ہے ﴿٤١﴾ اگر مال ہوتا نزدیک اور سفر

قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ

ہلکا تو وہ لوگ ضرور تیرے ساتھ ہو لیتے لیکن لمبی نظر آئی

عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ط وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ

ان کو مسافت اور اب قسمیں کھائیں گے اللہ کی

لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ج يُهْلِكُوْنَ

کہ اگر ہم سے ہو سکتا تو ہم ضرور چلتے تمھارے ساتھ وبال میں ڈالتے ہیں

اَنْفُسَهُمْ ج وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٤٢﴾ ع ٦ ع ٥ ١٢

اپنی جانوں کو اور اللہ جانتا ہے کہ وہ جھوٹے ہیں ﴿٤٢﴾

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ج لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى

اللہ بخشے تجھ کو کیوں رخصت دے دی تو نے ان کو یہاں تک کہ

يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ

ظاہر ہوجاتے تجھ پر سچ کہنے والے اور جان لیتا تو

الْكٰذِبِيْنَ ﴿٤٣﴾ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ

جھوٹوں کو ﴿٤٣﴾ نہیں رخصت مانگتے تجھ سے وہ لوگ جو

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا

ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر اس سے کہ لڑیں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

اپنے مال اور جان سے اور اللہ خوب جانتا ہے

بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٤﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ

ڈر والوں کو ﴿٤٤﴾ رخصت وہی مانگتے ہیں تجھ سے جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

نہیں ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر

وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ

اور شک میں پڑے ہیں دل ان کے سو وہ اپنے شک ہی میں

يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ

بھٹک رہے ہیں ﴿٤٥﴾ اور اگر وہ چاہتے نکلنا

لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ

تو ضرور تیار کرتے کچھ سامان اس کا لیکن پسند نہ کیا اللہ نے

انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا

ان کا اٹھنا سو روک دیا ان کو اور حکم ہوا کہ بیٹھے رہو

مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿٤٦﴾ لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ

ساتھ بیٹھنے والوں کے ﴿٤٦﴾ اگر نکلتے تم میں

مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاْ اَوْضَعُوْا

تو کچھ نہ بڑھاتے تمھارے لیے مگر خرابی اور گھوڑے دوڑاتے

خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ

تمھارے اندر بگاڑ کروانے کی تلاش میں اور تم میں

سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٧﴾

بعضے جاسوس ہیں ان کے اور اللہ خوب جانتا ہے ظالموں کو ﴿٤٧﴾

لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا

وہ تلاش کرتے رہے ہیں بگاڑ کی پہلے سے اور الٹتے رہے ہیں

لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ

تیرے کام یہاں تک کہ آپہنچا سچا وعدہ اور غالب ہوا

اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ

حکم اللہ کا اور وہ ناخوش ہی رہے ﴿٤٨﴾ اور بعضے ان میں

يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ؕ اَلَا فِي

کہتے ہیں مجھ کو رخصت دے اور گمراہی میں نہ ڈال، سنتا ہے

الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ

وہ تو گمراہی میں پڑچکے ہیں اور بے شک دوزخ گھیر رہی ہے

بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿٤٩﴾ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ

کافروں کو ﴿٤٩﴾ اگر تجھ کو پہنچے کوئی خوبی

تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا

تو وہ بری لگتی ہے ان کو اور اگر پہنچے کوئی سختی تو کہتے ہیں

قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا

ہم نے تو سنبھال لیا تھا اپنا کام پہلے ہی اور پھر کر جائیں

وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ﴿٥٠﴾ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ

خوشیاں کرتے ﴿٥٠﴾ تو کہہ دے ہم کو ہرگز نہ پہنچے گا

اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ

مگر وہی جو لکھ دیا اللہ نے ہمارے لیے وہی ہے کارساز ہمارا

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿٥١﴾ قُلْ

اور اللہ ہی پر چاہیے کہ بھروسہ کریں مسلمان ﴿٥١﴾ تو کہہ دے

هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ؕ

تم کیا امید کرو گے ہمارے حق میں مگر دو خوبیوں میں سے ایک کی

وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ

اور ہم امیدوار ہیں تمہارے حق میں کہ ڈالے تم پر

اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۖ فَ

اللہ کوئی عذاب اپنے پاس سے یا ہمارے ہاتھوں

فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿٥٢﴾

سو منتظر رہو ہم بھی تمھارے ساتھ منتظر ہیں ﴿٥٢﴾

قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ

کہہ دے کہ مال خرچ کرو خوشی سے یا ناخوشی سے ہرگز قبول نہ ہوگا

مِنْكُمْ ؕ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٥٣﴾

تم سے بے شک تم نافرمان لوگ ہو ﴿٥٣﴾

وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ

اور موقوف نہیں ہوا قبول ہونا ان کے خرچ کا

اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ

مگر اسی بات پر کہ وہ منکر ہوئے اللہ سے اور اسکے رسول سے، اور نہیں آتے

الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ

نماز کو مگر ہارے جی سے اور خرچ نہیں کرتے

اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿٥٤﴾ فَلَا تُعْجِبْكَ

مگر برے دل سے ﴿٥٤﴾ سو تو تعجب نہ کر

اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ

ان کے مال اور اولاد سے یہی چاہتا ہے

اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اللہ کہ ان کو عذاب میں رکھے ان چیزوں کی وجہ سے دنیا کی زندگی میں

وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٥٥﴾

اور نکلے ان کی جان اور وہ اس وقت تک کافر ہی رہیں ﴿٥٥﴾

وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ

اور قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی کہ وہ بے شک تم میں ہیں

وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ

اور وہ تم میں نہیں ولیکن وہ لوگ

يَّفْرَقُوْنَ ﴿٥٦﴾ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ

ڈرتے ہیں تم سے ﴿٥٦﴾ اگر وہ پائیں کوئی پناہ کی جگہ یا

مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ

غار یا سر گھسانے کو جگہ تو الٹے بھاگیں اسی طرف

يَجْمَحُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ

رسیاں تڑاتے ﴿٥٧﴾ اور بعضے ان میں وہ ہیں کہ تجھ کو طعن دیتے ہیں

فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا

خیرات بانٹنے میں سو اگر ان کو ملے اس میں سے

رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ

تو راضی ہوں اور اگر نہ ملے تو جبھی وہ

يَسْخَطُوْنَ ﴿٥٨﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا

ناخوش ہوجائیں ﴿٥٨﴾ اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ راضی ہوجاتے

مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا

اسی پر جو دیا ان کو اللہ نے اور اس کے رسول نے اور کہتے

حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ

کافی ہے ہم کو اللہ وہ دے گا ہم کو

فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ

اپنے فضل سے اور اس کا رسول ہم کو تو اللہ ہی

ع ١٧ ١٣

رٰغِبُوْنَ ﴿٥٩﴾ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ

چاہیے ﴿٥٩﴾ زکوٰۃ جو ہے وہ حق ہے مفلسوں کا

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا

اور محتاجوں کا اور زکوٰۃ کے کام پر جانے والوں کا

وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ

اور جن کا دل پر چانا منظور ہے اور گردنوں کے چھڑانے میں

وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ

اور جو تاوان بھریں اور اللہ کے راستہ میں اور

السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

راہ کے مسافر کو ٹھہرایا ہوا ہے اللہ کا اور اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٠﴾ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ

سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿٦٠﴾ اور بعضے ان میں

يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ

بدگوئی کرتے ہیں نبی کی اور کہتے ہیں کہ یہ شخص تو کان ہے

قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

تو کہہ کان ہے تمھارے بھلے کے واسطے یقین رکھتا ہے اللہ پر

وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ

اور یقین کرتا ہے مسلمانوں کی بات کا اور رحمت ہے

اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ

ایمان والوں کے حق میں تم میں سے اور جو لوگ بدگوئی کرتے ہیں

رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦١﴾

اللہ کے رسول کی ان کے لیے عذاب ہے دردناک ﴿٦١﴾

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ

قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی تمھارے آگے تاکہ تم کو راضی کریں

وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ

اور اللہ کو اور اس کے رسول کو بہت ضرور ہے راضی کرنا

اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا

اگر وہ ایمان رکھتے ہیں ﴿٦٢﴾ کیا وہ جان نہیں چکے

الثلثة

اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ

کہ جو کوئی مقابلہ کرے اللہ سے اور اس کے رسول سے تو

لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ؕ

اس کے واسطے ہے دوزخ کی آگ سدا رہے اس میں

ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٣﴾ يَحْذَرُ

یہی ہے بڑی رسوائی ﴿٦٣﴾ ڈرا کرتے ہیں

الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ

منافق اس بات سے کہ نازل ہو مسلمانوں پر ایسی سورت

تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ

کہ جتا دے ان کو جو ان کے دل میں ہے تو کہہ دے

اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا

ٹھٹھے کرتے رہو اللہ کھول کر رہے گا اس چیز کو

تَحْذَرُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ

جس کا تم کو ڈر ہے ﴿٦٤﴾ اور اگر تو ان سے پوچھے

لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ

تو وہ کہیں گے ہم تو بات چیت کرتے تھے اور دل لگی

قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ

تو کہہ کیا اللہ سے اور اس کے حکموں سے اس کے رسول سے تم

تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦٥﴾ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ

ٹھٹھے کرتے تھے ﴿٦٥﴾ بہانے مت بناؤ

كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ

تم تو کافر ہوگئے اظہار ایمان کے پیچھے اگر ہم معاف کردیں گے

عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً ۙ

تم میں سے بعضوں کو تو البتہ عذاب بھی دیں گے بعضوں کو

بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٦٦﴾ ع اَلْمُنٰفِقُوْنَ ع ٨ ١٤

اس سبب سے کہ وہ گناہ گار تھے ﴿٦٦﴾ منافق مرد

وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ وقف لازم

اور منافق عورتوں سب کی ایک چال ہے

يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ

سکھائیں بات بری اور چھڑائیں

الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا

بات بھلی اور بند رکھیں اپنی مٹھی بھول گئے

اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ

اللہ کو سو وہ بھول گیا ان کو تحقیق منافق

الْفٰسِقُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ

وہی ہیں نافرمان ﴿٦٧﴾ وعدہ دیا ہے اللہ نے منافق مرد

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ

اور منافق عورتوں کو اور کافروں کو دوزخ کی آگ کا

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ

پڑے رہیں گے اس میں وہی بس ہے ان کو اور اللہ نے ان کو پھٹکار دیا

اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٦٨﴾ كَالَّذِيْنَ

اور ان کے لیے عذاب ہے برقرار رہنے والا ﴿٦٨﴾ جس طرح

مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً

تم سے اگلے لوگ زیادہ تھے تم سے زور میں

وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ؕ فَاسْتَمْتَعُوْا

اور زیادہ رکھتے تھے مال اور اولاد پھر فائدہ اٹھا گئے

بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ

اپنے حصہ سے پھر فائدہ اٹھایا تم نے اپنے حصہ سے

كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

جیسے فائدہ اٹھا گئے تم سے اگلے

بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ

اپنے حصہ سے اور تم بھی چلتے ہو انہی کی سی چال

اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

وہ لوگ مٹ گئے ان کے عمل دنیا میں

وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٩﴾

اور آخرت میں اور وہی لوگ پڑے نقصان میں ﴿٦٩﴾

اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

کیا پہنچی نہیں ان کو خبر ان لوگوں کی جو ان سے پہلے تھے

قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ

قوم نوح کی اور عاد کی اور ثمود کی اور قوم ابراہیم کی

وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ اَتَتْهُمْ

اور مدین والوں کی اور ان بستیوں کی خبر جو الٹ دی گئی تھیں پہنچے انکے پاس

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ

ان کے رسول صاف حکم لے کر سو اللہ

لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا لیکن وہ اپنے اوپر آپ

يَظْلِمُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ

ظلم کرتے تھے ﴿٧٠﴾ اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں

بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ

ایک دوسرے کی مددگار ہیں، سکھلاتے ہیں

وقف لازم

بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

نیک بات اور منع کرتے ہیں بری بات سے

وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

اور قائم رکھتے ہیں نماز اور دیتے ہیں زکوٰۃ

وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ

اور حکم پر چلتے ہیں اللہ کے اور اس کے رسول کے وہی لوگ ہیں

سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

جن پر رحم کرے گا اللہ بےشک اللہ زبردست ہے

حَكِيْمٌ ﴿٧١﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

حکمت والا ﴿٧١﴾ وعدہ دیا ہے اللہ نے ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

باغوں کا کہ بہتی ہیں نیچے ان کے نہریں رہا کریں

فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ

انہی میں اور ستھرے مکانوں کا رہنے کے باغوں میں

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

اور رضامندی اللہ کی ان سب سے بڑی ہے یہی ہے

الْعَظِيْمُ ﴿٧٢﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ ع ٩ ع ٦ ١٥

بڑی کامیابی ﴿٧٢﴾ اے نبی لڑائی کر کافروں سے

وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ

اور منافقوں سے اور تند خوئی کر ان پر اور ان کا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٧٣﴾ يَحْلِفُوْنَ

دوزخ ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے ﴿٧٣﴾ قسمیں کھاتے ہیں

بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ

اللہ کی کہ ہم نے نہیں کہا اور بے شک کہا ہے انہوں نے لفظ کفر کا

وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا

اور منکر ہوگئے مسلمان ہو کر اور قصد کیا تھا اس چیز کا

لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ

جو ان کو نہ ملی اور یہ سب کچھ اسی کا بدلہ تھا کہ

اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ

دولت مند کر دیا ان کو اللہ نے اور اس کے رسول نے اپنے فضل سے

فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ

سو اگر توبہ کرلیں تو بھلا ہے ان کے حق میں اور اگر

يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا

نہ مانیں گے تو عذاب دے گا ان کو اللہ عذاب دردناک

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ

دنیا اور آخرت میں اور نہیں ان کا روئے زمین پر

مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٧٤﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ

کوئی حمایتی اور نہ مددگار ﴿٧٤﴾ اور بعضے ان میں وہ ہیں کہ

عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ

عہد کیا تھا اللہ سے اگر دیوے ہم کو اپنے فضل سے

لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾

تو ہم ضرور خیرات کریں اور ہو رہیں ہم نیکی والوں میں ﴿٧٥﴾

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ

پھر جب دیا ان کو اپنے فضل سے تو اس میں بخل کیا

وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٧٦﴾ فَاَعْقَبَهُمْ

اور پھر گئے ٹلا کر ﴿٧٦﴾ پھر اس کا اثر رکھ دیا

نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ

نفاق ان کے دلوں میں جس دن تک کہ وہ اس سے ملیں گے اس وجہ سے

اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا

کہ انہوں نے خلاف کیا اللہ سے جو وعدہ اس سے کیا تھا، اور اس وجہ سے

يَكْذِبُوْنَ ﴿٧٧﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

کہ بولتے تھے جھوٹ ﴿٧٧﴾ کیا وہ جان نہیں چکے کہ اللہ

يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ

جانتا ہے ان کا بھید اور ان کا مشورہ اور یہ کہ اللہ

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿٧٨﴾ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ

خُوب جانتا ہے سب چھپی باتوں کو ﴿٧٨﴾ وہ لوگ جو طعن کرتے ہیں

الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ

ان مسلمانوں پر جو دل کھول کر خیرات کرتے ہیں

وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ

اور ان پر جو نہیں رکھتے مگر اپنی محنت کا

فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ؕ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۫

پھر ان پر ٹھٹھے کرتے ہیں اللہ نے ان سے ٹھٹھا کیا ہے

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٩﴾ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ

اور ان کے لیے عذاب دردناک ہے ﴿٧٩﴾ تو ان کے لیے بخشش مانگ

اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ

یا نہ مانگ اگر ان کے لیے

سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ

ستر بار بخشش مانگے تو بھی ہرگز نہ بخشے گا ان کو اللہ

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ

یہ اس واسطے کہ وہ منکر ہوئے اللہ سے اور اس کے رسول سے

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ع ﴿٨٠﴾ غ ٨ ١٦

اور اللہ راستہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو ﴿٨٠﴾

فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ

خوش ہوگئے پیچھے رہنے والے اپنے بیٹھ رہنے سے جدا ہو کر

رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا

رسول اللہ سے اور گھبرائے اس سے کہ لڑیں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اپنے مال سے اور جان سے اللہ کی راہ میں

وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ط قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ

اور بولے کہ مت کوچ کرو گرمی میں تو کہہ دوزخ کی آگ

اَشَدُّ حَرًّا ط لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨١﴾

سخت گرم ہے اگر ان کو سمجھ ہوتی ﴿٨١﴾

فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ج

سو وہ ہنس لیویں تھوڑا اور روویں بہت سا

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٢﴾

بدلہ اس کا جو وہ کماتے تھے ﴿٨٢﴾

فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ

سو اگر پھر لے جائے تجھ کو اللہ کسی فرقہ کی طرف

مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ

ان میں سے پھر اجازت چاہیں تجھ سے نکلنے کی تو تو کہہ دینا

لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا

کہ تم ہرگز نہ نکلو گے میرے ساتھ کبھی اور نہ لڑو گے

مَعِيَ عَدُوًّا ؕ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ

میرے ساتھ ہو کر کسی دشمن سے تم کو پسند آیا

بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ

بیٹھ رہنا پہلی بار سو بیٹھے رہو

الْخٰلِفِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ

پیچھے رہنے والوں کے ساتھ ﴿٨٣﴾ اور نماز نہ پڑھ

مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ

ان میں سے کسی پر جو مرجائے اور کبھی نہ کھڑا ہو

عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ

اس کی قبر پر وہ منکر ہوئے اللہ سے

وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٨٤﴾

اور اس کے رسول سے اور وہ مرگئے نافرمان ﴿٨٤﴾

وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ؕ

اور تعجب نہ کر ان کے مال اور اولاد سے

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا

اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ عذاب میں رکھے ان کو ان چیزوں کے باعث

فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ

دنیا میں اور نکلے ان کی جان اور وہ اس وقت

كٰفِرُوْنَ ﴿٨٥﴾ وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ

تک کافر ہی رہیں ﴿٨٥﴾ اور جب نازل ہوتی ہے کوئی سورت کہ

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ

ایمان لاؤ اللہ پر اور لڑائی کرو اس کے رسول کے ساتھ ہو کر

اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا

جو تجھ سے رخصت مانگتے ہیں مقدور والے ان کے اور کہتے ہیں

ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿٨٦﴾ رَضُوْا

ہم کو چھوڑ دے کہ رہ جائیں ساتھ بیٹھنے والوں کے ﴿٨٦﴾ خوش ہوئے

بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ

کہ رہ جائیں پیچھے رہنے والی عورتوں کے ساتھ اور مہر کر دی گئی

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨٧﴾

ان کے دل پر سو وہ نہیں سمجھتے ﴿٨٧﴾

لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

لیکن رسول اور جو لوگ ایمان لائے ہیں ساتھ اس کے

جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ

وہ لڑے ہیں اپنے مال اور جان سے

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۚ وَاُولٰٓئِكَ

اور انہی کے لیے ہیں خوبیاں اور وہی ہیں

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٨٨﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

مراد کو پہنچنے والے ﴿٨٨﴾ تیار کر رکھے ہیں اللہ نے ان کے واسطے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

باغ کہ بہتی ہیں نیچے ان کے نہریں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ

رہا کریں ان میں یہی ہے بڑی

الْعَظِيْمُ ﴿٨٩﴾ ع وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ ع ١١ ٩ ١٧

کامیابی ﴿٨٩﴾ اور آئے بہانے کرنے والے

مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ

گنوار تاکہ ان کو رخصت مل جائے اور بیٹھ رہے

الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ

جنہوں نے جھوٹ بولا تھا اللہ سے اور اس کے رسول سے

سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ

اب پہنچے گا ان کو جو کافر ہیں ان میں

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٩٠﴾ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ

عذاب دردناک ﴿٩٠﴾ نہیں ہے ضعیفوں پر

وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ

اور نہ مریضوں پر اور نہ ان لوگوں پر

لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا

جن کے پاس نہیں ہے خرچ کرنے کو کچھ گناہ جب کہ

نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى

دل سے صاف ہوں اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ نہیں ہے

الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ

نیکی والوں پر الزام کی کوئی راہ اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩١﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا

بخشنے والا مہربان ہے ﴿٩١﴾ اور نہ ان لوگوں پر کہ جب

مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ

تیرے پاس آئے تو ان کو تو سواری دے تو نے کہا میرے پاس کوئی چیز

مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ص تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ

نہیں کہ تم کو اس پر سوار کر دوں تو لٹے پھرے اور ان کی آنکھوں سے

تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا

بہتے تھے آنسو اس غم میں کہ نہیں پاتے

مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿٩٢﴾ ط اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى

وہ چیز جو خرچ کریں ﴿٩٢﴾ راہ الزام کی تو ان پر ہے

الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ج

جو رخصت مانگتے ہیں تجھ سے، اور وہ مال دار ہیں

رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ لا وَطَبَعَ

خوش ہوئے اس بات سے کہ رہ جائیں ساتھ پیچھے رہنے والیوں کے اور مہر کر دی

اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٩٣﴾

اللہ نے ان کے دلوں پر سو وہ نہیں جانتے ﴿٩٣﴾

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ

بہانے لائیں گے تمھارے پاس جب تم پھر کر جاؤ گے

اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ

ان کی طرف تو کہہ بہانے مت بناؤ ہم ہرگز نہ مانیں گے

لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ

تمھاری بات ہم کو بتاچکا ہے اللہ تمھارے احوال

وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ

اور ابھی دیکھے گا اللہ تمھارے کام اور اس کا رسول پھر

تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

تم لوٹائے جاؤ گے طرف اس جاننے والے چھپے اور کھلے کی

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٤﴾

سو وہ بتائے گا تم کو جو تم کر رہے تھے ﴿٩٤﴾

سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ

اب قسمیں کھائیں گے اللہ کی تمھارے سامنے جب تم پھر کر جاؤ گے

اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا

ان کی طرف تاکہ تم ان سے درگزر کرو تو سو تم درگزر کرو

عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ۙ وَّمَاْوٰىهُمْ

ان سے بےشک وہ لوگ پلید ہیں اور ان کا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٥﴾

دوزخ ہے بدلہ ان کے کاموں کا ﴿٩٥﴾

يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ

وہ لوگ قسمیں کھائیں گے تمھارے سامنے تاکہ تم ان سے راضی ہوجاؤ سو اگر

تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ

تم راضی ہوگئے ان سے تو اللہ راضی نہیں ہوتا

الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٩٦﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ

نافرمان لوگوں سے ﴿٩٦﴾ گنوار (دیہاتی) بہت سخت ہیں

كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا

کفر میں اور نفاق میں اور اسی لائق ہیں کہ نہ سیکھیں

حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ

وہ قاعدے جو نازل کیے اللہ نے اپنے رسول پر

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٩٧﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ

اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿٩٧﴾ اور بعضے گنوار

مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ

ایسے ہیں کہ شمار کرتے ہیں اپنے خرچ کرنے کو تاوان اور انتظار کرتے ہیں

بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ

تم پر زمانہ کی گردشوں کا ان ہی پر آئے گردش بری

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٩٨﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ

اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے ﴿٩٨﴾ اور بعضے گنوار

مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ

وہ ہیں کہ ایمان لاتے ہیں اللہ پر اور قیامت کے دن پر اور شمار کرتے ہیں

مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

اپنے خرچ کرنے کو نزدیک ہونا اللہ سے اور دعا لینی

الرَّسُوْلِ ؕ اَلَاۤ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ

رسول کی سنتا ہے وہ ان کے حق میں نزدیکی ہے

سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

داخل کرے گا ان کو اللہ اپنی رحمت میں بے شک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٩﴾ ع وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ ع ١٢ ١٠ ١

بخشنے والا مہربان ہے ﴿٩٩﴾ اور جو لوگ قدیم ہیں سب سے پہلی

مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ

ہجرت کرنے والے اور مدد کرنے والے اور جو

اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ

ان کے پیرو ہوئے نیکی کے ساتھ اللہ راضی ہوا

عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ

ان سے اور وہ راضی ہوئے اس سے اور تیار کر رکھے ہیں واسطے ان کے باغ

تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ

کہ بہتی ہیں نیچے ان کے نہریں رہا کریں انہی میں

اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٠٠﴾ وَمِمَّنْ

ہمیشہ یہی ہے بڑی کامیابی ﴿١٠٠﴾ اور بعضے

حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛؕ مع

تمھارے گرد کے گنوار منافق ہیں

وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛؔ مَرَدُوْا عَلَى وقف منزل

اور بعضے لوگ مدینہ والے اڑ رہے ہیں

النِّفَاقِ قف لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ

نفاق پر تو ان کو نہیں جانتا ہم کو وہ معلوم ہیں

سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى

ان کو ہم عذاب دیں گے دوبارہ پھر وہ لوٹائے جائیں گے

عَذَابٍ عَظِيْمٍ ۚ ﴿١٠١﴾ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا

بڑے عذاب کی طرف ﴿١٠١﴾ اور بعضے لوگ ہیں اقرار کیا انہوں نے

بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ

اپنے گناہوں کا ملایا انہوں نے ایک کام نیک اور دوسرا

سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ

بد، قریب ہے کہ اللہ معاف کرے ان کو

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠٢﴾ خُذْ مِنْ

بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿١٠٢﴾ لے

اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ

ان کے مال میں سے زکوٰۃ کہ پاک کرے تو ان کو اور بابرکت کرے تو ان کو

بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ

اس کی وجہ سے اور دعا دے ان کو بے شک تیری دعا

سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١٠٣﴾

ان کے لیے تسکین ہے اور اللہ سب کچھ سنتا جانتا ہے ﴿١٠٣﴾

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ

